☆......☆......☆

مثالی سیٹ (۱)

(۱) الفوز الکبیر فی اصول التفسیر کن عالم دین نے تحریر کی؟

(ا) ابن تیمیہ (ب) ابن قیم

(ج) شاہ ولی اللہ (د) ابن حجر عسقلانی

(۲) شاہ ولی اللہ کی کتاب "الفوز الکبیر" کے پہلے باب کا عنوان ہے:

(ا) علوم خمسہ کے بیان میں (ب) فتح الخبیر

(ج) ناسخ و منسوخ (د) محکمات و متشابہات

(۳) شاہ ولی اللہ کی کتاب "الفوز الکبیر" کے پانچویں باب کا نام ہے؟

(ا) فتح الخبیر (ب) علوم خمسہ کے بیان میں

(ج) اسباب نزول (د) محکمات و متشابہات

(۴) رسول اکرم ﷺ نے اپنے کن صحابی کے بارے میں یہ دعا فرمائی تھی کہ: "اے اللہ ان کو دین کا فہم اور تفسیر قرآن میں بصیرت عطا کر۔"

(ا) حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ (د) حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ

(۵) "انوار التنزیل و اسرار التاویل" کے مؤلف کا نام ہے۔

(ا) امام زمخشری (ب) ابو بکر جصاص

(ج) امام رازی (د) قاضی بیضاوی

(۶) تاریخ انسانی میں انکارِ دعوت پر سب سے پہلا عذاب کن پیغمبر کی قوم پر آیا؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام (ب) حضرت صالح علیہ السلام

(ج) حضرت نوح علیہ السلام (د) حضرت شعیب علیہ السلام

(۷) حضرت آدم علیہ السلام کو فرشتوں پر برتری کس وجہ سے دی گئی؟

(ا) علم کی وجہ سے (ب) خوبصورتی کی وجہ سے

(ج) عمل کی وجہ سے (د) مٹی سے تخلیق ہونے کی وجہ سے

(۸) "اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ" کا لقب کس قوم کو دیا گیا ہے؟

(ا) قوم عاد (ب) قومِ ثمود
(ج) قوم حجر (د) اصحاب مدین

(۹) ﴿اَلَّذِیْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ﴾ کا لقب قرآن نے کس قوم کو دیا ہے؟

(ا) قوم ثمود (ب) قوم عاد
(ج) اصحاب مدین (د) بنی اسرائیل

(۱۰) کم تولنا، کم ناپنا، یہ برائی کن پیغمبر کی قوم میں سب سے زیادہ تھی؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام (ب) حضرت نوح علیہ السلام
(ج) حضرت شعیب علیہ السلام (د) حضرت یونس علیہ السلام

(۱۱) "ید بیضاء" کا معجزہ کن پیغمبر کو دیا گیا؟

(ا) حضرت ایوب علیہ السلام (ب) حضرت داؤد علیہ السلام
(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(۱۲) قرآن نے کن پیغمبر کے بارے میں یہ کہا ہے کہ وہ اپنی ذات میں پوری ایک امت تھے۔

(ا) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت ہود علیہ السلام
(ج) حضرت ایوب علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۱۳) کن نبی کا معجزہ تھا کہ وہ پیدائشی نابینا اور کوڑھ کے مرض کو ٹھیک کر دیتے تھے؟

(ا) حضرت ابراہیم علیہ السلام (ب) حضرت یعقوب علیہ السلام
(ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۱۴) یہودی مذہب کی مقدس کتاب "تالمود" میں عزیز مصر کی بیوی کا کیا نام درج ہے؟

(ا) آسیہ (ب) زلیخا
(ج) سکینہ (د) عاتکہ

(۱۵) کن پیغمبر کو یہ معجزہ دیا گیا کہ اُن کے ہاتھ میں لوہا نرم ہو جاتا تھا؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام (ب) حضرت شعیب علیہ السلام
(ج) حضرت داؤد علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۱۶) قرآن مجید نے "ذوالنون" کی نسبت کن پیغمبر کی طرف کی ہے؟

(ا) حضرت شعیب علیہ السلام (ب) حضرت یونس علیہ السلام
(ج) حضرت ایوب علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۱۷) سورۂ حدید میں دنیا کی زندگی کو قرار دیا گیا ہے۔

(ا) خوبصورت زندگی (ب) کھیل تماشا
(ج) دھوکا (د) مشکلات سے بھری زندگی

(۱۸) سب سے پہلی وحی کی آیات کا موضوع کیا ہے؟

(ا) توحید (ب) رسالت
(ج) اطاعت رسول ﷺ (د) علم کی فضیلت

(۱۹) قرآن مجید میں وہ کون سی سورت ہے جس کے آغاز میں بسم اللہ نہیں ہے؟

(ا) سورۂ مائدہ (ب) سورۂ توبہ
(ج) سورۂ نمل (د) سورۂ نحل

(۲۰) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟

(ا) حبیب اللہ (ب) خلیل اللہ
(ج) کلیم اللہ (د) سیف اللہ

(۲۱) "امام الناس" کن پیغمبر کا لقب ہے۔

(ا) حضرت آدم علیہ السلام (ب) حضرت ہود علیہ السلام
(ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۲۲) قرآنِ حکیم کا ثلث کس سورۂ کو کہا جاتا ہے؟

(ا) سورۂ اخلاص (ب) سورۂ کوثر
(ج) سورۂ رحمٰن (د) سورۂ نصر

(۲۳) "نزہۃ النظر فی توضیح نخبۃ الفکر" کے مصنف کا نام ہے۔

(ا) امام سیوطی (ب) ابن حجر عسقلانی
(ج) شاہ ولی اللہ (د) ابن قیم

(۲۴) وہ حدیث جس کو ایک ایسی جماعت روایت کرتی ہو جس کا جھوٹ پر متفق ہونا عقلاً و عادۃً محال ہو، اور وہ جماعت جس دوسری جماعت سے روایت کرتی ہو وہ بھی اسی طرح کی ہو اور یہ وصف سند کے آغاز، وسط اور آخر میں موجود رہے، اسے کہتے ہیں۔

(ا) مشہور (ب) عزیز
(ج) مرفوع (د) متواتر ✓

(۲۵) جب حدیث کے راویوں کی ایک جماعت ثقہ راویوں سے روایت کرنے میں شریک ہو تو ان کی روایت کردہ حدیث کو کہتے ہیں۔

(ا) مشہور ✓ (ب) عزیز
(ج) مرفوع (د) موقوف

(۲۶) حدیث کی وہ کتاب جس میں وہ احادیث جمع ہوں جو کسی مصنف کی شرائط کے مطابق ہوں مگر اس کی کتاب میں موجود نہ ہوں، اسے کہتے ہیں:

(ا) مستدرک ✓ (ب) معجم
(ج) جامع (د) مسند

(۲۷) حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم، ان چار صحابہ کو کہا جاتا ہے:

(ا) بزرگ صحابہ (ب) عبادلہ اربعہ ✓
(ج) مہاجرین صحابہ (د) مفسرین صحابہ

(۲۸) صحاح ستہ میں سے کس کتاب میں فقہی احادیث کا ذخیرہ زیادہ ہے؟

(ا) صحیح بخاری (ب) صحیح مسلم
(ج) سنن ابی داؤد ✓ (د) جامع ترمذی

(۲۹) حدیث کے مطابق انسانی جسم کا کون سا عضو اگر صحیح رہے تو سارا جسم صحیح رہتا ہے اور اگر اس میں فساد آ جائے تو سارا جسم فساد کا شکار ہو جاتا ہے۔

(ا) آنکھیں (ب) دماغ
(ج) معدہ (د) دل ✓

(۳۰) حدیث کے مطابق جس شخص کو اس کا عمل پیچھے چھوڑ گیا، اس کا

(ا) حسن اسے آگے نہیں بڑھائے گا (ب) مال اسے آگے نہیں بڑھائے گا
(ج) نسب اسے آگے نہیں بڑھائے گا ✓ (د) شہرت اسے آگے نہیں بڑھائے گی

(۳۱) فن فقہ کی کتاب ''اصول الشاشی'' کے مصنف کا نام ہے۔

(ا) نظام الدین شاشی ✓ (ب) امام الدین شاشی
(ج) جلال الدین شاشی (د) عماد الدین شاشی

(۳۲) ابن رشد کا تعلق کس فقہی مکتب فکر سے تھا؟

(ا) حنفی (ب) شافعی
(ج) حنبلی (د) مالکی ✓

(۳۳) ''بدایۃ المجتہد'' کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) ابن رشد ✓ (ب) امام غزالی
(ج) امام سیوطی (د) ابن کثیر

(۳۴) یہ کس کا قول ہے ''جو بات رسول اکرم ﷺ سے ثابت ہو وہ بسر و چشم قبول ہے''۔

(ا) امام مالک (ب) امام شافعی
(ج) امام ابوحنیفہ ✓ (د) امام احمد بن حنبل

(۳۵) جو شخص شروع سے آخر تک امام کے ساتھ نماز میں شریک رہا ہو اُسے اسلامی فقہ میں کیا نام دیا گیا ہے؟

(ا) مدرک ✓ (ب) نمازی
(ج) قیام کرنے والا (د) متقی

(۳۶) خانہ کعبہ کی تعمیر کرتے ہوئے بعثت نبوی ﷺ کے لیے کن پیغمبر نے دعا کی:

(ا) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت ہود علیہ السلام
(ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام ✓ (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۳۷) قریش کا مشہور عہدہ ''عقاب''، یعنی فوجی نشان کی علمداری، کس خاندان کے پاس تھا؟

(ا) بنو ہاشم (ب) بنو مخزوم
(ج) بنو اسد (د) بنو اُمیہ ✓

(۳۸) "اسواق العرب" سے مراد ہے:

(ا) عربوں کے بازار　(ب) عربوں کے اہم واقعات

(ج) عربوں کی یادگاریں　(د) عربوں کی تہذیب وثقافت

(۳۹) رسول اکرم ﷺ کے دادا حضرت عبدالمطلب کا اصل نام تھا۔

(ا) ہاشم　(ب) شیبہ

(ج) عبد مناف　(د) عمران

(۴۰) شام کے تجارتی سفر میں آپ ﷺ کی ملاقات کس عیسائی راہب سے ہوئی تھی؟

(ا) جوزف راہب　(ب) بحیرہ راہب

(ج) پیٹر راہب　(د) لوقا راہب

(۴۱) غارِ حراء کے واقعہ کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا آپ کو کس کے پاس لے کر گئی تھیں؟

(ا) ورقہ بن نوفل　(ب) زید بن عمرو

(ج) حضرت ابوطالب　(د) حضرت عباس بن عبدالمطلب

(۴۲) رسول اکرم ﷺ نے اہل مکہ کو پہلا وعظ کس پہاڑی پر کھڑے ہو کر کیا تھا؟

(ا) فاران کی پہاڑی　(ب) کوہ صفا

(ج) مروہ پہاڑی　(د) جبل ثور

(۴۳) "ذات النطاقین" کا معنی ہے:

(ا) دو کپڑوں والی　(ب) دو چراغوں والی

(ج) دو کمر بندوں والی　(د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۴۴) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو کس جگہ خلیفہ منتخب کیا گیا؟

(ا) مسجد نبوی ﷺ میں　(ب) ثقیفہ بنی ساعدہ میں

(ج) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے گھر میں　(د) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے گھر میں

(۴۵) وہ کون سے صحابی رسول ﷺ ہیں جن کی سب سے زیادہ آراء کے موافق قرآنی آیات نازل ہوئیں؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۶) کن خلیفہ راشد نے پوری امت کو قرآن کی ایک قراءت پر جمع کر دیا۔

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۷) یہ کس امام کا قول ہے: "خلافت نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو زینت نہیں بخشی بلکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خلافت کو زینت بخشی ہے۔

(ا) امام ابوحنیفہ　(ب) امام مالک

(ج) امام شافعی　(د) امام احمد بن حنبل

(۴۸) ہندو مذہب انسانوں کو کتنی ذاتوں میں تقسیم کرتا ہے؟

(ا) دو　(ب) تین

(ج) چار　(د) پانچ

(۴۹) مہاتما گاندھی کو شہرت حاصل ہے۔

(ا) نظریہ اہنسا کی وجہ سے　(ب) علم کی وجہ سے

(ج) عمل کی وجہ سے　(د) شدت پسندی کی وجہ سے

(۵۰) بدھ مت کی بنیاد رکھی گئی ہے۔

(ا) دو سچائیوں پر　(ب) تین سچائیوں پر

(ج) چار سچائیوں پر　(د) پانچ سچائیوں پر

(۵۱) "دیپ والی روشنیوں کا تہوار" کس مذہب میں منایا جاتا ہے؟

(ا) ہندو مت　(ب) بدھ مت

(ج) سکھ مت　(د) جین مت

(۵۲) "آہورا مزدا" اور "اہرمن" کا تصور کس مذہب میں پایا جاتا ہے؟

(ا) ہندو مذہب　(ب) جین مت

(ج) یہودیت　(د) زرتشتیت

(۵۳) "یوم السبت" کس مذہب کا تہوار ہے؟

(ا) عیسائیت　(ب) ہندو مت

(ج) بدھ مت　(د) یہودیت

(۵۴) ''اقانیم ثلاثہ'' سے مراد ہے؟

(ا) باپ، بیٹا، روح القدس (ب) تین تلواریں

(ج) تین ارواح (د) روح القدس

(۵۵) وہ کون سا ماہر معاشیات ہے جو اپنے نظریہ آبادی کی وجہ سے مشہور ہوا؟

(ا) ایڈم سمتھ (ب) الفریڈ مارشل

(ج) ریکارڈو (د) تھامس رابرٹ مالتھس

(۵۶) ''نظریہ قدر زائد'' کس نے پیش کیا؟

(ا) افلاطون (ب) ایڈم سمتھ

(ج) لینن (د) کارل مارکس

(۵۷) وراثت کے علم کو فقہی اصطلاح میں کہا جاتا ہے؟

(ا) علم الفرائض (ب) علم ریاضی

(ج) علم معیشت (د) علم ہدایت

(۵۸) کاشتکاروں سے جو شرعی ٹیکس وصول کیا جاتا ہے اسے کہتے ہیں:

(ا) مال غنیمت (ب) زکوٰۃ

(ج) عشر (د) مال فئے

(۵۹) امام ابو یوسف نے کتاب الخراج کس خلیفہ کے دور میں تحریر کی؟

(ا) ابو جعفر منصور (ب) مامون الرشید

(ج) معتصم باللہ (د) ہارون الرشید

(۶۰) یہ کس سائنس دان کا قول ہے کہ: ''دنیا میں کوئی مرض ایسا نہیں ہے جس کی دوا اللہ تعالیٰ نے پیدا نہ کی ہو''

(ا) بقراط (ب) ابوالقاسم الزہراوی

(ج) ابن سینا (د) محمد بن زکریا رازی

(۶۱) ''جامع بیان العلم وفضلہ'' کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن عبدالبر (ب) ابن تیمیہ

(ج) امام سیوطی (د) خیرالدین الزرکلی

(۶۲) وہ کون سا مسلم سائنس دان ہے جس نے سب سے پہلے ٹانسلز (Tonsils) کے آپریشن کا طریقہ ایجاد کیا؟

(ا) ابن سینا (ب) محمد بن زکریا

(ج) ابن الہیثم (د) ابوالقاسم الزہراوی

(۶۳) شورے کے تیزاب کو دریافت کرنے کا سہرا کس مسلم سائنس دان کے سر ہے؟

(ا) ابن سینا (ب) جابر بن حیان

(ج) ابن الہیثم (د) محمد بن زکریا

(۶۴) زمین کا قطر سب سے پہلے کس مسلم سائنس دان نے معلوم کیا؟

(ا) ابوالریحان البیرونی (ب) ابن الہیثم

(ج) فارابی (د) بوعلی سینا

(۶۵) دنیا کی پہلی کتاب جس میں چیچک اور خسرے کے اسباب، علامات اور علاج کا ذکر کیا گیا ہے کون سی ہے؟

(ا) کتاب المناظر (ب) القانون فی الطب

(ج) آثار الباقیہ (د) کتاب الجدری والحصبہ

(۶۶) یورپ کے تمام محققین کے نزدیک تاریخ کا سب سے پہلا کیمیا دان کون ہے؟

(ا) جابر بن حیان (ب) ابن الہیثم

(ج) خالد بن یزید (د) محمد بن زکریا

(۶۷) پانچواں خلیفہ راشد کن کو کہا جاتا ہے؟

(ا) ولید بن عبدالملک (ب) حضرت عمر بن عبدالعزیز

(ج) سلیمان بن عبدالملک (د) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

(۶۸) اموی خلیفہ ولید بن عبدالملک کے دور میں وہ کون سا مسلم جرنیل تھا جو قسطنطنیہ کی فصیل تک پہنچ گیا تھا۔

(ا) محمد بن قاسم (ب) طارق بن زیاد

(ج) موسیٰ بن نصیر (د) مسلمہ بن عبدالملک

(۶۹) سفاح (قصاب) کس عباسی حکمران کا لقب ہے؟

(ا) ابوجعفر منصور　　(ب) ابوالعباس عبداللہ

(ج) واثق باللہ　　(د) معتصم باللہ

(۷۰) "الطبقات الکبریٰ" کن کی تصنیف ہے؟

(ا) محمد بن سعد　　(ب) ابن کثیر

(ج) جلال الدین سیوطی　　(د) خطیب بغدادی

(۷۱) کس عباسی حکمران نے ترکوں کو فوج میں بھرتی کرنے کا آغاز کیا؟

(ا) واثق باللہ　　(ب) مامون الرشید

(ج) معتصم باللہ　　(د) متوکل علی اللہ

(۷۲) قسطنطنیہ کو کس حکمران نے فتح کیا؟

(ا) سلطان محمد فاتح　　(ب) ولید بن عبدالملک

(ج) عثمان اوّل　　(د) اورخان

(۷۳) اسپین (اندلس) میں مسلمانوں نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

(ا) پانچ سو برس　　(ب) چھ سو برس

(ج) سات سو برس　　(د) آٹھ سو برس

(۷۴) اپنے آپ کو "اہل التوحید والعدل" کہنے والے گروہ کا معروف نام ہے۔

(ا) اشاعرہ　　(ب) خوارج

(ج) قدریہ　　(د) معتزلہ

(۷۵) "مروج الذہب ومعادن الجواہر" کس کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن جریر طبری　　(ب) ابن خلدون

(ج) علی بن حسین، مسعودی　　(د) ابن اثیر

(۷۶) مدینہ میں سب سے پہلے کن نے نماز جمعہ کی ادائیگی کا آغاز کیا؟

(ا) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ　　(ب) حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ　　(د) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(۷۷) امام احمد بن حنبل کو کس عقیدہ کی بناء پر کوڑے مارے گئے؟

(ا) عقیدہ توحید　　(ب) عقیدہ رسالت

(ج) عقیدہ آخرت　　(د) عقیدہ خلق قرآن

(۷۸) سیرت کے موضوع پر عبدالملک بن ہشام کی کتاب کا نام ہے۔

(ا) الروض الانف　　(ب) السیرۃ النبویۃ

(ج) کتاب المغازی　　(د) زادالمعاد

(۷۹) سنوسی تحریک کے بانی کا نام ہے:

(ا) محمد بن علی　　(ب) ابوبکر بن حسین

(ج) علی بن ابی بکر　　(د) عبداللہ بن علی

(۸۰) "تحریک اخوان المسلمون" کے بانی کا نام ہے:

(ا) سیّد قطب　　(ب) حسن البنا

(ج) شیخ محمود عمر　　(د) محمد بن عمر

(۸۱) مسئلہ خلق قرآن کے حوالے سے کن عالم دین کو سب سے زیادہ اذیتیں دی گئیں؟

(ا) امام ابوحنیفہ　　(ب) امام مالک

(ج) امام شافعی　　(د) امام احمد بن حنبل

(۸۲) دعوت کے اصول قرآن حکیم کی کس سورت میں بیان ہوئے ہیں؟

(ا) سورۂ نساء　　(ب) سورۂ مائدہ

(ج) سورۂ نحل　　(د) سورہ تغابن

(۸۳) کتاب "الروض الانف" کس کتاب کی شرح ہے؟

(ا) السیرۃ النبویۃ　　(ب) الطبقات الکبریٰ

(ج) جوامع السیرۃ　　(د) انسان العیون فی سیرۃ الامین المامون

(۸۴) بوسنیا کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم ایشیا　　(ب) براعظم افریقہ

(ج) براعظم آسٹریلیا　　(د) براعظم یورپ

(۸۵) لیبیا کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم ایشیا (ب) براعظم افریقہ

(ج) براعظم یورپ (د) براعظم آسٹریلیا

(۸۶) ''برعظیم پاک و ہند کی ملت اسلامیہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(ا) سیّد حسن ریاض (ب) مولانا ابوالکلام آزاد

(ج) اشتیاق حسین قریشی (د) حسن ابراہیم حسن

(۸۷) قاہرہ کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے:

(ا) شام (ب) مصر

(ج) یمن (د) لبنان

(۸۸) انڈونیشیا دنیا کے کس خطے میں واقع ہے؟

(ا) براعظم یورپ (ب) براعظم افریقہ

(ج) براعظم ایشیا (د) براعظم آسٹریلیا

(۸۹) ''جدوجہد پاکستان'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) اشتیاق حسین قریشی (ب) ذاکر حسین

(ج) رحمت علی (د) شیخ محمد اکرام

(۹۰) اندلس کا سب سے بڑا عرب فلسفی ہونے کا اعزاز کن کو حاصل ہے؟

(ا) ابن طفیل (ب) ابن باجہ

(ج) فارابی (د) ابن رُشد

(۹۱) کس مسلم فلسفی نے مذہب اور فلسفے میں تطبیق دینے کا کام کیا؟

(ا) ابن طفیل (ب) فارابی

(ج) ابن رُشد (د) امام غزالی

(۹۲) اسلامی دنیا میں ربڑ پیدا کرنے والا سب سے بڑا ملک ہے:

(ا) انڈونیشیا (ب) بنگلہ دیش

(ج) ملائیشیا (د) آذربائیجان

(۹۳) کس اسلامی ملک کے جھنڈے پر کلمہ طیبہ لکھا ہوا ہے؟

(ا) سعودی عرب (ب) یمن

(ج) انڈونیشیا (د) مصر

(۹۴) پٹ سن کس اسلامی ملک کی اہم پیداوار ہے؟

(ا) بنگلہ دیش (ب) مصر

(ج) شام (د) عراق

(۹۵) ''المحلی'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ابن حزم (ب) ابن خلدون

(ج) ابو یوسف (د) ابوعبید

(۹۶) دولت عثمانیہ کے مصنف کا نام ہے:

(ا) عزیز محمد (ب) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر

(ج) معین الدین ندوی (د) ڈاکٹر معین حیدر

(۹۷) جمع بناتے وقت اگر واحد کا صیغہ ٹوٹ جائے تو اس کو کہتے ہیں:

(ا) جمع مونث سالم (ب) جمع مکسر

(ج) جمع منتہی الجموع (د) جمع سالم

(۹۸) ''معرکہ اسلام و سرمایہ داری'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) سیّد قطب (ب) پروفیسر خورشید احمد

(ج) ڈاکٹر نور محمد غفاری (د) ڈاکٹر انور اقبال قریشی

(۹۹) ایسا اسم جو لفظ کے اعتبار سے تو مفرد ہو مگر معنی کے لحاظ سے جمع پر بولا جاتا ہو، عربی گرامر میں کون سا اسم کہلاتا ہے؟

(ا) جمع مذکر سالم (ب) اسم جمع

(ج) جمع مؤنث سالم (د) جمع الجمع

(۱۰۰) متحدہ عرب امارات مجموعہ ہے:

(ا) تین ریاستوں کا (ب) چار ریاستوں کا

(ج) چھ ریاستوں کا (د) سات ریاستوں کا

(۱۰۱) دنیا میں تیل برآمد کرنے والا بڑا ملک ہے:

(ا) عراق (ب) کویت

(ج) سعودی عرب (د) ایران

(۱۰۲) ''جوامع السیرۃ'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) علی بن احمد، ابن حزم (ب) ابن سعد

(ج) ابن ہشام (د) ابن خلدون

(۱۰۳) آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا اسلامی ملک ہے:

(ا) پاکستان (ب) بنگلہ دیش

(ج) ترکی (د) انڈونیشیا

(۱۰۴) چاغی کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(ا) پاکستان نے یہاں ایٹمی دھماکے کیے (ب) یہاں سوئی گیس کے ذخائر ہیں

(ج) یہاں تیل کے کنوئیں ہیں (د) معدنیات

(۱۰۵) یوم یکجہتی کشمیر کب منایا جاتا ہے؟

(ا) پانچ فروری (ب) چھ فروری

(ج) سات فروری (د) آٹھ فروری

(۱۰۶) ''ہندو مسلم اتحاد کا سفیر'' کس شخصیت کو کہا جاتا تھا؟

(ا) علامہ محمد اقبال (ب) قائداعظم محمد علی جناح

(ج) ابوالکلام آزاد (د) مولانا محمد علی جوہر

(۱۰۷) اموی حکمران ہشام بن عبدالملک کے سامنے عرب شاعر فرزدق نے کن امام کی شان میں قصیدہ پڑھا تھا؟

(ا) امام مالک (ب) امام احمد بن حنبل

(ج) امام زین العابدین (د) امام ابوحنیفہ

(۱۰۸) مشرقی یورپ کے واحد اسلامی ملک کا نام کیا ہے؟

(ا) ترکی (ب) البانیہ

(ج) قبرص (د) سوڈان

مثالی سیٹ (۲)

(۱) شاہ ولی اللہ کی کتاب ''الفوز الکبیر فی اصول التفسیر'' کے دوسرے باب کا نام ہے:

(ا) فہم قرآن میں دشواریوں کے اسباب اور ان کا حل

(ب) علوم پنجگانہ (ج) اسباب نزول

(د) محکمات ومتشابہات

(۲) شاہ ولی اللہ کے نزدیک ''غریب القرآن'' کے معانی کن صحابی سے معلوم ہوں تو وہ صحیح ترین ہوں گے؟

(ا) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ (د) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

(۳) الجامع لاحکام القرآن کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) امام سیوطی (ب) ابن قیم

(ج) ابوعبداللہ قرطبی (د) ابن کثیر

(۴) تفسیر ''مفاتیح الغیب'' کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) امام رازی (محمد بن عمر) (ب) امام سیوطی

(ج) ابن کثیر (د) ابن تیمیہ

(۵) قرآن حکیم میں حضرت آدم کے کن دو بیٹوں کا ذکر موجود ہے:

(ا) ہابیل اور قابیل (ب) قنبیط اور الیاس

(ج) فاران اور قنبیط (د) کسی کا بھی نہیں

(۶) حضرت نوح علیہ السلام نے کل کتنے برس عمر پائی؟

(ا) ساڑھے پانچ سو سال (ب) ساڑھے سات سو سال

(ج) ساڑھے آٹھ سو سال (د) ساڑھے نو سو سال

(۷) حضرت ہود علیہ السلام کس قوم کی طرف مبعوث کیے گئے؟

(ا) قومِ عاد (ب) قومِ ثمود
(ج) اصحاب مدین (د) قومِ حجر

(۸) قوم ثمود کا محبوب مشغلہ کیا تھا؟

(ا) شکار (ب) سیر و سیاحت
(ج) قتال (د) پہاڑوں کو تراش کر بڑے بڑے محل تعمیر کرنا

(۹) حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر کس قسم کا عذاب آیا؟

(ا) زلزلہ (ب) بیماریوں کا پھوٹنا
(ج) آندھی (د) سیلاب

(۱۰) ان پیغمبر کا نام کیا تھا جو آگ لینے گئے اور نبوت سے سرفراز ہو گئے؟

(ا) حضرت یونس علیہ السلام (ب) حضرت شعیب علیہ السلام
(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(۱۱) وہ کون سے پیغمبر ہیں جن کی تین نسلیں لگاتار نبوت سے سرفراز ہوئیں؟

(ا) حضرت ابراہیم علیہ السلام (ب) حضرت یعقوب علیہ السلام
(ج) حضرت ہود علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۱۲) کون سے پیغمبر بغیر باپ کے پیدا ہوئے؟

(ا) حضرت یونس علیہ السلام (ب) حضرت شعیب علیہ السلام
(ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۱۳) قرآن حکیم نے ''احسن القصص'' کس قصہ کو کہا ہے؟

(ا) حضرت یوسف علیہ السلام کا قصہ (ب) حضرت نوح علیہ السلام کا قصہ
(ج) حضرت ایوب علیہ السلام کا قصہ (د) حضرت شعیب علیہ السلام کا قصہ

(۱۴) کن پیغمبر کا صبر ضرب المثل ہے؟

(ا) حضرت یونس علیہ السلام (ب) حضرت ایوب علیہ السلام
(ج) حضرت شعیب علیہ السلام (د) حضرت یحییٰ علیہ السلام

(۱۵) قرآن حکیم نے کن پیغمبر کے بارے میں کہا ہے: ﴿وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ﴾ ''اور ہم نے ان کی سلطنت کو قوت دی تھی۔''

(ا) حضرت سلیمان علیہ السلام (ب) حضرت یعقوب علیہ السلام
(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت داؤد علیہ السلام

(۱۶) قرآن حکیم کے مطابق گردش لیل و نہار میں نشانیاں ہیں:

(ا) مسلمانوں کے لیے (ب) عقلمندوں کے لیے
(ج) کافروں کے لیے (د) جنات کے لیے

(۱۷) قرآن حکیم کی کس سورت میں یہ بیان ہوا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی بیویاں مومنوں کی مائیں ہیں؟

(ا) سورۂ نساء (ب) سورۂ مائدہ
(ج) سورۂ احزاب (د) سورۂ نحل

(۱۸) ''سیدالآیات'' کس قرآنی آیت کو کہتے ہیں:

(ا) سورۂ فاتحہ کی آخری آیت (ب) سورۂ بقرہ کی آخری آیت
(ج) سورۂ مائدہ کی آخری آیت (د) آیت الکرسی

(۱۹) قرآن کی اصطلاح میں ''الملاء'' سے مراد ہیں:

(ا) کسی قوم کے سردار (ب) کسی قوم کے غریب لوگ
(ج) کسی قوم کا متوسط طبقہ (د) سخاوت کرنے والے

(۲۰) ''مائدہ'' کے معنی ہیں:

(ا) دسترخوان (ب) کرسی
(ج) آسمان (د) چھت

(۲۱) ''الماعون'' کے معنی ہیں:

(ا) میز (ب) استعمال کی معمولی چیز
(ج) رسی (د) آسمان

(۲۲) فن حدیث میں 'سلسلۃ الذہب' یعنی ''طلائی زنجیر'' سے کیا مراد ہے؟

(ا) روایت مالک عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہ

(ب) روایت ابوحنیفہ عن حماد عن ابن عباس رضی اللہ عنہ

(ج) روایت مالک عن شعبی عن ابن عمر رضی اللہ عنہ

(د) روایت مالک عن شرجیل عن ابن عباس رضی اللہ عنہ

(۲۳) خبر مشہور کے کم از کم رواۃ کی تعداد ہے:

(ا) دو (ب) تین

(ج) چار (د) پانچ

(۲۴) حدیث کی وہ کتاب جس میں احادیث اسماءِ صحابہ کی ترتیب سے ان کی اسلامی خدمات کے پیش نظر جمع کی جائیں اسے کہتے ہیں:

(ا) جامع (ب) مسند

(ج) معجم (د) مستدرک

(۲۵) وہ صحابہ کرام جنہوں نے کثرت سے احادیث روایت کی ہیں، انہیں کہا جاتا ہے:

(ا) مکثرین صحابہ کرام (ب) متقین صحابہ کرام

(ج) محدثین صحابہ کرام (د) فقہاء صحابہ کرام

(۲۶) ہمام بن منبہ کن کے شاگرد تھے؟

(ا) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ (د) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(۲۷) رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ اللہ بھلائی کرنا چاہتا ہے اُسے

(ا) نمازی بنا دیتا ہے (ب) حج کرنے کی توفیق دیتا ہے

(ج) مالدار بنا دیتا ہے (د) دین کی سمجھ عطا کرتا ہے

(۲۸) حدیث میں ظالم کی مدد سے مراد ہے:

(ا) ظلم سے روکنا (ب) ظلم میں ساتھ دینا

(ج) مظلوم کو پیٹنا (د) ظالم سے ڈرنا

(۲۹) استحسان کا سب سے زیادہ استعمال ہوا ہے:

(ا) مذہب حنفی میں (ب) مذہب مالکی میں

(ج) مذہب حنبلی میں (د) مذہب شافعی میں

(۳۰) مجلۃ الاحکام العدلیہ کس فقہی مسلک کی کتاب ہے؟

(ا) حنفی مسلک (ب) شافعی مسلک

(ج) مالکی مسلک (د) حنبلی مسلک

(۳۱) یہ کس امام کا قول ہے: جس نے استحسان کیا اس نے نئی شریعت بنائی:

(ا) امام مالک (ب) امام احمد بن حنبل

(ج) امام ابویوسف (د) امام شافعی

(۳۲) امام دارالہجرۃ کن کا لقب ہے؟

(ا) امام ابوحنیفہ (ب) امام مالک

(ج) امام شافعی (د) امام احمد بن حنبل

(۳۳) یہ کس کا قول ہے: ''جو بات نبی اکرم ﷺ سے ثابت ہو وہ بسر وچشم قبول ہے۔''

(ا) امام مالک (ب) امام ابوحنیفہ

(ج) امام شافعی (د) امام احمد بن حنبل

(۳۴) قریش مکہ لڑائیوں میں کس بت کی جے پکارتے تھے؟

(ا) لات (ب) ہبل

(ج) منات (د) یغوث

(۳۵) ''حلف الفضول'' کن کی تحریک پر ہوا؟

(ا) حضرت زبیر بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ (ب) عبداللہ بن جدعان

(ج) حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ (د) حضرت ابوطالب

(۳۶) غارِ حرا میں پہلی وحی کے نزول کے بعد کن نے رسول اللہ ﷺ کو تسلی دی؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ابوطالب

(ج) حضرت اُم ہانی رضی اللہ عنہا (د) ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا

(۳۷) دارِ ارقم کن صحابی کا گھر تھا؟

(ا) حضرت عمار بن یاسر ؓ — (ب) حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ

(ج) حضرت عثمان غنی ؓ — (د) ✓ حضرت ارقم بن ابی ارقم ؓ

(۳۸) "ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْهُمَا فِي الْغَارِ" میں کن صحابی رسول ﷺ کا ذکر ہے؟

(ا) ✓ حضرت ابوبکر صدیق ؓ — (ب) حضرت عمر بن خطاب ؓ

(ج) حضرت عثمان غنی ؓ — (د) حضرت علی ؓ

(۳۹) غزوہ اُحد میں کس مشرک کے وار سے رسول اکرم ﷺ کا چہرہ مبارک زخمی ہو گیا تھا؟

(ا) ابوجہل — (ب) ✓ عبداللہ بن قمیہ

(ج) ابوسفیان — (د) عقبہ بن ابی معیط

(۴۰) قیصر روم کے نام آپ ﷺ کا خط لے کر گئے تھے:

(ا) ✓ حضرت دحیہ کلبی ؓ — (ب) حضرت عبداللہ بن حذافہ ؓ

(ج) حضرت حاطب بن ابی بلتعہ ؓ — (د) حضرت علی ؓ

(۴۱) حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے والد کا نام تھا:

(ا) عبداللہ بن عثمان — (ب) عبد مناف

(ج) نعیم بن عبداللہ — (د) ✓ ابوقحافہ، عثمان بن عامر

(۴۲) حضرت عمر ؓ نے وفات سے قبل خلیفہ کے چناؤ کے لیے کتنے افراد پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی تھی؟

(ا) چار — (ب) پانچ

(ج) ✓ چھ — (د) سات

(۴۳) ان خلیفہ راشد کا نام کیا ہے، جنہوں نے دو مرتبہ ہجرت کی سعادت حاصل کی؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق ؓ — (ب) حضرت عمر بن خطاب ؓ

(ج) ✓ حضرت عثمان غنی ؓ — (د) حضرت علی ؓ

(۴۴) کوفہ کو دارالحکومت بنایا:

(ا) حضرت امیر معاویہ ؓ نے — (ب) ✓ حضرت علی ؓ نے

(ج) ولید بن عبدالملک نے — (د) ہشام بن عبدالملک نے

(۴۵) خلافت راشدہ کا کل عرصہ ہے:

(ا) بیس سال — (ب) بائیس سال

(ج) پچیس سال — (د) ✓ تیس سال

(۴۶) ہندومت کے "فلسفہ ویشسکا" کے بانی کا نام ہے:

(ا) ✓ کناڈا — (ب) کپلا

(ج) شری شنکرا چاریہ — (د) کرشن رام

(۴۷) ہندو مذہب میں "کالی دیوی" کس کی بیوی ہے؟

(ا) برہما — (ب) وشنو

(ج) ✓ شیو — (د) رام

(۴۸) "اُپاسک" کی اصطلاح کس مذہب میں استعمال ہوتی ہے:

(ا) ہندومت — (ب) جین مت

(ج) ✓ بدھ مت — (د) سکھ مت

(۴۹) وہ جگہ جہاں زرتشت مذہب کے پیروکار اپنے مُردوں کو ٹھکانے لگاتے ہیں اسے کہتے ہیں:

(ا) ✓ مینار خاموشی یا داکھما — (ب) مردہ خانہ

(ج) بلند جگہ — (د) موت کا مقام

(۵۰) عہد نامہ قدیم یا عہد نامہ عتیق، کس مذہب کی کتاب ہے؟

(ا) ہندومت — (ب) ✓ یہودیت

(ج) بدھ مت — (د) جین مت

(۵۱) "کفارہ" کس مذہب کا عقیدہ ہے؟

(ا) بدھ مت — (ب) جین مت

(ج) ✓ عیسائیت — (د) یہودیت

(۵۲) زکوٰۃ کی ادائیگی کے لیے بکریوں کا نصاب ہے:

(ا) بیس بکریاں — (ب) تیس بکریاں

(ج) ✓ چالیس بکریاں — (د) پچاس بکریاں

(۵۳) ''ذوی الارحام'' سے مراد ہے:

(ا) رحم کرنا　(ب) دور کے رشتہ دار

(ج) باپ کی جانب سے رشتہ دار　(د) جن لوگوں سے رشتہ داری بذریعہ رحم ہو

(۵۴) ''خمس'' سے مراد ہے:

(ا) مالِ غنیمت کا دوسرا حصہ　(ب) مال غنیمت کا چوتھا حصہ

(ج) مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ　(د) مال غنیمت کا چھٹا حصہ

(۵۵) غیر مسلم مالکان زمین سے جو ٹیکس لیا جاتا ہے اسے اصطلاح میں کہتے ہیں:

(ا) عشر　(ب) جزیہ

(ج) مالِ غنیمت　(د) خراج

(۵۶) ''خراج وظیفہ'' سے مراد ہے:

(ا) فرض خراج　(ب) خراج کی رقم

(ج) خراج کی ادائیگی

(د) کھیتوں کی پیمائش کے لحاظ سے خراج مقرر کرنا

(۵۷) جدید علم جراحت کا بانی ہے:

(ا) جابر بن حیان　(ب) ابوالقاسم الزہراوی

(ج) ابن الہیثم　(د) محمد بن موسیٰ خوارزمی

(۵۸) ''کتاب المناظر'' کس مسلم سائنس دان کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن الہیثم　(ب) جابر بن حیان

(ج) محمد بن موسیٰ خوارزمی　(د) ابوالقاسم الزہراوی

(۵۹) محمد بن موسیٰ خوارزمی نے سائنس کے کس شعبہ میں شہرت حاصل کی؟

(ا) علم طبیعات　(ب) علم کیمسٹری

(ج) علم ریاضی　(د) علم زراعت

(۶۰) ''قانون مسعودی'' کس مسلم سائنس دان کی تصنیف ہے؟

(ا) ابوالریحان البیرونی　(ب) ابن الہیثم

(ج) جابر بن حیان　(د) ابن سینا

(۶۱) امراض کے متعدی ہونے کا نظریہ کس مسلمان طبیب نے پیش کیا؟

(ا) ابن سینا　(ب) ابن النفیس

(ج) ابن الہیثم　(د) ابوالریحانی البیرونی

(۶۲) کس اموی خلیفہ کا دور، عہد بنوامیہ کا سنہری دور کہلاتا ہے؟

(ا) عبدالملک بن مروان　(ب) سلیمان بن عبدالملک

(ج) ہشام بن عبدالملک　(د) ولید بن عبدالملک

(۶۳) اموی خلیفہ ولید بن عبدالملک کے دور میں وہ کون سا جرنیل تھا جو ساحل اوقیانوس تک پہنچ گیا تھا؟

(ا) محمد بن قاسم　(ب) مسلمہ بن عبدالملک

(ج) موسیٰ بن نصیر　(د) قتیبہ بن مسلم

(۶۴) کس عباسی حکمران نے فلاسفہ یونان کی کتابوں کے تراجم کرائے؟

(ا) ابوجعفر منصور　(ب) مامون الرشید

(ج) معتصم باللہ　(د) واثق باللہ

(۶۵) کون سا مسلمان حکمران صلیبی جنگوں کا ہیرو کہلاتا ہے؟

(ا) سلطان صلاح الدین ایوبی　(ب) نورالدین زنگی

(ج) معتصم باللہ　(د) عمادالدین زنگی

(۶۶) قتیبہ بن مسلم جرنیل تھا:

(ا) امویوں کا　(ب) عثمانیوں کا

(ج) مغلوں کا　(د) عباسیوں کا

(۶۷) ''وعد و وعید'' کس مکتب فکر کے پانچ اصولوں میں شامل ہے؟

(ا) خوارج　(ب) معتزلہ

(ج) جبریہ　(د) قدریہ

(۶۸) ''الکامل فی التاریخ'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ابن اثیر　(ب) ابن کثیر

(ج) ابن قتیبہ　(د) ابن خلدون

(۶۹) یہ کس مسلمان حکمران کا قول ہے: ''میں بہت سی مملکتوں کا فرمانروا، تین براعظموں کا شہنشاہ اور دو سمندروں کا مالک ہوں۔''

(ا) عثمان اول　(ب) ہارون الرشید
(ج) اورخان　(د) ✓ سلیمان اعظم

(۷۰) فاتح اندلس کس کو کہا جاتا ہے؟

(ا) محمد بن قاسم　(ب) ✓ طارق بن زیاد
(ج) قتیبہ بن مسلم　(د) صلاح الدین ایوبی

(۷۱) تاریخی عمارت ''اَلحمراء'' کس شہر میں تعمیر ہوئی؟

(ا) دمشق　(ب) ✓ غرناطہ
(ج) قاہرہ　(د) بغداد

(۷۲) السیرۃ النبویہ کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ✓ ابن ہشام　(ب) ابن خلدون
(ج) امام سیوطی　(د) ابن کثیر

(۷۳) ابن رُشد نے اپنی کتاب تہافۃ التہافۃ کس کتاب کے ردّ میں لکھی تھی؟

(ا) ✓ تہافۃ الفلاسفۃ　(ب) مقاصد الفلاسفۃ
(ج) احیاء علوم الدین　(د) کیمیائے سعادت

(۷۴) تحریک اخوان المسلمون کی بنیاد رکھی گئی:

(ا) ۱۹۱۸ء　(ب) ۱۹۲۲ء
(ج) ۱۹۲۵ء　(د) ✓ ۱۹۲۸ء

(۷۵) دوہا کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے؟

(ا) مصر　(ب) ✓ قطر
(ج) شام　(د) اُردن

(۷۶) ''الروض الانف'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ✓ عبدالرحمٰن بن عبداللہ السہیلی　(ب) عبدالملک بن ہشام
(ج) ابن خلدون　(د) امام سیوطی

(۷۷) ایسا اسم جو لفظ کے اعتبار سے تو مفرد ہو لیکن معنی کے لحاظ سے جمع پر بولا جاتا ہو، عربی میں کون سا اسم کہلاتا ہے؟

(ا) جمع مذکر سالم　(ب) ✓ اسم جمع
(ج) جمع مؤنث سالم　(د) جمع الجمع

(۷۸) ''انسانِ کامل'' کس کی تصنیف ہے؟

(ا) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر　(ب) ابوبکر غزنوی
(ج) مناظر احسن گیلانی　(د) ✓ ڈاکٹر خالد علوی

(۷۹) غزوہ بدر میں مہاجرین کا علَم (جھنڈا) کن کے پاس تھا؟

(ا) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ　(ب) ✓ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ　(د) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ

(۸۰) جس فعل میں کسی کام کے کرنے سے روکا جائے اسے کہتے ہیں:

(ا) ✓ فعل نہی　(ب) فعل امر
(ج) فعل ماضی　(د) فعل مضارع

(۸۱) ''السیاسۃ الشرعیۃ'' کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ✓ ابن تیمیہ　(ب) جلال الدین سیوطی
(ج) ابن خلدون　(د) امام غزالی

(۸۲) تحریکِ مجاہدین کے قائدین تھے:

(ا) مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی　(ب) ✓ سیّد احمد شہید اور محمد اسماعیل شہید
(ج) سر سیّد احمد خاں اور نواب محسن الملک　(د) مولانا ابوالکلام آزاد اور مولانا ظفر علی خاں

(۸۳) ''الاخوان المسلمون'' کے بانی کا نام ہے:

(ا) محمد بن علی　(ب) احمد عبدالرحمٰن البنا
(ج) ✓ حسن البنا　(د) احمد حسن الباقوری

(۸۴) ''خلافت وملوکیت'' کن کی تصنیف ہے:

(ا) ابوالکلام آزاد　(ب) ✓ ابوالاعلیٰ مودودی
(ج) مناظر احسن گیلانی　(د) مولانا محمد علی جوہر

(۸۵) ارسطو کی کتب کا شارح کس مسلم فلسفی کو کہا جاتا ہے؟

(ا) ابن رُشد (ب) امام غزالی

(ج) ابن طفیل (د) ابن باجہ

(۸۶) کل جماعتی حریت کانفرنس کس علاقے کی تنظیم ہے؟

(ا) مقبوضہ کشمیر (ب) آزاد کشمیر

(ج) فلسطین (د) یمن

(۸۷) رقبے کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا اسلامی ملک ہے:

(ا) انڈونیشیا (ب) پاکستان

(ج) ترکی (د) الجیریا

(۸۸) تبلیغی جماعت کے بانی کا نام لکھیں:

(ا) مولانا محمد الیاس (ب) ابوالحسن علی ندوی

(ج) مولانا محمود الحسن (د) حاجی عبدالوہاب

(۸۹) "امام دار الهجرة" کن مشہور امام کا لقب ہے؟

(ا) امام ابوحنیفہ (ب) امام احمد بن حنبل

(ج) امام شافعی (د) امام مالک

(۹۰) کتاب ''اللؤلؤ والمرجان'' کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) محمد فواد عبدالباقی (ب) محمد تقی عثمانی

(ج) سیّد رشید رضا (د) ڈاکٹر محمود الطحان

(۹۱) خرطوم کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے:

(ا) افغانستان (ب) یمن

(ج) مراکش (د) سوڈان

(۹۲) لیبیا کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) طرابلس (ب) بن غازی

(ج) قاہرہ (د) دمشق

(۹۳) فقہ السنۃ کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) السید سابق (ب) سیّد قطب

(ج) ابوالاعلیٰ مودودی (د) سرسیّد احمد خاں

(۹۴) ''مقاصد الفلاسفہ'' کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن تیمیہ (ب) امام غزالی

(ج) ابن رُشد (د) ابن طفیل

(۹۵) موگادیشو کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے؟

(ا) صومالیہ (ب) مراکش

(ج) ملائیشیا (د) ترکی

(۹۶) ''امام عزیمت'' کے لقب سے کون سی شخصیت معروف ہوئی؟

(ا) امام ابوحنیفہ (ب) امام مالک

(ج) امام شافعی (د) امام احمد بن حنبل

(۹۷) طریقۃ جدیدۃ فی تعلیم العربیۃ کن کی تصنیف ہے؟

(ا) احمد مصطفیٰ المراغی (ب) سیّد ابوالحسن علی ندوی

(ج) محمد امین مصری (د) علی الجارم

(۹۸) دین الٰہی کے خلاف جہاد کس شخصیت نے کیا؟

(ا) شاہ ولی اللہ (ب) شاہ عبدالرحیم

(ج) حضرت مجدد الف ثانی (د) حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری

(۹۹) چار ائمہ فقہ میں سے ''امام الفقہ والحدیث'' کن کو کہا جاتا ہے؟

(ا) امام احمد بن حنبل (ب) امام ابوحنیفہ

(ج) امام مالک (د) امام شافعی

(۱۰۰) متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) دبئی (ب) قاہرہ

(ج) ابوظہبی (د) مسقط

مثالی سیٹ (۳)

(۲) شاہ ولی اللہ کی کتاب ''الفوز الکبیر'' کے تیسرے باب کا عنوان ہے؟

(ا) ✓ قرآن مجید کا انوکھا اور دلکش اسلوب بیان
(ب) فتح الخبیر　　(ج) ناسخ ومنسوخ
(د) محکمات ومتشابہات

(۲) الفوز الکبیر کے پانچویں باب میں کس موضوع پر لکھا گیا ہے:

(ا) علوم پنجگانہ　　(ب) ✓ شرح غرائب القرآن
(ج) اسلوب قرآن　　(د) ناسخ ومنسوخ

(۳) جامع البیان فی تفسیر القرآن کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) ✓ ابن جریر طبری　　(ب) ابن کثیر
(ج) ابوبکر جصاص　　(د) قاضی بیضاوی

(۴) ''امام المفسرین'' اور ''ترجمان القرآن'' کن صحابی کے القاب ہیں؟

(ا) ✓ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ　　(ب) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ　　(د) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

(۵) صفی اللہ کن پیغمبر کا لقب ہے؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام　　(ب) ✓ حضرت آدم علیہ السلام
(ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام　　(د) حضرت یعقوب علیہ السلام

(۶) کن پیغمبر کو کشتی بنانے کا حکم دیا گیا تاکہ اہل ایمان عذاب سے محفوظ رہیں:

(ا) حضرت ہود علیہ السلام　　(ب) ✓ حضرت نوح علیہ السلام
(ج) حضرت صالح علیہ السلام　　(د) حضرت شعیب علیہ السلام

(۷) قرآن حکیم کے مطابق قوم عاد پر کتنی دیر تک آندھی چلتی رہی:

(ا) تین دن لگاتار　　(ب) پانچ دن لگاتار
(ج) دس دن لگاتار　　(د) ✓ سات راتوں اور آٹھ دنوں تک لگاتار

(۸) ''ناقۃ اللہ'' (اللہ کی اونٹنی) کن پیغمبر سے منسوب ہے؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام　　(ب) حضرت نوح علیہ السلام
(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام　　(د) ✓ حضرت صالح علیہ السلام

(۹) قوم ثمود کی طرف کون سے پیغمبر بھیجے گئے؟

(ا) ✓ حضرت صالح علیہ السلام　　(ب) حضرت یونس علیہ السلام
(ج) حضرت یحییٰ علیہ السلام　　(د) حضرت یعقوب علیہ السلام

(۱۰) قرآن نے قوم ثمود کو دوسرا نام کیا دیا ہے؟

(ا) اصحاب مدین　　(ب) ✓ اصحاب الحجر
(ج) نافرمان قوم　　(د) ارم ذات العماد

(۱۱) دیدار الٰہی کے لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے کتنے سرداروں کا انتخاب ہوا؟

(ا) پچاس　　(ب) ساٹھ
(ج) ✓ ستر　　(د) اسّی

(۱۲) قرآن نے کس اولوالعزم رسول کو ''امت'' کہا ہے:

(ا) حضرت نوح علیہ السلام　　(ب) حضرت ہود علیہ السلام
(ج) ✓ حضرت ابراہیم علیہ السلام　　(د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۱۳) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کتنے برس کی عمر میں نبوت سے سرفراز کیا گیا؟

(ا) پچیس برس　　(ب) ستائیس برس
(ج) اٹھائیس برس　　(د) ✓ تیس برس

(۱۴) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس شخصیت کے حق میں یہ جملہ فرمایا تھا: ''الکریم بن الکریم بن الکریم بن الکریم''

(ا) حضرت لوط علیہ السلام　　(ب) حضرت یعقوب علیہ السلام
(ج) حضرت ایوب علیہ السلام　　(د) ✓ حضرت یوسف علیہ السلام

(۱۵) قرآن حکیم میں ''ذوالنون'' کے لقب سے کن پیغمبر کا تذکرہ کیا گیا ہے؟

(ا) حضرت ایوب علیہ السلام　　(ب) حضرت صالح علیہ السلام
(ج) ✓ حضرت یونس علیہ السلام　　(د) حضرت شعیب علیہ السلام

(۱۶) قرآن کی اصطلاح میں "الضعفاء" سے مراد کون لوگ ہوتے ہیں؟

(ا) قوم کے بڑے سردار　　(ب) قوم کا غریب طبقہ

(ج) قوم کا متوسط طبقہ　　(د) سخاوت کرنے والے

(۱۷) قرآن حکیم کے مطابق انسان کو تخلیق کیا گیا ہے؟

(ا) آگ سے　　(ب) روشنی سے

(ج) ہوا سے　　(د) مٹی سے

(۱۸) "کتمان حق" میں کون سی قوم مشہور ہے؟

(ا) یہودی　　(ب) عیسائی

(ج) پارسی　　(د) ہندو

(۱۹) سب سے پہلا انسانی قتل کس کے ہاتھوں ہوا؟

(ا) ہابیل　　(ب) قابیل

(ج) قنیط　　(د) نوفل

(۲۰) دعوتِ دین کے اصول قرآن کی کس سورت میں بیان کیے گئے ہیں؟

(ا) سورۂ مائدہ　　(ب) سورۂ نمل

(ج) سورۂ نحل　　(د) سورۂ قمر

(۲۱) قرآن حکیم کی کس سورت میں ازواجِ مطہرات کے لیے پردے کی تاکید کی گئی ہے؟

(ا) سورۂ احزاب　　(ب) سورۂ مائدہ

(ج) سورۂ ابراہیم　　(د) سورۂ حدید

(۲۲) اُمّ القرآن کس سورۂ کو کہتے ہیں؟

(ا) سورۂ فاتحہ　　(ب) سورۂ یٰسٓ

(ج) سورۂ مجادلہ　　(د) سورۂ رحمٰن

(۲۳) وہ حدیث جو رسول اکرم ﷺ کی جانب منسوب ہو خواہ اس کی نسبت آپ کی طرف صحابی نے کی ہو یا تابعی نے یا کسی اور نے اور خواہ اس کی سند متصل ہو یا نہ ہو، اسے کہتے ہیں:

(ا) مرفوع　　(ب) موقوف

(ج) مشہور　　(د) عزیز

(۲۴) وہ حدیث جس کو ضعیف راوی ثقہ راوی کی مخالفت کرتے ہوئے بیان کرے اسے کہتے ہیں:

(ا) منکر　　(ب) شاذ

(ج) ضعیف　　(د) موضوع

(۲۵) حدیث کی وہ کتاب جس میں احادیث اسماء صحابہ کی ترتیب سے جمع کی جائیں اسے کہا جاتا ہے:

(ا) مسند　　(ب) جامع

(ج) سنن　　(د) اربعین

(۲۶) اُموی عہد میں کس خلیفہ نے احادیث کو جمع کرنے کا حکم دیا؟

(ا) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ　　(ب) عبدالملک بن مروان

(ج) ولید بن عبدالملک　　(د) حضرت عمر بن عبدالعزیز

(۲۷) وہ کتاب جس میں چالیس احادیث ہوں کہلاتی ہے:

(ا) سنن　　(ب) جامع

(ج) اربعین　　(د) مسند

(۲۸) کتاب "اللولو والمرجان" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) محمد فواد عبدالباقی　　(ب) ابن سعد

(ج) امین مصری　　(د) سیّد رشید رضا

(۲۹) "لاخلابة" کا معنی ہے:

(ا) سودا مکمل نہیں ہوگا　　(ب) دھوکا نہ ہوگا

(ج) سودا واپس نہیں ہوگا　　(د) سودا واپس ہوگا

(۳۰) فقہ کا موضوع کیا ہے:

(ا) انسانوں کے وہ اعمال جن کا تعلق اوامر و نواہی اور حلال و حرام سے ہے

(ب) انسانوں کی معاشی زندگی　　(ج) انسانوں کی سیاسی زندگی

(د) آخرت کی زندگی

(۳۱) امام شاطبی کی کتاب "الموافقات" کس موضوع پر ہے؟

(ا) علم تفسیر　　(ب) علم حدیث

(ج) اصولِ فقہ　　(د) علم سیرت

(۳۲) مذہب حنبلی کے بانی کا نام ہے:

(ا) امام احمد بن حنبل ✓ — (ب) امام مالک

(ج) امام محمد بن حنبل — (د) امام حنبل

(۳۳) بیوہ کی عدت ہے:

(ا) چار ماہ دس دن ✓ — (ب) چار ماہ پندرہ دن

(ج) چار ماہ بیس دن — (د) چار ماہ تیس دن

(۳۴) کتاب الام کس فقہی مکتب فکر کی کتاب ہے؟

(ا) فقہ حنفی — (ب) فقہ حنبلی

(ج) فقہ شافعی ✓ — (د) فقہ مالکی

(۳۵) اجماع کے لغوی معنی ہیں:

(ا) عزم واتفاق ✓ — (ب) عقل کا استعمال

(ج) اُمت کا جمع ہونا — (د) لشکر

(۳۶) عربوں میں بت پرستی متعارف کرانے والے بدبخت عمرو بن لُحَی کا اصل نام تھا:

(ا) ہشام — (ب) ربیعہ بن حارثہ ✓

(ج) ولید — (د) عبد مناف

(۳۷) ''ایام فجار'' سے مراد ہے:

(ا) اچھے دن — (ب) برے دن

(ج) فسق وفجور — (د) قریش کی مشہور لڑائیاں ✓

(۳۸) رسول اکرم ﷺ نے کس معاہدے کے بارے میں فرمایا تھا کہ اگر اس معاہدے کے بدلے میں مجھے سرخ اونٹ بھی دیے جاتے تو میں قبول نہ کرتا:

(ا) معاہدہ حدیبیہ — (ب) میثاق مدینہ

(ج) معاہدہ بنوسلیم — (د) حلف الفضول ✓

(۳۹) پہلی وحی کی آیات کس سورۂ میں ہیں؟

(ا) سورۂ نساء — (ب) سورۂ مائدہ

(ج) سورۂ جن — (د) سورۂ علق ✓

(۴۰) پہلی ہجرت حبشہ ہوئی:

(ا) نبوت کے تیسرے برس — (ب) نبوت کے پانچویں برس ✓

(ج) نبوت کے چھٹے برس — (د) نبوت کے ساتویں برس

(۴۱) ہجرت مدینہ کے موقع پر راستوں کی پہچان کے لیے رسول اکرم ﷺ نے کس کافر کو اجرت دے کر اپنا شریک سفر بنایا تھا؟

(ا) عبداللہ بن سعد — (ب) عبداللہ بن اریقط ✓

(ج) عبداللہ بن جدعان — (د) عبداللہ بن اسعد

(۴۲) غزوہ احد میں مسلمان شہداء کی تعداد تھی:

(ا) پچاس — (ب) ساٹھ

(ج) پینسٹھ — (د) ستر ✓

(۴۳) صلح حدیبیہ کے موقع پر جو معاہدہ لکھا گیا تھا وہ کن صحابی نے لکھا تھا؟

(ا) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ — (ب) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ — (د) حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ✓

(۴۴) آپ ﷺ نے کس سال حکمرانوں کو تبلیغی خطوط لکھے تھے؟

(ا) پانچ ہجری — (ب) سات ہجری ✓

(ج) آٹھ ہجری — (د) نو ہجری

(۴۵) عہد صدیقی میں تدوین قرآن کے لیے جو کمیٹی بنائی گئی تھی اس کے سربراہ کون تھے؟

(ا) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ✓ — (ب) حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ — (د) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

(۴۶) مرادِ رسول ﷺ کن کا لقب ہے؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ — (ب) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ — (د) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ✓

(۴۷) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا عرصہ خلافت ہے:

(ا) دس برس — (ب) بارہ برس ✓

(ج) پندرہ برس — (د) سولہ برس

(۴۸) حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے مابین جو جنگ ہوئی اس کا نام ہے:

(ا) جنگ صفین　(ب) جنگ جمل

(ج) جنگ نہروان　(د) جنگ قادسیہ

(۴۹) ہندومت کے مشہور "فلسفہ سانکھیہ" کے بانی کا نام ہے:

(ا) کپلا　(ب) پتنجلی

(ج) شری شنکراچاریہ　(د) کرشن رام

(۵۰) "عقیدہ تناسخ" کو سنسکرت زبان میں کہتے ہیں:

(ا) روحوں کا دوبارہ آنا　(ب) آواگون

(ج) نروان　(د) سانکھیہ

(۵۱) "تری پتاکا" کس مذہب کی مقدس کتاب ہے؟

(ا) ہندومت　(ب) جین مت

(ج) سکھ مت　(د) بدھ مت

(۵۲) کس مذہب میں آگ کو مقدس قرار دیا جاتا ہے؟

(ا) عیسائیت　(ب) یہودیت

(ج) ہندومت　(د) زرتشتیت

(۵۳) "سینا گاگ" عبادت گاہ کہلاتی ہے:

(ا) یہودیوں کی　(ب) عیسائیوں کی

(ج) جینیوں کی　(د) سکھوں کی

(۵۴) "میں بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے سوا کسی کی طرف نہیں بھیجا گیا۔" یہ قول کن پیغمبر کا ہے؟

(ا) حضرت موسیٰ علیہ السلام　(ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(ج) حضرت شعیب علیہ السلام　(د) حضرت یعقوب علیہ السلام

(۵۵) اشتراکی نظام، کس معاشی نظام کا ردعمل ہے:

(ا) ناشزم　(ب) جاگیرداری نظام

(ج) اسلام کا معاشی نظام　(د) سرمایہ داری

(۵۶) "عشور" کسے کہتے ہیں؟

(ا) عشر وصول کرنا　(ب) تعاون باہمی

(ج) مال تقسیم کرنا　(د) مال تجارت پر جو ٹیکس لیا جاتا ہے

(۵۷) زکوٰۃ کے مصارف ہیں:

(ا) پانچ　(ب) چھ

(ج) سات　(د) آٹھ

(۵۸) مضاربت میں نقصان کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے؟

(ا) محنت کرنے والے پر　(ب) جس کا سرمایہ ہے

(ج) ریاست پر　(د) کسی پر بھی نہیں

(۵۹) "طبقاتی نزاع کا تصور" کس اشتراکی مفکر نے پیش کیا؟

(ا) رابرٹ اوئن　(ب) لینن

(ج) فریڈرک انجلز　(د) کارل مارکس

(۶۰) ابوالقاسم الزہراوی کی کتاب کا پورا نام ہے:

(ا) کتاب المناظر　(ب) التعریف لمن عجز عن التالیف

(ج) القانون فی الطب　(د) آثار الباقیہ

(۶۱) مسلم سائنس دان ابوالریحان البیرونی نے ضلع جہلم تحصیل پنڈ دادن خان کے کس قصبہ کے ایک ٹیلے پر بیٹھ کر زمین کے محیط اور قطر کی پیمائش کی تھی؟

(ا) سوہاوہ　(ب) نندنا

(ج) دینہ　(د) جیوتا

(۶۲) کس مسلمان سائنس دان نے یہ نظریہ پیش کیا کہ تمام دھاتیں گندھک اور پارے سے بنی ہیں؟

(ا) جابر بن حیان　(ب) ابوالقاسم الزہراوی

(ج) ابن سینا　(د) محمد بن زکریا رازی

(۶۳) ایک مسلم سائنس دان نے خلیفہ کو یہ پیش کش کی کہ وہ دریائے نیل کے بہاؤ کو قابو میں لا سکتا ہے۔ لیکن جب اس نے اسوان کے قریب دریا کا معائنہ کیا تو اس نے یہ منصوبہ ترک کر دیا اور اسے نہایت شرمندگی ہوئی۔ اس سائنس دان کا نام کیا تھا؟

(ا) ابن الہیثم (ب) ابوالقاسم الزہراوی

(ج) جابر بن حیان (د) محمد بن زکریا رازی

(۶۴) گردے اور مثانے کی پتھری کا علاج کس مسلم سائنس دان نے دریافت کیا؟

(ا) ابوالقاسم الزہراوی (ب) جابر بن حیان

(ج) محمد بن زکریا رازی (د) ابن سینا

(۶۵) فرقہ معتزلہ کا بانی واصل بن عطاء کن کا شاگرد تھا؟

(ا) ابوالحسن اشعری (ب) ہمام بن منبہ

(ج) حضرت حسن بصری (د) امام ابوحنیفہ

(۶۶) کس عباسی حکمران کے عہدِ حکومت کو "عہدِ سرور" کہا جاتا ہے؟

(ا) ابوجعفر منصور (ب) متوکل علی اللہ

(ج) امین الرشید (د) ہارون الرشید

(۶۷) "تاریخ الرسل والملوک" کن کی تصنیف ہے؟

(ا) محمد بن جریر طبری (ب) جلال الدین سیوطی

(ج) ابن کثیر (د) محمد بن سعد

(۶۸) ہندوستان میں اسلامی سلطنت کی بنیاد کس مسلم جرنیل نے رکھی؟

(ا) شہاب الدین محمد غوری (ب) سلطان محمود غزنوی

(ج) صلاح الدین ایوبی (د) قطب الدین ایبک

(۶۹) عباسی تحریک کے آخری سربراہ کا نام تھا:

(ا) ابوالعباس عبداللہ (ب) محمد بن حنفیہ

(ج) ابوہاشم عبداللہ (د) محمد بن علی

(۷۰) مسئلہ خلق قرآن کی اشاعت میں سب سے زیادہ کردار ادا کیا؟

(ا) ہارون الرشید (ب) واثق باللہ

(ج) معتصم باللہ (د) ابوجعفر منصور

(۷۱) کتاب الاموال کے مصنف کا نام ہے:

(ا) امام ابویوسف (ب) یحییٰ بن آدم القرشی

(ج) ابن حزم (د) امام ابوعبید القاسم بن سلام

(۷۲) وادی الحجارہ (پتھروں والی بستی) اور مدینہ مائدہ (میز والا شہر) کس ملک کے شہر ہیں؟

(ا) اندلس (ب) مصر

(ج) شام (د) لبنان

(۷۳) "عمر ثانی" کن کو کہا جاتا ہے؟

(ا) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر بن عبدالعزیز

(ج) صلاح الدین ایوبی (د) نورالدین زنگی

(۷۴) کس اموی حکمران کو "مفتاح الخیر" کا لقب دیا گیا ہے؟

(ا) حضرت عمر بن عبدالعزیز (ب) سلیمان بن عبدالملک

(ج) ولید بن عبدالملک (د) ہشام بن عبدالملک

(۷۵) "برعظیم پاک و ہند کی ملت اسلامیہ" کس کی تصنیف ہے؟

(ا) اشتیاق حسین قریشی (ب) سیّد حسن ریاض

(ج) ابوالکلام آزاد (د) مولانا ظفر علی خان

(۷۶) "کبیرہ گناہ کا ارتکاب کرنے والا ایمان و کفر کے درمیانہ درجہ میں ہوتا ہے۔" یہ کس فرقہ کا نظریہ ہے؟

(ا) جبریہ (ب) قدریہ

(ج) معتزلہ (د) خوارج

(۷۷) حکمت شریعت کی سہیلی اور بہن ہے۔ دونوں آپس میں متحد اور مربوط ہیں۔ اس لیے دینی علوم کی طرح علم منطق اور علم فلسفہ کی تحصیل ضروری ہے۔ یہ قول کس مسلم فلسفی کا ہے؟

(ا) فارابی (ب) ابن طفیل

(ج) امام غزالی (د) ابن رُشد

(۷۸) اُمّ درمان کس اسلامی ملک کا شہر ہے؟

(ا) سوڈان ✓ (ب) مصر
(ج) یمن (د) ایران

(۷۹) کتاب الخراج کے مصنف کا نام ہے:

(ا) امام ابوعبید (ب) ابن حزم
(ج) امام ابویوسف ✓ (د) ابن خلدون

(۸۰) جماعت اسلامی کی بنیاد کس شہر میں رکھی گئی؟

(ا) نئی دہلی (ب) مدراس
(ج) کراچی (د) لاہور ✓

(۸۱) تحریک خلافت کے اہم رہنما تھے:

(ا) سرسیّد احمد خاں (ب) مولانا محمد علی جوہر ✓
(ج) مولانا شبیر احمد عثمانی (د) مولانا عبیداللہ سندھی

(۸۲) تاریخ فلسفہ میں منطق کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

(ا) ارسطو ✓ (ب) سقراط
(ج) افلاطون (د) فیثا غورث

(۸۳) ''اسلام کا نظام حکومت'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) مولانا حامد الانصاری ✓ (ب) مولانا گوہر الرحمٰن
(ج) ابوالاعلیٰ مودودی (د) سیّد مناظر احسن گیلانی

(۸۴) ابن رشد کی اس کتاب کا نام بتائیں جو انہوں نے امام غزالی کے افکار کے ردّ میں لکھی؟

(ا) تہافتہ التہافتہ ✓ (ب) مقاصد الفلاسفہ
(ج) بدایۃ المجتہد (د) المنقذ من الضلال

(۸۵) ابوجا کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے؟

(ا) نائیجیریا ✓ (ب) مراکش
(ج) ملائیشیا (د) انڈونیشیا

(۸۶) تحریک مجاہدین کے سربراہ سیّد احمد شہید کہاں پیدا ہوئے؟

(ا) دہلی (ب) رائے بریلی ✓
(ج) کلکتہ (د) حیدرآباد دکن

(۸۷) حضرت مجدد الف ثانی کو کس مغل حکمران نے سجدہ نہ کرنے کے باعث قید کیا؟

(ا) جلال الدین اکبر (ب) جہانگیر ✓
(ج) ہمایوں (د) اورنگ زیب عالمگیر

(۸۸) فتاویٰ ہندیہ (فتاویٰ عالمگیری) نامی کتاب کس مغل حکمران کے دور میں مدوّن ہوئی؟

(ا) جلال الدین اکبر (ب) اورنگ زیب عالمگیر ✓
(ج) شاہجہان (د) ظہیر الدین محمد بابر

(۸۹) کتاب ''خلافت و ملوکیت'' کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ابوالاعلیٰ مودودی ✓ (ب) سیّد مناظر احسن گیلانی
(ج) مولانا ابوالکلام آزاد (د) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر

(۹۰) بنگلہ دیش کو دنیا بھر میں کس چیز کی پیداوار میں اجارہ داری حاصل ہے؟

(ا) چاول (ب) گندم
(ج) پٹ سن ✓ (د) تمباکو

(۹۱) گیس سب سے زیادہ کس اسلامی ملک سے نکلتی ہے؟

(ا) عراق (ب) سعودی عرب
(ج) ترکی (د) ایران ✓

(۹۲) ''السنۃ قبل التدوین'' کے مؤلف کا نام لکھیں؟

(ا) عجاج الخطیب ✓ (ب) ابن حجر عسقلانی
(ج) مناظر احسن گیلانی (د) سیّد رشید رضا

(۹۳) مزار شریف کس اسلامی ملک کا شہر ہے؟

(ا) ایران (ب) افغانستان ✓
(ج) مصر (د) شام

(۹۴) یمن کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) ✓ براعظم ایشیا　　(ب) براعظم افریقہ

(ج) براعظم آسٹریلیا　　(د) براعظم یورپ

(۹۵) "حفاظت حدیث" کے مؤلف کا نام کیا ہے؟

(ا) ✓ ڈاکٹر خالد علوی　　(ب) مفتی محمد شفیع

(ج) پیر محمد کرم شاہ　　(د) ابوالاعلیٰ مودودی

(۹۶) مشہد کس اسلامی ملک کا شہر ہے؟

(ا) افغانستان　　(ب) مصر

(ج) ✓ ایران　　(د) مراکش

(۹۷) جب پاکستان نے ایٹمی دھماکے کیے، اس وقت امریکہ کا صدر کون تھا؟

(ا) ✓ کلنٹن　　(ب) جارج بش

(ج) باراک اوبامہ　　(د) واشنگٹن

(۹۸) تیونس کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) ✓ براعظم افریقہ　　(ب) براعظم ایشیا

(ج) براعظم یورپ　　(د) براعظم آسٹریلیا

(۹۹) الماتا کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے؟

(ا) انڈونیشیا　　(ب) ✓ قازقستان

(ج) مراکش　　(د) ترکی

(۱۰۰) "دینِ الٰہی" کس مغل بادشاہ نے جاری کیا تھا؟

(ا) شاہجہان　　(ب) ✓ جلال الدین اکبر

(ج) ظہیر الدین محمد بابر　　(د) بہادر شاہ اوّل

(۱۰۱) مسلم لیگ کا قیام کب عمل میں آیا؟

(ا) دسمبر ۱۹۰۵ء　　(ب) ✓ دسمبر ۱۹۰۶ء

(ج) دسمبر ۱۹۰۷ء　　(د) دسمبر ۱۹۰۸ء

(۱۰۲) منازل العرفان فی علوم القرآن کے مؤلف کا نام کیا ہے؟

(ا) ✓ عبدالعظیم الزرقانی　　(ب) عبدالقادر عودہ

(ج) احمد مصطفیٰ المراغی　　(د) صبحی صالح

(۱۰۳) "سپین کے مسلمانوں کی سیاسی تاریخ" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) حسن ابراہیم　　(ب) ✓ امام دین

(ج) عزیز محمد　　(د) معین الدین ندوی

(۱۰۴) قصص النبیین کن کی تصنیف ہے؟

(ا) حفظ الرحمٰن سیوہاروی　　(ب) مسعود عالم ندوی

(ج) ✓ ابوالحسن علی ندوی　　(د) معین الدین ندوی

(۱۰۵) اسلامی قانون کی تدوین کے مصنف کا نام ہے؟

(ا) مناظر احسن گیلانی　　(ب) مجیب اللہ ندوی

(ج) عبدالسلام ندوی　　(د) ✓ امین احسن اصلاحی

(۱۰۶) "الانصاف فی بیان سبب الاختلاف" کن کی تصنیف ہے؟

(ا) شاہ عبدالقادر　　(ب) شاہ رفیع الدین

(ج) شاہ عبدالعزیز　　(د) ✓ شاہ ولی اللہ

(۱۰۷) "محمد بن عبدالوہاب ایک بدنام مصلح" کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ✓ مسعود عالم ندوی　　(ب) مولانا عبدالسلام ندوی

(ج) محمد حنیف ندوی　　(د) سیّد اسعد گیلانی

(۱۰۸) "اقبال اور احیائے دین" کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ڈاکٹر محمود احمد غازی　　(ب) ڈاکٹر انور اقبال قریشی

(ج) ✓ ڈاکٹر خالد علوی　　(د) عبدالحمید صدیقی

(۱۰۹) "قرآن اور علم جدید" کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم　　(ب) ڈاکٹر محمد اقبال

(ج) ڈاکٹر محمود احمد غازی　　(د) ✓ ڈاکٹر رفیع الدین

مثالی سیٹ (۴)

(۱) شاہ ولی اللہ کی کتاب "الفوز الکبیر" کے چوتھے باب کا عنوان ہے:

(ا) ✓ فنون تفسیر اور صحابہ و تابعین کے اختلافات کا حل
(ب) علوم پنجگانہ
(ج) اسباب نزول
(د) محکمات و متشابہات

(۲) شاہ ولی اللہ نے اپنی تصنیف "الفوز الکبیر" کے کس باب میں علوم پنجگانہ بیان کیے ہیں؟

(ا) باب دوم
(ب) باب سوم
(ج) باب چہارم
(د) ✓ باب اوّل

(۳) "الکشاف عن حقائق التنزیل" کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) ✓ محمود بن عمر زمخشری
(ب) امام رازی
(ج) قاضی بیضاوی
(د) ابن کثیر

(۴) رئیس المفسرین کہا جاتا ہے:

(ا) ✓ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ
(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۵) مسجود ملائک کس پیغمبر کا لقب ہے؟

(ا) ✓ حضرت آدم علیہ السلام
(ب) حضرت نوح علیہ السلام
(ج) حضرت ہود علیہ السلام
(د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۶) حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا جو عذاب الٰہی سے محفوظ نہ رہ سکا، اس کا نام کیا تھا؟

(ا) ✓ کنعان
(ب) ہابیل
(ج) قابیل
(د) قلیط

(۷) قوم عاد پر کون سا عذاب آیا؟

(ا) زلزلہ
(ب) ✓ تیز آندھی، طوفان
(ج) سیلاب
(د) آگ کا عذاب

(۸) قوم ثمود کی طرف کس پیغمبر کو بھیجا گیا؟

(ا) ✓ حضرت صالح علیہ السلام
(ب) حضرت ہود علیہ السلام
(ج) حضرت شعیب علیہ السلام
(د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۹) قوم ثمود پر کون سا عذاب آیا؟

(ا) طوفان
(ب) خون کا عذاب
(ج) ✓ زلزلہ، سخت چیخ
(د) آندھی

(۱۰) "خطیب الانبیاء" کس پیغمبر کا لقب ہے؟

(ا) حضرت یونس علیہ السلام
(ب) حضرت یوسف علیہ السلام
(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام
(د) ✓ حضرت شعیب علیہ السلام

(۱۱) اللہ تعالیٰ نے کس مقام پر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا؟

(ا) ✓ کوہ طور پر
(ب) وادی سینا
(ج) یروشلم
(د) ناصریہ

(۱۲) حضرت ابراہیم نے نمرود کو کس دلیل سے لا جواب کیا؟

(ا) ✓ میرا رب سورج کو مشرق سے لاتا ہے تو اسے مغرب سے طلوع کر
(ب) مُردوں کو زندہ کر
(ج) بارش برسا
(د) غلہ پیدا کر

(۱۳) بنی اسرائیل میں مبعوث ہونے والے آخری پیغمبر کا نام لکھیں؟

(ا) حضرت داؤد علیہ السلام
(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام
(ج) حضرت ہارون علیہ السلام
(د) ✓ حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(۱۴) قرآن حکیم نے کس پیغمبر کے تذکرے کو "احسن القصص" سے تعبیر کیا ہے؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام
(ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام
(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام
(د) ✓ حضرت یوسف علیہ السلام

(۱۵) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دور کا جو فرعون تھا اس کا نام کیا تھا؟

(ا) اقلیدس
(ب) ✓ رعمیس ثانی
(ج) سارٹن
(د) ارون اوّل

(۱۶) قرآن حکیم میں عزیزِ مصر کی بیوی کو کس نام سے پکارا گیا ہے؟

(ا) امراۃ العزیز ✓ — (ب) آسیہ

(ج) صفیہ — (د) سارہ

(۱۷) ''اصحاب کہف والرقیم'' کا معنی ہے:

(ا) پہاڑ والے لوگ — (ب) بہادر لوگ

(ج) غار اور کتبے والے لوگ ✓ — (د) پناہ لینے والے لوگ

(۱۸) قرآن حکیم میں ''وادی غیر ذی زرع'' کس سرزمین کو کہا گیا ہے؟

(ا) مکہ مکرمہ کی سرزمین ✓ — (ب) مدینہ منورہ کی سرزمین

(ج) بیت المقدس کی سرزمین — (د) وادی سینا

(۱۹) قرآن کی رو سے کون سے محلول میں شفاء ہے:

(ا) شہد ✓ — (ب) دودھ

(ج) پھل — (د) گوشت

(۲۰) اُم القریٰ کس شہر کو کہا جاتا ہے؟

(ا) مکہ مکرمہ ✓ — (ب) مدینہ منورہ

(ج) بیت المقدس — (د) دمشق

(۲۱) قرآن حکیم کی کس سورت کی آخری دو آیات، میت کو قبر میں دفنانے کے بعد پڑھی جاتی ہیں؟

(ا) سورۂ مائدہ — (ب) سورۂ بقرہ ✓

(ج) سورۂ نساء — (د) سورۂ نحل

(۲۲) وہ حدیث جس کی سند متصل ہو اور جس کا راوی صاحب العدالت مگر قلیل الضبط ہو اور اس میں شذوذ و علت بھی نہ ہو اسے کہا جاتا ہے:

(ا) حدیث حسن ✓ — (ب) حدیث مشہور

(ج) مرفوع — (د) موقوف

(۲۳) وہ حدیث جس کی سند سے کوئی راوی ساقط ہو یا اس میں کوئی مبہم راوی ذکر کیا گیا ہو اُسے کہتے ہیں:

(ا) منکر — (ب) منقطع ✓

(ج) موضوع — (د) عزیز

(۲۴) حدیث کی جس کتاب میں صرف ایک ہی صحابی یا راوی کی مرویات جمع ہوں اس کو کہتے ہیں؟

(ا) معجم — (ب) مسند

(ج) مستدرک — (د) جزء ✓

(۲۵) کثیر الروایہ صحابہ میں شمار ہوتا ہے:

(ا) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ — (ب) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف

(ج) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ✓ — (د) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

(۲۶) المسویٰ کس کتاب کی شرح ہے؟

(ا) صحیح بخاری — (ب) صحیح مسلم

(ج) مؤطا ✓ — (د) جامع ترمذی

(۲۷) حدیث کے مطابق میت کے ساتھ جو چیز رہتی ہے:

(ا) مال — (ب) اہل وعیال

(ج) دولت — (د) اعمال ✓

(۲۸) حدیث کے مطابق جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو اور اس کی عمر لمبی ہو، اسے چاہیے کہ وہ:

(ا) نماز کی پابندی کرے — (ب) کثرت سے روزے رکھے

(ج) زیادہ حج کرے — (د) اپنے رشتہ داروں سے تعلق جوڑے ✓

(۲۹) کس فقہ میں اہل مدینہ کے عمل کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے؟

(ا) فقہ حنفی — (ب) فقہ شافعی

(ج) فقہ حنبلی — (د) فقہ مالکی ✓

(۳۰) بعض مستشرقین کی رائے یہ ہے کہ اسلامی قانون کا سرچشمہ ہے:

(ا) ایرانی قانون — (ب) یہودی قانون

(ج) انگریزی قانون — (د) رومی قانون ✓

(۳۱) با جماعت نماز کے لیے کم از کم دو افراد، ایک امام اور دوسرا مقتدی کا ہونا ضروری ہے۔ آپ یہ بتائیے کہ مقتدی امام کے کس طرف کھڑا ہوگا؟

(ا) امام کے دائیں طرف ✓ — (ب) امام کے بائیں طرف

(ج) امام کے پیچھے — (د) کوئی جواب درست نہیں

(۳۲) وہ کون سی نماز ہے جس میں قرآن پاک کی تلاوت نہیں کی جاتی؟

(ا) نمازِ اشراق　(ب) نمازِ جنازہ ✓

(ج) نمازِ چاشت　(د) نمازِ تہجد

(۳۳) کیا مطلقہ یا بیوہ عورت کو عدت کے دوران نکاح کا پیغام دیا جا سکتا ہے؟

(ا) دیا جا سکتا ہے　(ب) نہیں دیا جا سکتا ✓

(ج) نکاح کیا جا سکتا ہے　(د) کوئی جواب درست نہیں

(۳۴) جزیرۃ العرب میں بت پرستی متعارف کرانے والے شخص کا نام تھا:

(ا) عمرو بن لُحی ✓　(ب) عتبہ

(ج) ابوجہل　(د) عقبہ بن ابی معیط

(۳۵) رسول اکرم ﷺ جب حضرت خدیجہ ؓ کا مال تجارت لے کر شام گئے تو آپ کے ساتھ اور کون تھے:

(ا) نوفل　(ب) میسرہ ✓

(ج) ابوطالب　(د) جعفر

(۳۶) پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟

(ا) اُمِّ ہانی ؓ کے گھر　(ب) حضرت خدیجہ ؓ کے گھر

(ج) غارِ حرا میں ✓　(د) غارِ ثور میں

(۳۷) دارِ ارقم واقع تھا:

(ا) مدینہ میں　(ب) مکہ میں ✓

(ج) دمشق میں　(د) بصرہ میں

(۳۸) قریش مکہ نے آپ ﷺ کو دنیوی ترغیبات دینے کے لیے کس کو اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا تھا:

(ا) ابوجہل　(ب) سہیل بن عمرو

(ج) شیبہ　(د) عتبہ بن ربیعہ ✓

(۳۹) غزوہ احزاب میں خندق کھودنے کا مشورہ کن صحابی نے دیا تھا؟

(ا) حضرت ابوذر غفاری ؓ　(ب) حضرت سلمان فارسی ؓ ✓

(ج) حضرت عثمان غنی ؓ　(د) حضرت علی ؓ

(۴۰) بیعت رضوان ہوئی:

(ا) غزوہ بدر کے موقع پر　(ب) غزوہ اُحد کے موقع پر

(ج) صلح نامہ حدیبیہ کے موقع پر ✓　(د) غزوہ احزاب کے موقع پر

(۴۱) خسرو پرویز شاہ ایران کے نام آپ کا خط مبارک لے کر گئے تھے:

(ا) حضرت حاطب بن ابی بلتعہ ؓ　(ب) حضرت عبداللہ بن حذافہ ؓ ✓

(ج) حضرت عثمان غنی ؓ　(د) حضرت علی ؓ

(۴۲) حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے والد محترم، ابوقحافہ ؓ مسلمان ہوئے:

(ا) غزوۂ بدر کے بعد　(ب) غزوۂ اُحد کے بعد

(ج) غزوۂ خندق کے بعد　(د) فتح مکہ کے بعد ✓

(۴۳) ''عام الرمادہ'' کہا جاتا ہے:

(ا) پندرہ ہجری کا سال　(ب) سولہ ہجری کا سال

(ج) سترہ ہجری کا سال　(د) اٹھارہ ہجری کا سال ✓

(۴۴) ابوحفص کن کی کنیت ہے؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق ؓ　(ب) حضرت عثمان غنی ؓ

(ج) حضرت علی ؓ　(د) حضرت عمر بن خطاب ؓ ✓

(۴۵) کن صحابی نے مدینہ میں بئر رومہ خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا تھا:

(ا) حضرت ابوبکر صدیق ؓ　(ب) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ؓ

(ج) حضرت علی ؓ　(د) حضرت عثمان غنی ؓ ✓

(۴۶) جنگ صفین کے موقع پر تحکیم کے لیے حضرت علی ؓ کی جانب سے نمائندہ مقرر ہوئے:

(ا) حضرت عبداللہ بن عمر ؓ　(ب) حضرت جابر بن عبداللہ ؓ

(ج) حضرت ابوموسیٰ اشعری ؓ ✓　(د) حضرت انس بن مالک ؓ

(۴۷) ہندومت کے ''فلسفہ ویدانت'' کے بانی کا نام ہے:

(ا) کرشن رام　(ب) پتنجلی

(ج) کپلا　(د) بدرایانہ ✓

(۴۸) "آریاسماج" کے بانی کا نام تھا:

(ا) راجہ رام موہن رائے　　(ب) سدھارتھ

(ج) کرشن مہاراج　　(د) سوامی دیانند سرسوتی

(۴۹) "گوتم بدھ" کا اصل نام تھا:

(ا) سدھارتھ　　(ب) مہاویر

(ج) وکرم　　(د) رام چند

(۵۰) "مینار خاموشی" یا "داکھما" سے مراد ہے:

(ا) وہ جگہ جہاں بدھ مت کے پیروکار اپنے مُردوں کو ٹھکانے لگاتے ہیں

(ب) وہ جگہ جہاں سکھ مت کے پیروکار اپنے مُردوں کو ٹھکانے لگاتے ہیں

(ج) وہ جگہ جہاں یہودی مذہب کے پیروکار اپنے مُردوں کو ٹھکانے لگاتے ہیں

(د) وہ جگہ جہاں زرتشت مذہب کے پیروکار اپنے مُردوں کو ٹھکانے لگاتے ہیں

(۵۱) "تسع آیات" سے مراد ہے:

(ا) پانچ آیات　　(ب) چھ آیات

(ج) سات آیات　　(د) نو معجزات

(۵۲) "عقیدہ تثلیث" کس مذہب میں پایا جاتا ہے؟

(ا) یہودیت　　(ب) بدھ مت

(ج) جین مت　　(د) عیسائیت

(۵۳) زکوٰۃ کے مصارف میں "غارمین" سے مراد ہیں:

(ا) مقروض　　(ب) مسافر

(ج) کارکن　　(د) غلام

(۵۴) "علم الفرائض" سے مراد ہے:

(ا) فرض نمازوں کا علم　　(ب) فرض روزوں کا علم

(ج) ذمہ داریوں کا علم　　(د) وراثت کا علم

(۵۵) خراج کا معنی ہے:

(ا) کرایہ اور محصول　　(ب) پیداوار وصول کرنا

(ج) مال تجارت پر ٹیکس　　(د) مال غنیمت

(۵۶) کس نظام میں شرح سود صفر ہوتی ہے؟

(ا) نظام جاگیرداری　　(ب) نظام سرمایہ داری

(ج) فاشزم　　(د) اشتراکیت

(۵۷) "قدر زائد کا نظریہ" کس اشتراکی مفکر نے پیش کیا ہے؟

(ا) لینن　　(ب) رابرٹ اوئن

(ج) فریڈرک انجلز　　(د) کارل مارکس

(۵۸) ابوالقاسم الزہراوی نے طب کی کس شاخ میں شہرت حاصل کی؟

(ا) علم الادویہ　　(ب) علم جراحت

(ج) معدہ کی بیماریاں　　(د) جگر کی بیماریاں

(۵۹) ابن بیطار سائنس کے کس شعبہ میں مہارت رکھتے تھے:

(ا) علم کیمیا　　(ب) علم جغرافیہ

(ج) علم ریاضی　　(د) علم نباتات

(۶۰) شمسی تقویم (کیلنڈر) کس مسلم سائنس دان نے وضع کیا؟

(ا) جابر بن حیان　　(ب) محمد بن موسیٰ خوارزمی

(ج) ابن سینا　　(د) عمر خیام

(۶۱) دنیائے اسلام کا شہرہ آفاق سائنس دان ہونے کا شرف کس مسلم سائنس دان کو حاصل ہے؟

(ا) ابن سینا　　(ب) جابر بن حیان

(ج) ابوالقاسم الزہراوی　　(د) ابن الہیثم

(۶۲) ابوالریحان البیرونی کو سائنس کے کس شعبہ میں مہارت حاصل تھی؟

(ا) علم طب　　(ب) علم ہیئت

(ج) علم زراعت　　(د) علم کیمیا

(۶۳) عہد بنو اُمیہ میں "فتوحات کا دور" کس حکمران کا کہلاتا ہے؟

(ا) حضرت عمر بن عبدالعزیز (ب) سلیمان بن عبدالملک

(ج) ✓ ولید بن عبدالملک (د) ہشام بن عبدالملک

(۶۴) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے کس بیماری سے انتقال کیا؟

(ا) دل کی بیماری (ب) ✓ طاعون

(ج) معدہ کی بیماری (د) جگر کی بیماری

(۶۵) "السيرة النبوية" کس عالم دین کی تصنیف ہے؟

(ا) قاضی عیاض (ب) ✓ عبدالملک بن ہشام

(ج) ابن کثیر (د) امام ابوحنیفہ

(۶۶) ابن رُشد یورپ میں کس نام سے مشہور ہوئے؟

(ا) ✓ Averroes (ب) Nverroes

(ج) Ibn-e-Rushd (د) Rashid

(۶۷) سنوسی تحریک کے بانی سیّد محمد بن علی السنوسی کہاں دفن ہیں؟

(ا) دمشق (ب) قاہرہ

(ج) بیروت (د) ✓ الجزائر کی جغبوب یونیورسٹی کے احاطہ میں

(۶۸) دولت عثمانیہ کے کس حکمران کی فوج کا نام "ینی چری" تھا:

(ا) عثمان اوّل (ب) عثمان دوم

(ج) سلطان محمد فاتح (د) ✓ سلطان اورخان

(۶۹) مغل حکمران شاہجہان نے اپنی کس بیوی کی یاد میں تاج محل بنوایا تھا؟

(ا) زبیدہ (ب) ✓ ارجمند بانو بیگم

(ج) زرینہ بیگم (د) قدسیہ بیگم

(۷۰) جنگ حطین کن کے درمیان ہوئی؟

(ا) ✓ صلاح الدین ایوبی اور عیسائی سردار ریناللہ کے مابین

(ب) خوارج اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فوج کے مابین

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی فوج کے مابین

(د) کوئی بھی جواب درست نہیں

(۷۱) امام مالک جس حدیث کو نافع اور ابن عمر رضی اللہ عنہ کے واسطے سے بیان کرتے ہیں، محدثین اس سند کو کیا کہتے ہیں؟

(ا) اعلیٰ سند (ب) اچھی سند

(ج) مضبوط سند (د) ✓ سلسلۃ الذہب

(۷۲) حضرت عمر بن عبدالعزیز نے کس خلیفہ کی وصیت کے مطابق حکومت سنبھالی تھی؟

(ا) ولید بن عبدالملک (ب) ✓ سلیمان بن عبدالملک

(ج) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ (د) ہشام بن عبدالملک

(۷۳) عراق کا دارالحکومت بغداد کس عباسی خلیفہ نے تعمیر کرایا تھا؟

(ا) ابوالعباس عبداللہ (ب) ✓ ابوجعفر منصور

(ج) ہارون الرشید (د) مامون الرشید

(۷۴) مراکش کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) ✓ رباط (ب) قاہرہ

(ج) بیروت (د) صنعاء

(۷۵) جس علم سے صیغوں کی پہچان ہوتی ہو اسے کہتے ہیں:

(ا) ✓ علم صَرف (ب) علم وراثت

(ج) علم ریاضی (د) کوئی جواب درست نہیں

(۷۶) موسیٰ بن نصیر جرنیل تھا:

(ا) عباسیوں کا (ب) عثمانیوں کا

(ج) ✓ امویوں کا (د) مغلوں کا

(۷۷) ایتھوپیا کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) ✓ براعظم افریقہ (ب) براعظم یورپ

(ج) براعظم ایشیا (د) براعظم آسٹریلیا

(۷۸) ہندوستان میں تاریخی عمارت "لال قلعہ" کس شہر میں ہے؟

(ا) آگرہ (ب) کلکتہ

(ج) مدراس (د) ✓ دہلی

(۷۹) "الرحیق المختوم" کس موضوع پر لکھی گئی ہے؟

(ا) سیرت　(ب) فقہ

(ج) طب　(د) زراعت

(۸۰) تہران کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے؟

(ا) مراکش　(ب) ترکی

(ج) ایران　(د) لبنان

(۸۱) ہندوستان میں "خاندان غلاماں" کی حکومت کا بانی تھا:

(ا) التمش　(ب) قطب الدین ایبک

(ج) بہرام شاہ　(د) غیاث الدین بلبن

(۸۲) امام ابو یوسف نے اپنی تصنیف "کتاب الخراج" کس عباسی خلیفہ کی رہنمائی کے لیے تحریر کی تھی؟

(ا) ابو جعفر منصور　(ب) محمد مہدی

(ج) متوکل علی اللہ　(د) ہارون الرشید

(۸۳) سومنات کا تاریخی مندر کس حکمران نے فتح کیا؟

(ا) شاہجہان　(ب) سلطان محمود غزنوی

(ج) شہاب الدین غوری　(د) ظہیر الدین محمد بابر

(۸۴) ڈھاکا کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے؟

(ا) مراکش　(ب) بنگلہ دیش

(ج) مصر　(د) شام

(۸۵) آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے چھوٹا اسلامی ملک ہے؟

(ا) لبنان　(ب) مصر

(ج) شام　(د) مالدیپ

(۸۶) "احیاء علوم الدین" کن عالم دین نے تحریر کی؟

(ا) امام ابن تیمیہ　(ب) امام غزالی

(ج) ابن خلدون　(د) شاہ ولی اللہ

(۸۷) سلاطین دہلی کی بنیاد کس حکمران نے رکھی تھی؟

(ا) قطب الدین ایبک　(ب) غیاث الدین بلبن

(ج) التمش　(د) بہرام شاہ

(۸۸) افغانستان کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) مزار شریف　(ب) قندھار

(ج) غزنی　(د) کابل

(۸۹) کوالالمپور کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے:

(ا) ملائیشیا　(ب) مراکش

(ج) ترکی　(د) ایران

(۹۰) کویت کس براعظم میں واقع ہے:

(ا) براعظم افریقہ　(ب) براعظم یورپ

(ج) براعظم آسٹریلیا　(د) براعظم ایشیا

(۹۱) معاشیات پر امام ابو عبید القاسم بن سلام کی تصنیف کا نام ہے:

(ا) کتاب الخراج　(ب) کتاب الحث علی التجارۃ

(ج) الاحکام السلطانیۃ　(د) کتاب الاموال

(۹۲) ڈاکر کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے:

(ا) سینی گال　(ب) لبنان

(ج) ترکی　(د) مصر

(۹۳) سعودی عرب کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم افریقہ　(ب) براعظم ایشیا

(ج) براعظم یورپ　(د) براعظم آسٹریلیا

(۹۴) فلسطین کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم ایشیا　(ب) براعظم یورپ

(ج) براعظم افریقہ　(د) براعظم آسٹریلیا

(۹۵)''اسلامی سیاست'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) مولانا گوہرالرحمٰن — (ب) ابوالاعلیٰ مودودی

(ج) سیّد مناظر احسن گیلانی — (د) مولانا حامد الانصاری

(۹۶) آذربائیجان کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) تاشقند — (ب) باکو

(ج) سمرقند — (د) بخارا

(۹۷) سنوسی تحریک کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(ا) مصر — (ب) شام

(ج) الجزائر — (د) لبنان

(۹۸)''مسئلہ جبر وقدر'' کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ابوالاعلیٰ مودودی — (ب) سیّد ابوالحسن علی ندوی

(ج) مولانا ابوالکلام آزاد — (د) خورشید احمد

(۹۹) مصر کی جماعت ''الاخوان المسلمون'' کی تشکیل کے وقت کل کتنے افراد موجود تھے؟

(ا) پانچ — (ب) چھ

(ج) سات — (د) آٹھ

(۱۰۰) عربی گرائمر کے مطابق کلمہ کی قسمیں ہیں:

(ا) دو — (ب) تین

(ج) چار — (د) پانچ

(۱۰۱) تبلیغی جماعت کے بانی مولانا محمد الیاس نے کس سال تبلیغ کا آغاز کیا؟

(ا) ۱۹۱۵ء — (ب) ۱۹۱۷ء

(ج) ۱۹۱۹ء — (د) ۱۹۲۰ء

(۱۰۲) ملائیشیا کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) قاہرہ — (ب) بیروت

(ج) مسقط — (د) کوالالمپور

(۱۰۳) اخبار العلماء باخبار الحکماء (تاریخ الحکماء) کن کی تالیف ہے؟

(ا) ابن اثیر — (ب) ابن عبدالحکیم

(ج) ابن باجہ — (د) ابن القفطی

(۱۰۴) حکمائے اسلام کن کی تصنیف ہے؟

(ا) مولانا عبدالسلام ندوی — (ب) سیّد سلیمان ندوی

(ج) ابوالکلام آزاد — (د) عبدالحمید صدیقی

(۱۰۵) اخلاق اور فلسفہ اخلاق کن کی تصنیف ہے؟

(ا) عبدالسلام ندوی — (ب) حفظ الرحمٰن سیوہاروی

(ج) ابوالاعلیٰ مودودی — (د) ڈاکٹر خالد علوی

(۱۰۶) تاریخ تصوف کن کی تصنیف ہے؟

(ا) یوسف سلیم چشتی — (ب) خلیق احمد نظامی

(ج) مولانا محمد بدر عالم — (د) محمد حنیف ندوی

(۱۰۷) مذہب اور سائنس کن کی تصنیف ہے؟

(ا) عبدالباری ندوی — (ب) عبدالسلام ندوی

(ج) ابوالکلام آزاد — (د) ڈاکٹر رفیع الدین

(۱۰۸) انسانیت کی تعمیر نو اور اسلام کن کی تصنیف ہے؟

(ا) شبلی نعمانی — (ب) منظور احمد نعمانی

(ج) عبدالحمید صدیقی — (د) سیّد اسعد گیلانی

(۱۰۹) بزم صوفیاء کن کی تصنیف ہے؟

(ا) یوسف سلیم چشتی — (ب) خلیق احمد نظامی

(ج) حکیم محمد موسیٰ امرتسری — (د) سیّد صباح الدین عبدالرحمٰن

(۱۱۰) عقلیات ابن تیمیہ کن کی تصنیف ہے؟

(ا) مولانا عبدالسلام ندوی — (ب) ڈاکٹر غلام جیلانی برق

(ج) مولانا محمد حنیف ندوی — (د) ابوالحسن علی ندوی

مثالی سیٹ (۵)

(۱) الفوز الکبیر کے پانچویں باب کا موضوع ہے:

(ا) علوم پنجگانہ
(ب) غریب القرآن کی شرح
(ج) اسلوب قرآن
(د) ناسخ و منسوخ

(۲) شاہ ولی اللہ کے نزدیک آیات مخاصمہ کے نزول کا سبب ہے:

(ا) لوگوں کے عقائد باطلہ
(ب) لوگوں کا نماز نہ پڑھنا
(ج) برے اعمال
(د) لوگوں کے برے رویے

(۳) تفسیر کشاف کس کتب فکر کی نمائندہ تفسیر ہے؟

(ا) معتزلہ
(ب) خوارج
(ج) اشاعرہ
(د) قدریہ

(۴) تفسیر ''تنویر المقیاس'' کن کی طرف منسوب ہے؟

(ا) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ
(د) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

(۵) ابوالبشر کن پیغمبر کا لقب ہے؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام
(ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام
(ج) حضرت آدم علیہ السلام
(د) حضرت ہود علیہ السلام

(۶) ''آدم ثانی'' کن پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام
(ب) حضرت ایوب علیہ السلام
(ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام
(د) حضرت داؤد علیہ السلام

(۷) قوم عاد کی طرف کن پیغمبر کو بھیجا گیا؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام
(ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام
(ج) حضرت شعیب علیہ السلام
(د) حضرت یعقوب علیہ السلام

(۸) قوم ثمود کو عذاب دینے کے لیے کتنے دن کی مہلت دی گئی؟

(ا) دو دن
(ب) تین دن
(ج) چار دن
(د) پانچ دن

(۹) کس قوم پر آگ کا عذاب برسا؟

(ا) اصحاب الایکہ
(ب) قوم عاد
(ج) قوم نوح
(د) قوم موسیٰ

(۱۰) ''قوم مدین'' کا تعلق کن پیغمبر سے تھا؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام
(ب) حضرت شعیب علیہ السلام
(ج) حضرت نوح علیہ السلام
(د) حضرت صالح علیہ السلام

(۱۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام کس قوم کی طرف مبعوث کیے گئے؟

(ا) قوم عاد
(ب) قوم ثمود
(ج) اصحاب مدین
(د) بنی اسرائیل

(۱۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اپنی بیوی حضرت ہاجرہ اور بیٹے اسماعیل کو کہاں چھوڑا تھا؟

(ا) نجد کی وادی
(ب) وادی غیر ذی زرع
(ج) مدینہ
(د) بیت المقدس

(۱۳) وہ کون سے پیغمبر ہیں جنہوں نے گہوارے میں کلام کیا؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام
(ب) حضرت شعیب علیہ السلام
(ج) حضرت یونس علیہ السلام
(د) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(۱۴) ''احسن القصص'' کس سورت کو کہا جاتا ہے؟

(ا) سورۂ نساء
(ب) سورۂ مائدہ
(ج) سورۂ توبہ
(د) سورۂ یوسف

(۱۵) کس پیغمبر کی قوم بعل بت کی پرستش کرتی تھی؟

(ا) حضرت ایوب علیہ السلام
(ب) حضرت یونس علیہ السلام
(ج) حضرت الیاس علیہ السلام
(د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۱۶) مسجد اقصیٰ کے معمار کون سے نبی تھے؟

(ا) حضرت داؤد علیہ السلام　(ب) ✓ حضرت سلیمان علیہ السلام

(ج) حضرت ایوب علیہ السلام　(د) حضرت شعیب علیہ السلام

(۱۷) الصلوٰۃ الوسطیٰ (درمیان والی نماز) سے مراد کون سی نماز ہے؟

(ا) نمازِ ظہر　(ب) نمازِ مغرب

(ج) ✓ نمازِ عصر　(د) نمازِ عشاء

(۱۸) قرآن حکیم کی وہ کون سی سورت ہے، جس کو گھر میں پڑھا جائے تو اس گھر سے شیطان بھاگ جاتا ہے؟

(ا) سورۂ مائدہ　(ب) ✓ سورۂ بقرہ

(ج) سورۂ نحل　(د) سورۂ نور

(۱۹) وہ کون سے دو گناہ ہیں جن کا ارتکاب دنیائے انسانیت میں سب سے پہلے کیا گیا؟

(ا) ✓ حسد اور تکبر　(ب) قتل اور بدکاری

(ج) غیبت اور بہتان　(د) جھوٹ اور منافقت

(۲۰) قرآن پاک کا دل کہا جاتا ہے؟

(ا) سورۂ رحمٰن　(ب) ✓ سورۂ یٰسٓ

(ج) سورۂ مزمل　(د) سورۂ ملک

(۲۱) الحدید کے معنی ہیں:

(ا) میز　(ب) دسترخوان

(ج) ✓ لوہا　(د) حدود

(۲۲) الحجرات کے معنی ہیں:

(ا) ✓ کمرے　(ب) میز

(ج) صحن　(د) دیوار

(۲۳) کسی راوی کی روایت قبول کرنے کے لیے اس میں کتنی شرطوں کا پایا جانا ضروری ہے؟

(ا) دو　(ب) تین

(ج) ✓ چار　(د) پانچ

(۲۴) وہ بات جو رسول اکرم ﷺ کی جانب منسوب ہو، خواہ اس کی نسبت آپ کی طرف صحابی نے کی ہو یا تابعی نے یا کسی اور نے اور خواہ اس کی سند متصل ہو یا نہ ہو، کہلاتی ہے:

(ا) ✓ مرفوع　(ب) موقوف

(ج) مشہور　(د) عزیز

(۲۵) اگر کوئی مصنف کسی کتاب کی احادیث کو کتاب کے جامع و مؤلف کے علاوہ اپنی سند سے روایت کرے اور اس کی سند مؤلف کتاب کے شیخ کے ساتھ یا اس سے اوپر جا کر مل جائے اُسے کہتے ہیں:

(ا) ✓ متخرج　(ب) مستدرک

(ج) معجم　(د) جامع

(۲۶) شیخین سے کیا مراد ہیں؟

(ا) امام مالک و امام احمد　(ب) ✓ امام بخاری و امام مسلم

(ج) امام ترمذی اور امام نسائی　(د) امام ابن ماجہ و امام نسائی

(۲۷) "معالم السنن" حدیث کی کس کتاب کی شرح ہے:

(ا) صحیح بخاری　(ب) صحیح مسلم

(ج) سنن نسائی　(د) ✓ سنن ابی داؤد

(۲۸) حدیث نبوی کے مطابق کس شخص کو قیامت کے دن ساتوں زمینوں کا طوق پہنایا جائے گا؟

(ا) سودی کاروبار کرنے والا　(ب) ✓ ظلم سے کسی کی زمین پر قبضہ کرنے والا

(ج) بدکاری کرنے والا　(د) مال میں خیانت کرنے والا

(۲۹) رسول اکرم ﷺ نے دنیا کی سب سے بہتر متاع کس کو قرار دیا ہے؟

(ا) ✓ نیک عورت　(ب) ماں

(ج) باپ　(د) بہن

(۳۰) عورت غیر مشروط طور پر قاضی بن سکتی ہے۔ یہ کس فقیہ کی رائے ہے؟

(ا) امام مالک　(ب) امام احمد بن حنبل

(ج) امام زفر　(د) ✓ امام ابن جریر طبری

(۳۱) فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ حق مہر

(ا) صحت نکاح کی شرائط میں سے نہیں (ب) صحت نکاح کی شرائط میں سے ہے

(ج) فوری ادا کرنا چاہیے (د) واجب نہیں

(۳۲) شمس الآئمہ کس فقیہہ کا لقب ہے؟

(ا) امام ابوحنیفہ (ب) امام سرخسی

(ج) امام مالک (د) امام شافعی

(۳۳) مرد عورت کو طلاق دیتا ہے۔ بتایئے عورت مرد سے علیحدہ ہونا چاہے تو وہ کیا کرے گی؟

(ا) خیار بلوغ (ب) خلع لے گی

(ج) طلاق دے گی (د) کوئی جواب درست نہیں

(۳۴) کس امام نے یہ کہا ہے کہ: "جو شخص استحسان سے کام لیتا ہے وہ خود شریعت بناتا ہے۔"

(ا) امام مالک (ب) امام شافعی

(ج) امام احمد بن حنبل (د) امام ابو یوسف

(۳۵) زمانہ جاہلیت میں کس مخیر شخص نے ایک کثیر رقم خرچ کر کے دو سو لڑکیوں کو زندہ دفن ہونے سے بچا لیا تھا۔

(ا) صعصعہ بن ناجیہ رضی اللہ عنہ (ب) زید بن عمرو

(ج) نوفل بن معاویہ (د) ورقہ بن نوفل

(۳۶) غار حراء میں رسول اکرم ﷺ عبادت، یعنی کائنات پر غور و فکر فرماتے تھے، دینی ادب میں اس کے لیے کیا اصطلاح استعمال ہوتی ہے؟

(ا) تحنث (ب) تدبر و تفکر

(ج) نماز (د) ریاضت

(۳۷) حجر اسود کی تنصیب کا معاملہ نبٹاتے وقت آپ کی عمر مبارک تھی:

(ا) تیس سال (ب) پینتیس سال

(ج) چھتیس سال (د) اڑتیس سال

(۳۸) دوسری ہجرت حبشہ کب ہوئی؟

(ا) نبوت کے پانچویں برس (ب) نبوت کے چھٹے برس

(ج) نبوت کے ساتویں برس (د) نبوت کے آٹھویں برس

(۳۹) نجاشی کے دربار میں تقریر کی تھی:

(ا) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۰) ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے سال کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

(ا) عام الوفود (ب) عام الحزن

(ج) عام الرمادہ (د) عام العرب

(۴۱) بیعت عقبہ اولیٰ منعقد ہوئی:

(ا) پانچ نبوی (ب) سات نبوی

(ج) آٹھ نبوی (د) گیارہ نبوی

(۴۲) رسول اکرم ﷺ نے غزوہ احد میں پہاڑ کی چوٹی پر کن کی سرکردگی میں پچاس تیر اندازوں کا دستہ متعین کیا تھا؟

(ا) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابودجانہ انصاری رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۳) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حبشہ کی طرف روانہ ہوئے تو راستہ میں آپ کی ملاقات کس کافر سے ہوئی اور اس نے آپ کو واپس مکہ جانے کا مشورہ دیا؟

(ا) عتبہ (ب) ابن الدغنہ

(ج) ولید (د) عاص بن وائل

(۴۴) عراق کی زمینوں کی پیمائش کس خلیفہ راشد کے دور میں ہوئی؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۵) عرب مؤرخین کس فتح کو ''فتح الفتوح'' کے نام سے یاد کرتے ہیں؟

(ا) فتح قادسیہ　(ب) فتح نہاوند

(ج) فتح دمشق　(د) فتح بویب

(۴۶) یہ الفاظ کس عظیم ہستی نے ارشاد فرمائے: ''اگرچہ میں عمر میں چھوٹا ہوں اور میری ٹانگیں کمزور ہیں، تاہم میں آپ کا معاون ومددگار اور قوت بازو بنوں گا۔''

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ　(د) حضرت عمار رضی اللہ عنہ

(۴۷) ''فلسفہ یوگ'' کا تعلق کس مذہب سے ہے؟

(ا) جین مت　(ب) ہندومت

(ج) یہودی مذہب　(د) عیسائی مذہب

(۴۸) ''دیوالی کا تہوار'' کس مذہب میں منایا جاتا ہے؟

(ا) زرتشتیت　(ب) یہودیت

(ج) سکھ مت　(د) ہندومت

(۴۹) ''گیا'' کس مذہب کا مقدس مقام ہے؟

(ا) یہودیت　(ب) عیسائیت

(ج) بدھ مت　(د) جین مت

(۵۰) کس مذہب میں کیڑے مکوڑوں کو مارنا بھی گناہ ہے؟

(ا) ہندومت　(ب) سکھ مت

(ج) جین مت　(د) یہودیت

(۵۱) ''ید بیضا'' اور ''عصا'' کا معجزہ کن پیغمبر کو عطا کیا گیا؟

(ا) حضرت موسیٰ علیہ السلام　(ب) حضرت داؤد علیہ السلام

(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام　(د) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(۵۲) انجیل کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی تعداد تھی:

(ا) دس　(ب) گیارہ

(ج) بارہ　(د) پندرہ

(۵۳) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دور میں کن نے عراق کی زمینوں کی پیمائش کی تھی؟

(ا) حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت جابر بن عبداللہ

(ج) حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ　(د) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ

(۵۴) ''آیت کنز'' کی تبلیغ سب سے زیادہ کن صحابی رسول ﷺ نے کی؟

(ا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ　(د) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ

(۵۵) ''تبونگ حاجی'' کس چیز کا نام ہے؟

(ا) یہ ایک تاریخی عمارت کا نام ہے　(ب) یہ ایک دیوار کا نام ہے

(ج) یہ ایک باغ کا نام ہے　(د) یہ ایک اسلامی بنک کا نام ہے

(۵۶) ''مذہب ایک افیون ہے'' یہ قول کس اشتراکی مفکر کا ہے؟

(ا) لینن　(ب) فریڈرک انجلز

(ج) افلاطون　(د) کارل مارکس

(۵۷) کس ماہر معاشیات نے معاشیات کو دولت کا علم قرار دیا ہے:

(ا) ایڈم سمتھ　(ب) مارشل

(ج) کینز　(د) کارل مارکس

(۵۸) ''حاوی'' کس مسلم سائنس دان کی تالیف ہے:

(ا) محمد بن زکریا رازی　(ب) جابر بن حیان

(ج) ابن الہیثم　(د) ابوالقاسم الزہراوی

(۵۹) کس مسلم سائنس دان کو طبیعیات میں دسترس حاصل تھی:

(ا) ابن الہیثم　(ب) جابر بن حیان

(ج) محمد بن موسیٰ خوارزمی　(د) ابن سینا

(۶۰) ''فن جراحت کا امام'' کس مسلمان طبیب کو کہتے ہیں:

(ا) جابر بن حیان　(ب) ابوالقاسم الزہراوی

(ج) ابن الہیثم　(د) ابن بیطار

(۶۱) طب کے موضوع پر ابن سینا کی مشہور کتاب کا نام ہے:

(ا) القانون فی الطب (ب) حاوی

(ج) التصریف (د) کتاب المناظر

(۶۲) آلات رصد میں اہم ترین آلہ کون سا ہے؟

(ا) اسطرلاب (ب) منجنیق

(ج) زرہ (د) نیزہ

(۶۳) کس اموی حکمران نے اپنے بعد حضرت عمر بن عبدالعزیز کو خلیفہ نامزد کیا تھا؟

(ا) سلیمان بن عبدالملک (ب) ولید بن عبدالملک

(ج) عبدالملک بن مروان (د) ہشام بن عبدالملک

(۶۴) محمد بن قاسم نے سندھ کو کس سال فتح کیا؟

(ا) ۷۱۰ء (ب) ۷۱۱ء

(ج) ۷۱۲ء (د) ۷۱۳ء

(۶۵) آخری عباسی حکمران کے وزیر کا نام تھا:

(ا) محمد بن موسیٰ (ب) ابن علقمی

(ج) ابن طقطقی (د) نظام الدین

(۶۶) ﴿اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ﴾ یہ آیت کس فرقہ کا نعرہ تھا:

(ا) شیعہ (ب) جبریہ

(ج) قدریہ (د) خوارج

(۶۷) ''قرآن مخلوق ہے'' یہ کس اسلامی فرقہ کا اہم عقیدہ تھا:

(ا) خوارج (ب) معتزلہ

(ج) جبریہ (د) قدریہ

(۶۸) ''الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ابن کثیر (ب) قاضی عیاض

(ج) عبدالملک بن ہشام (د) امام شافعی

(۶۹) حضرت امام مالک نے اپنی کتاب مؤطا کس خلیفہ کی فرمائش پر تحریر کی:

(ا) ابوالعباس عبداللہ (ب) ابوجعفر منصور

(ج) ہارون الرشید (د) مامون الرشید

(۷۰) الاخوان المسلمون کے بانی کا نام کیا تھا؟

(ا) احمد عبدالرحمٰن (ب) حسن البناء

(ج) احمد حسن الباقوری (د) محمد الغزالی

(۷۱) انڈونیشیا کس براعظم میں واقع ہے:

(ا) براعظم افریقہ (ب) براعظم یورپ

(ج) براعظم ایشیا (د) براعظم آسٹریلیا

(۷۲) ایران کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) تہران (ب) خرطوم

(ج) دمشق (د) قاہرہ

(۷۳) انقرہ کس اسلامی ملک کا شہر ہے؟

(ا) شام (ب) مصر

(ج) ترکی (د) مراکش

(۷۴) ''الروض الانف'' کس فن کی کتاب ہے:

(ا) فن تفسیر (ب) فن سیرت

(ج) فن حدیث (د) فن علم کلام

(۷۵) قطب الدین ایبک کا مقبرہ کس شہر میں ہے؟

(ا) دہلی (ب) آگرہ

(ج) حیدرآباد دکن (د) لاہور

(۷۶) سیّد احمد شہید اور شاہ محمد اسماعیل شہید کہاں مدفون ہیں؟

(ا) پشاور (ب) مانسہرہ

(ج) بالاکوٹ (د) نوشہرہ

(۷۷) انڈونیشیا کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) جکارتا (ب) خرطوم

(ج) مسقط (د) انقرہ

(۷۸) اَن، کَی، اِذَن یہ حروف ہیں:

(ا) حروف جر (ب) مشبہ بالفعل

(ج) حروف ناصبہ مضارع (د) افعال ناقصہ

(۷۹) جس فعل میں کسی کام کے کرنے کا حکم پایا جائے اسے کہتے ہیں:

(ا) فعل امر (ب) فعل نہی

(ج) فعل ماضی (د) فعل مضارع

(۸۰) کس حکمران نے امام ابوحنیفہ کو عہدہ قضا پیش کیا؟

(ا) سلیمان بن عبدالملک (ب) ابوجعفر منصور

(ج) ہارون الرشید (د) مامون الرشید

(۸۱) سمرقند کس اسلامی ملک کا شہر ہے؟

(ا) افغانستان (ب) ایران

(ج) آذربائیجان (د) ازبکستان

(۸۲) مصر کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم ایشیا (ب) براعظم یورپ

(ج) براعظم افریقہ (د) براعظم آسٹریلیا

(۸۳) سیرۃ النبی ﷺ کے مصنف کا نام ہے:

(ا) شبلی نعمانی (ب) سرسیّد احمد خاں

(ج) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر (د) پیر محمد کرم شاہ

(۸۴) علی گڑھ یونیورسٹی کے بانی کا نام ہے:

(ا) سرسیّد احمد خاں (ب) نواب محسن الملک

(ج) نواب وقار الملک (د) الطاف حسین حالی

(۸۵) محمد بن قاسم کس حکمران کا مشہور جرنیل تھا؟

(ا) ولید بن عبدالملک (ب) سلیمان بن عبدالملک

(ج) ہشام بن عبدالملک (د) عبدالملک بن مروان

(۸۶) قطر کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) دوہا (ب) خرطوم

(ج) مسقط (د) صنعاء

(۸۷) دنیا میں مسلم ممالک کی تعداد ہے:

(ا) ۵۰ (ب) ۵۱

(ج) ۵۲ (د) ۵۷

(۸۸) "A Grammer of Politics" کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ایچ۔جے۔لاسکی (ب) براؤن

(ج) آرنلڈ (د) براک پیٹر

(۸۹) ڈاک کا محکمہ سب سے پہلے کس اموی حکمران کے عہد میں قائم ہوا تھا؟

(ا) ولید بن عبدالملک (ب) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

(ج) مروان (د) سلیمان بن عبدالملک

(۹۰) سانحہ کربلا ہوا:

(ا) ۵۸ ہجری (ب) ۵۹ ہجری

(ج) ۶۰ ہجری (د) ۶۱ ہجری

(۹۱) ''اسلام کا نظام عفت و عصمت'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) مولانا ظفیر الدین (ب) مولانا حامد الانصاری

(ج) مولانا گوہر الرحمٰن (د) مولانا عبیداللہ سندھی

(۹۲) عمان کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) مسقط (ب) دبئی

(ج) خرطوم (د) انقرہ

(۹۳) ''اسلام کا اقتصادی نظام'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ✓ مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی (ب) مناظر احسن گیلانی

(ج) ابوالاعلیٰ مودودی (د) ڈاکٹر نور محمد غفاری

(۹۴) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے کس سال انتقال کیا؟

(ا) ۲۰ ہجری (ب) ۲۱ ہجری

(ج) ✓ ۲۲ ہجری (د) ۲۳ ہجری

(۹۵) ائمہ اربعہ میں سب سے پہلے کن کا دور ہے؟

(ا) امام مالک (ب) ✓ امام ابوحنیفہ

(ج) امام شافعی (د) امام احمد بن حنبل

(۹۶) صومالیہ کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) ✓ براعظم افریقہ (ب) براعظم ایشیا

(ج) براعظم یورپ (د) براعظم آسٹریلیا

(۹۷) ندوۃ العلماء کے بانی کا نام تھا:

(ا) شبلی نعمانی (ب) ✓ سیّد محمد علی مونگیری

(ج) نواب وقار الملک (د) سر سیّد احمد خاں

(۹۸) مسلم لیگ کی بنیاد ہندوستان کے کس شہر میں رکھی گئی؟

(ا) لاہور (ب) دہلی

(ج) ✓ ڈھاکہ (د) حیدرآباد دکن

(۹۹) تحریک ریشمی رومال کس نے شروع کی؟

(ا) مولانا محمد قاسم نانوتوی (ب) ✓ مولانا محمود الحسن

(ج) مولانا محمد علی جوہر (د) مولانا ظفر علی خاں

(۱۰۰) ''منزلۃ بین المنزلتین'' کس گروہ کا نظریہ ہے؟

(ا) خوارج (ب) ✓ معتزلہ

(ج) اشاعرہ (د) جبریہ

مثالی سیٹ (۶)

(۱) شاہ ولی اللہ کی کتاب ''الفوز الکبیر فی اصول التفسیر'' کے پہلے باب کا نام ہے:

(ا) ✓ علوم پنجگانہ کا بیان (ب) فتح الخبیر

(ج) محکمات و متشابہات (د) اسباب نزول

(۲) شاہ ولی اللہ نے تفسیر قرآن کے کتنے رجحانات بیان کیے ہیں؟

(ا) پانچ (ب) ✓ سات

(ج) نو (د) دس

(۳) ''تفسیر القرآن العظیم'' کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) ✓ اسماعیل بن عمرو، ابن کثیر (ب) ابن جریر طبری

(ج) قاضی بیضاوی (د) محمود آلوسی

(۴) الدر المنثور فی التفسیر الماثور کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) ✓ امام سیوطی (ب) ابن کثیر

(ج) قاضی بیضاوی (د) امام زمخشری

(۵) حضرت آدم جنت سے نکل کر کس علاقہ میں اُترے؟

(ا) ✓ سری لنکا (ب) ہندوستان

(ج) افغانستان (د) انڈونیشیا

(۶) حضرت نوح علیہ السلام نے کل کتنے برس تبلیغ کی؟

(ا) آٹھ سو سال (ب) ✓ نو سو سال

(ج) ہزار برس (د) بارہ سو سال

(۷) کس پیغمبر کی قوم انتہائی قد آور اور زور آور تھی:

(ا) حضرت صالح علیہ السلام (ب) ✓ حضرت ہود علیہ السلام

(ج) حضرت شعیب علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۸) قوم ثمود پر عذاب کیوں آیا؟

(ا) ناپ تول میں کمی کرنے کی وجہ سے
(ب) حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو ہلاک کیا
(ج) بدکاری کی وجہ سے
(د) انبیاء کی گستاخی کرنے کی وجہ سے

(۹) "اصحاب الحجر" کس قوم کو کہا گیا ہے:

(ا) قوم عاد　(ب) قوم ثمود
(ج) اصحاب مدین　(د) بنی اسرائیل

(۱۰) عذاب یوم الظُّلَّۃ (سائبان والے دن کا عذاب) کس قوم پر آیا تھا؟

(ا) قوم عاد　(ب) قوم ثمود
(ج) ارم ذات العماد　(د) اصحاب الایکہ

(۱۱) "اصحاب مدین کا بھائی" کن پیغمبر کو کہا جاتا ہے:

(ا) حضرت صالح علیہ السلام　(ب) حضرت شعیب علیہ السلام
(ج) حضرت ہود علیہ السلام　(د) حضرت یعقوب علیہ السلام

(۱۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیوی، حضرت صفورہ کن پیغمبر کی بیٹی تھیں؟

(ا) حضرت ایوب علیہ السلام　(ب) حضرت شعیب علیہ السلام
(ج) حضرت یونس علیہ السلام　(د) حضرت صالح علیہ السلام

(۱۳) حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا تھا؟

(ا) حضرت سارہ　(ب) حضرت ہاجرہ
(ج) حضرت مریم　(د) حضرت زینب

(۱۴) "کلمۃ اللہ" کن پیغمبر کا لقب ہے؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام　(ب) حضرت ایوب علیہ السلام
(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام　(د) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(۱۵) حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کل کتنے برس تبلیغ کی؟

(ا) تین سال　(ب) پانچ سال
(ج) سات سال　(د) نو سال

(۱۶) "لحن داؤدی" کن پیغمبر کا مشہور ہے؟

(ا) حضرت صالح علیہ السلام　(ب) حضرت شعیب علیہ السلام
(ج) حضرت یونس علیہ السلام　(د) حضرت داؤد علیہ السلام

(۱۷) قرآن کے مطابق کس قوم نے کہا کہ "اللہ کا ہاتھ بند ہو گیا ہے۔"

(ا) یہود　(ب) عیسائی
(ج) ہندو　(د) پارسی

(۱۸) قرآن مجید کی کس سورت میں بسم اللہ دو مرتبہ آئی ہے؟

(ا) سورۂ نمل　(ب) سورۂ نحل
(ج) سورۂ توبہ　(د) سورۂ کہف

(۱۹) "بلد الامین" کس شہر کو کہا گیا ہے؟

(ا) بیت المقدس　(ب) مدینہ منورہ
(ج) دمشق　(د) مکہ مکرمہ

(۲۰) "افضل الآیات" اور "سردار الآیات" کس آیت کو کہا جاتا ہے؟

(ا) آیت الکرسی　(ب) سورۂ بقرہ کی آخری آیت
(ج) سورۂ نساء کی آخری آیت　(د) سورۂ مائدہ کی آخری آیت

(۲۱) قرآن حکیم کی کس سورت میں سب سے زیادہ احکام دیے گئے ہیں؟

(ا) سورۂ کہف　(ب) سورۂ حدید
(ج) سورۂ احزاب　(د) سورۂ بقرہ

(۲۲) الزخرف کے معنی ہیں:

(ا) چارپائی　(ب) چاندی
(ج) میز　(د) سونا

(۲۳) "عروس القرآن" کس سورت کو کہتے ہیں؟

(ا) سورۂ الرحمٰن　(ب) سورۂ فرقان
(ج) سورۂ حجرات　(د) سورۂ حدید

(۲۴) اگر سلسلہ سند صحابی پر رک جائے تو وہ حدیث کہلاتی ہے:

(ا) موقوف　　(ب) موضوع

(ج) عزیز　　(د) مشہور

(۲۵) وہ حدیث جس کی سند متصل ہو اور جس کا راوی صاحب العدالت مگر قلیل الضبط ہو اور اس میں شذوذ و علت بھی نہ ہو کہلاتی ہے:

(ا) حدیث حسن　　(ب) مرفوع

(ج) موقوف　　(د) عزیز

(۲۶) حدیث کی وہ کتاب جس میں وہ احادیث جمع ہوں جو کسی مصنف کی شرائط کے مطابق ہوں مگر اس کی کتاب میں موجود نہ ہوں، اسے کہا جاتا ہے:

(ا) مستدرک　　(ب) مسند

(ج) اربعین　　(د) جامع

(۲۷) حدیث کی وہ کتاب جو فقہی احکام کے مطابق ہو، کہلاتی ہے:

(ا) جامع　　(ب) مسند

(ج) سنن　　(د) مستدرک

(۲۸) مؤطا کے لغوی معنی ہیں:

(ا) خوبصورت　　(ب) روندا ہوا

(ج) مضبوط　　(د) قیمتی

(۲۹) ظالم حاکم سے متعلق حدیث کی رُو سے کیا رویہ اپنانا چاہیے؟

(ا) بول چال بند کیا جائے　　(ب) اس سے تعاون کیا جائے

(ج) حق کا کلمہ بلند کیا جائے　　(د) کوئی جواب درست نہیں

(۳۰) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ایمان کے ستر سے اوپر درجے ہیں۔ ان میں سب سے ارفع اور اعلیٰ ہے:

(ا) حیا　　(ب) سخاوت کرنا

(ج) لا الٰہ اِلّا اللّٰہ کہنا　　(د) امیر کی اطاعت

(۳۱) فقہ کے موضوع پر ابن رُشد کی معروف کتاب کا نام ہے:

(ا) بدایۃ المجتہد　　(ب) المغنی

(ج) المبسوط　　(د) کتاب الاموال

(۳۲) کس قسم پر کوئی مواخذہ نہیں ہے؟

(ا) منعقدہ　　(ب) غموس

(ج) لغو　　(د) حلف

(۳۳) امام ابوحنیفہ کے نزدیک کتنی مالیت کی چوری پر قطع ید کی سزا مقرر کی جاسکتی ہے:

(ا) کم از کم دس درہم　　(ب) کم از کم بیس درہم

(ج) کم از کم تیس درہم　　(د) کم از کم چالیس درہم

(۳۴) فقہائے سبعہ (سات فقہاء) میں کس فقیہہ کا شمار ہوتا ہے؟

(ا) حضرت سعید بن مسیب　　(ب) امام ابو یوسف

(ج) امام زفر　　(د) امام شافعی

(۳۵) اصول فقہ کے موضوع پر سب سے پہلے امام شافعی نے کتاب لکھی ہے، اس کا نام ہے:

(ا) اصول فقہ　　(ب) الرسالہ

(ج) فتح الخبیر　　(د) تاریخ فقہ

(۳۶) امام زُفر کن کے شاگرد تھے؟

(ا) امام مالک　　(ب) امام احمد بن حنبل

(ج) امام شافعی　　(د) امام ابوحنیفہ

(۳۷) دارالندوہ کس شہر میں واقع تھا؟

(ا) مکہ مکرمہ　　(ب) مدینہ منورہ

(ج) دمشق　　(د) قاہرہ

(۳۸) رسول اکرم ﷺ کے جدامجد میں سے کس نے قیصر اور نجاشی کے حدود سلطنت میں قریش کے مالِ تجارت کو ٹیکس سے مستثنیٰ کرایا تھا۔

(ا) عبدالمطلب　　(ب) ہاشم

(ج) قصی　　(د) عبدمناف

(۳۹) رسول اکرم ﷺ کی والدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کس مقام پر ہوا تھا؟

(ا) مکہ　　(ب) مدینہ

(ج) طائف　　(د) ✓ ابواء

(۴۰) عتبہ بن ربیعہ نے رسول اکرم ﷺ کو کچھ دنیوی ترغیبات دی تھیں آپ نے ان کے جواب میں قرآن کی کون سی سورۂ کی تلاوت فرمائی تھی؟

(ا) سورۂ بقرہ　　(ب) سورۂ حدید

(ج) سورۂ فرقان　　(د) ✓ سورۂ حم السجدہ

(۴۱) بیعت عقبہ ثانیہ کب منعقد ہوئی؟

(ا) چھ نبوی　　(ب) آٹھ نبوی

(ج) دس نبوی　　(د) ✓ بارہ نبوی

(۴۲) غزوہ احد کے موقع پر کس عورت نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی لاش کا مثلہ کرایا تھا؟

(ا) ام جمیل　　(ب) ✓ ہند بنت عتبہ

(ج) خناس بنت مالک　　(د) عاتکہ بنت ولید

(۴۳) "بیعت رضوان" سے مراد ہے:

(ا) ✓ وہ بیعت جس کے ذریعے صحابہ کرام کو اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہوئی۔

(ب) وہ بیعت جس سے صحابہ کو خوشی ملی۔

(ج) وہ بیعت جس سے صحابہ کو کامیابی ملی۔

(د) وہ بیعت جس سے ایمان کی تکمیل ہوئی۔

(۴۴) غزوہ تبوک کے موقع پر مدینہ میں آپ ﷺ نے کن صحابی کو اپنا جانشین بنایا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　　(ب) ✓ حضرت علی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ　　(د) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(۴۵) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا تعلق خاندان قریش کی کس شاخ سے تھا؟

(ا) ✓ بنو تمیم　　(ب) بنو عدی

(ج) بنو ہاشم　　(د) بنو اُمیہ

(۴۶) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا تعلق قریش قبیلہ کی کس شاخ سے تھا؟

(ا) بنو تمیم　　(ب) بنو اُمیہ

(ج) بنو ہاشم　　(د) ✓ بنو عدی

(۴۷) ہجرت مدینہ کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ایک یہودی سے کنواں خرید کر وقف کیا تھا، اس کنوئیں کا نام تھا:

(ا) مدینہ کا کنواں　　(ب) ✓ بئر رومہ

(ج) بئر یہود　　(د) کوئی بھی جواب درست نہیں

(۴۸) عرب کے دو بڑے بہادر عمرو بن عبدوڈ اور مرحب کن صحابی کے ہاتھوں قتل ہوئے تھے؟

(ا) ✓ حضرت علی رضی اللہ عنہ　　(ب) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ　　(د) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

(۴۹) "فلسفہ نیایہ" کا تعلق کس مذہب سے ہے؟

(ا) ✓ ہندو مذہب　　(ب) بدھ مت

(ج) یہودی مذہب　　(د) عیسائی مذہب

(۵۰) "منوسمرتی" کس مذہب کی مقدس کتاب ہے؟

(ا) یہودیت　　(ب) ✓ ہندومت

(ج) عیسائیت　　(د) سکھ مت

(۵۱) کس مذہب کے پیروکار زراعت کا پیشہ اختیار نہیں کرتے؟

(ا) یہودیت　　(ب) ہندومت

(ج) اسلام　　(د) ✓ جین مت

(۵۲) مٹی، آگ، پانی، ہوا، یہ چار چیزیں کس مذہب میں مقدس قرار دی جاتی ہیں؟

(ا) ہندومت　　(ب) بدھ مت

(ج) اسلام　　(د) ✓ زرتشتیت

(۵۳) غیر تبلیغی مذہب ہے:

(ا) بدھ مت　　(ب) جین مت

(ج) اسلام　　(د) ✓ یہودیت

(۵۴) ''بھکشو'' کی اصطلاح کس مذہب میں استعمال ہوتی ہے؟

(ا) ہندومت　(ب) جین مت

(ج) سکھ مت　(د) بدھ مت

(۵۵) رسم ''عشائے ربانی'' کا تعلق کس مذہب سے ہے؟

(ا) زرتشتیت　(ب) ہندومت

(ج) جین مت　(د) عیسائیت

(۵۶) قیمتوں، اجرتوں، کرایوں اور منافع کی شرح کا تعین کرنے کو کہتے ہیں:

(ا) تسعیر　(ب) احتکار

(ج) اجارہ داری　(د) احیائے موات

(۵۷) زمین کی پیداوار کے کچھ حصہ پر زمین کی زراعت کو کہتے ہیں:

(ا) مزارعت　(ب) شراکت

(ج) مساقات　(د) مضاربت

(۵۸) عاملین پیدائش کی تعداد کتنی ہے؟

(ا) دو　(ب) تین

(ج) چار　(د) پانچ

(۵۹) ''آیت کنز'' قرآن حکیم کی کس سورت میں ہے؟

(ا) سورۂ توبہ　(ب) سورۂ نساء

(ج) سورۂ مائدہ　(د) سورۂ آل عمران

(۶۰) مصارف زکوٰۃ سے متعلق قرآنی آیت کس سورت میں ہے؟

(ا) سورۂ توبہ　(ب) سورۂ مائدہ

(ج) سورۂ نساء　(د) سورۂ نحل

(۶۱) پہلا مسلم کیمیادان کہلاتا ہے:

(ا) خالد بن یزید　(ب) ابن الہیثم

(ج) محمد بن موسیٰ خوارزمی　(د) ابن بیطار

(۶۲) ٹیکہ لگانے کے لیے سرنج اور زخموں کو سینے کے لیے مخصوص دھاگہ سب سے پہلے کس نے متعارف کرایا تھا؟

(ا) ابوالقاسم الزہراوی　(ب) ابن سینا

(ج) محمد بن زکریا رازی　(د) ابن بیطار

(۶۳) گوبر اور خون کے درمیان سے تیار ہونے والے خالص مشروب کا قرآنی نام کیا ہے؟

(ا) لَبَنًا خَالِصًا (خالص دودھ)　(ب) شہد

(ج) جوس　(د) پانی

(۶۴) یورپ میں ''طب کی انجیل'' کس کتاب کو کہا جاتا ہے؟

(ا) القانون فی الطب　(ب) شفاء

(ج) کتاب المناظر　(د) التصریف

(۶۵) امراض کے متعدی ہونے کا نظریہ اور دوران خون کا نظریہ کس مسلمان سائنس دان نے پیش کیا تھا؟

(ا) محمد بن زکریا رازی　(ب) ابن سینا

(ج) ابوالقاسم الزہراوی　(د) ابن النفیس

(۶۶) بنوامیہ نے عالم اسلام پر کتنے برس حکومت کی؟

(ا) ۸۸ برس　(ب) ۹۰ برس

(ج) ۹۲ برس　(د) ۹۵ برس

(۶۷) آخری عباسی حکمران کا نام کیا تھا؟

(ا) مستعصم باللہ　(ب) واثق باللہ

(ج) معتضد باللہ　(د) متوکل علی اللہ

(۶۸) فرقہ خوارج کا ظہور کب ہوا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد میں

(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہد میں

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہد میں

(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عہد میں

(۶۹) ''سامرا'' شہر کس عباسی خلیفہ نے تعمیر کرایا تھا؟

(ا) معتصم باللہ — (ب) واثق باللہ

(ج) ہارون الرشید — (د) مامون الرشید

(۷۰) عالم اسلام پر بنو امیہ کی حکومت کس سال ختم ہوئی؟

(ا) ۱۲۵ ہجری — (ب) ۱۲۸ ہجری

(ج) ۱۳۰ ہجری — (د) ۱۳۲ ہجری

(۷۱) ''رحمۃ اللعالمین ﷺ'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) سیّد سلیمان ندوی — (ب) قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری

(ج) پیر محمد کرم شاہ — (د) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر

(۷۲) ''بیت الحکمۃ'' کس عباسی خلیفہ کے عہد میں قائم ہوا؟

(ا) ابو جعفر منصور — (ب) ہارون الرشید

(ج) مامون الرشید — (د) معتصم باللہ

(۷۳) سقوط بغداد کس قوم کے ہاتھوں ہوا؟

(ا) ترک قوم — (ب) تاتاری قوم

(ج) مغل قوم — (د) یونانی قوم

(۷۴) ''المسوّیٰ'' کس کتاب کی شرح ہے؟

(ا) مؤطا — (ب) صحیح بخاری

(ج) صحیح مسلم — (د) کتاب الآثار

(۷۵) ''تاریخ تعلیم و تربیت اسلامیہ'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ڈاکٹر احمد شلبی — (ب) سیّد رشید رضا

(ج) سیّد قطب — (د) ڈاکٹر مصطفیٰ سباعی

(۷۶) رسول اللہ ﷺ نے یمن میں دعوت دین کے لیے کن صحابی کو بھیجا تھا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ — (ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ — (د) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(۷۷) ''الاخوان المسلمون'' کی بنیاد کب رکھی گئی؟

(ا) مارچ ۱۹۲۶ء — (ب) مارچ ۱۹۲۸ء

(ج) مارچ ۱۹۳۲ء — (د) مارچ ۱۹۳۵ء

(۷۸) سنوسی تحریک کے بانی کا نام کیا ہے؟

(ا) سیّد محمد بن علی — (ب) محمد مہدی

(ج) محمد ہادی — (د) احمد بن عبداللہ

(۷۹) ''تجدید و احیائے دین'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) مناظر احسن گیلانی — (ب) سیّد ابوالاعلیٰ مودودی

(ج) ابوالکلام آزاد — (د) مفتی محمد شفیع

(۸۰) ''رسائل نور'' اور ''جماعۃ النور'' کا تعلق کس تحریک سے ہے؟

(ا) مہدی تحریک — (ب) نورسی تحریک

(ج) الاخوان المسلمون — (د) سنوسی تحریک

(۸۱) سلفی تحریک کا تعلق کس فقہ سے ہے؟

(ا) فقہ حنفی — (ب) فقہ مالکی

(ج) فقہ شافعی — (د) فقہ حنبلی

(۸۲) ''بیت الحکمۃ'' کس شہر میں قائم ہوا؟

(ا) قاہرہ — (ب) بغداد

(ج) دمشق — (د) بیروت

(۸۳) لبنان کے دارالحکومت کا نام کیا ہے؟

(ا) قاہرہ — (ب) بیروت

(ج) دمشق — (د) بغداد

(۸۴) مالدیپ کس براعظم میں ہے؟

(ا) براعظم ایشیا — (ب) براعظم افریقہ

(ج) براعظم آسٹریلیا — (د) براعظم یورپ

(۸۵) قطر کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم ایشیا　　(ب) براعظم یورپ

(ج) براعظم افریقہ　　(د) براعظم آسٹریلیا

(۸۶) دنیا کا کتنے فیصد تیل اسلامی ممالک سے نکلتا ہے؟

(ا) ساٹھ فیصد　　(ب) ستر فیصد

(ج) اسی فیصد　　(د) نوے فیصد

(۸۷) بوسنیا کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) خرطوم　　(ب) سارا جیو

(ج) دمشق　　(د) بیروت

(۸۸) ''اصول خمسہ'' کس اسلامی فرقہ کے اصول ہیں؟

(ا) جبریہ　　(ب) قدریہ

(ج) اشاعرہ　　(د) معتزلہ

(۸۹) ابومسلم خراسانی کس کے ہاتھوں قتل ہوا؟

(ا) ابوالعباس عبداللہ　　(ب) ابوجعفر منصور

(ج) ہارون الرشید　　(د) مامون الرشید

(۹۰) ''سود'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ابوالاعلیٰ مودودی　　(ب) انور اقبال قریشی

(ج) مناظر احسن گیلانی　　(د) مفتی محمد شفیع

(۹۱) قرارداد لاہور کب پاس ہوئی؟

(ا) ۲۳مارچ ۱۹۴۰ء　　(ب) ۲۳مارچ ۱۹۴۲ء

(ج) ۲۳مارچ ۱۹۴۵ء　　(د) ۲۳مارچ ۱۹۴۶ء

(۹۲) کتاب "The Spirit of Islam" کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ابوالکلام آزاد　　(ب) آرنلڈ

(ج) سید امیر علی　　(د) میر حسن

(۹۳) بحرین کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) منامہ　　(ب) خرطوم

(ج) قاہرہ　　(د) بیروت

(۹۴) عراق کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم افریقہ　　(ب) براعظم یورپ

(ج) براعظم ایشیا　　(د) براعظم آسٹریلیا

(۹۵) مدینہ میں ''مقری'' (پڑھ کر سنانے والا) کن کو کہا جاتا تھا؟

(ا) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ　　(ب) حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ　　(د) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

(۹۶) امام احمد بن حنبل کا سال وفات کون سا ہے؟

(ا) ۲۳۰ھ　　(ب) ۲۳۵ھ

(ج) ۲۴۱ھ　　(د) ۲۴۲ھ

(۹۷) ''الجہاد فی الاسلام'' کس کی تصنیف ہے؟

(ا) مناظر احسن گیلانی　　(ب) ابوالاعلیٰ مودودی

(ج) سید اسعد گیلانی　　(د) سید قطب

(۹۸) ''مکتوبات امام ربانی'' کی نسبت کس شخصیت کی طرف کی جاتی ہے؟

(ا) حضرت مجدد الف ثانی　　(ب) شاہ ولی اللہ

(ج) شیخ عبدالحق محدث دہلوی　　(د) سید احمد شہید

(۹۹) بنو عباس کا ''عہد زریں'' کس حکمران کا دور ہے؟

(ا) ابوجعفر منصور　　(ب) ہارون الرشید

(ج) معتصم باللہ　　(د) واثق باللہ

(۱۰۰) شام کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) دمشق　　(ب) قاہرہ

(ج) بیروت　　(د) خرطوم

مثالی سیٹ (۷)

(۱) علم مخاصمہ سے مراد ہے:

(ا) یہود و نصاریٰ، مشرکین اور منافقین سے بحث و مخاصمہ

(ب) ہندوؤں سے بحث و مخاصمہ

(ج) بدھ مت کے پیروکاروں سے بحث و مخاصمہ

(د) پارسیوں سے بحث و مخاصمہ

(۲) شاہ ولی اللہ کے نزدیک قرآن میں کتنے گروہوں سے مخاصمہ کیا گیا ہے:

(ا) تین

(ب) چار

(ج) پانچ

(د) چھ

(۳) تفسیر معالم التنزیل کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) ابو محمد حسین بن مسعود الفراء بغوی

(ب) محمود آلوسی

(ج) قاضی بیضاوی

(د) امام زمخشری

(۴) ترجمان القرآن کن کا لقب ہے؟

(ا) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ

(ب) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(د) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

(۵) حضرت حوا کو جنت سے نکال کر کس جگہ اُتارا گیا؟

(ا) سری لنکا

(ب) بھوٹان

(ج) نیپال

(د) جدہ

(۶) قوم نوح نے حضرت نوح علیہ السلام کو کیا دھمکی دی تھی؟

(ا) تمہیں علاقہ بدر کردیں گے

(ب) تمہیں سنگسار کردیں گے

(ج) تمہیں دشمن کے حوالے کریں گے

(د) کوئی دھمکی نہیں دی تھی

(۷) قوم ثمود نے اونٹنی کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

(ا) اس کا احترام کیا

(ب) اس کو زخمی کیا

(ج) اس کو ہلاک کردیا

(د) کوئی جواب درست نہیں

(۸) حضرت شعیب علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کیا لگتے تھے؟

(ا) داماد

(ب) سسر

(ج) چچا

(د) ماموں

(۹) کن پیغمبر کے ہاتھوں اعلان نبوت سے قبل ایک آدمی کا قتل ہوا؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام

(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(ج) حضرت ہارون علیہ السلام

(د) حضرت داؤد علیہ السلام

(۱۰) حضرت محمد ﷺ کے علاوہ کن پیغمبر کے اسوہ کو قرآن نے ''اُسوہ حسنہ'' کہا ہے؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام

(ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام

(د) حضرت یوسف علیہ السلام

(۱۱) قرآن کے مطابق ملکہ بلقیس کی قوم کس چیز کی عبادت کرتی تھی؟

(ا) چاند

(ب) درخت

(ج) سورج

(د) ستارے

(۱۲) قرآن کے مطابق حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں کو کیا سزا دی تھی؟

(ا) قید کردیا

(ب) انہیں ملک بدر کردیا

(ج) ان کے اموال چھین لیے

(د) انہیں معاف کردیا

(۱۳) قرآن مجید نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھیوں کو کس نام سے یاد کیا ہے؟

(ا) صحابہ

(ب) حواری

(ج) متقین

(د) صالحین

(۱۴) ''پیغمبر کی آواز پر اپنی آواز بلند نہ کرو'' یہ حکم قرآن کی کس سورت میں ہے؟

(ا) سورۂ مائدہ

(ب) سورۂ حجرات

(ج) سورۂ علق

(د) سورۂ نساء

(۱۵) اصحاب الاخدود (خندق والے) کا قصہ قرآن کی کس سورت میں آیا ہے؟

(ا) سورۂ بروج (ب) سورۂ آل عمران

(ج) سورہ حدید (د) سورۂ کہف

(۱۶) قرآن حکیم سورۂ عبس میں کن نابینا صحابی کا تذکرہ کیا گیا ہے؟

(ا) حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ (ب) ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عمار رضی اللہ عنہ (د) حضرت یاسر رضی اللہ عنہ

(۱۷) قرآن مجید کی تلاوت سے قبل کیا پڑھنا ضروری ہے؟

(ا) کلمہ شریف (ب) درود شریف

(ج) تسمیہ (د) تعوذ

(۱۸) النمل کے معنی کیا ہیں؟

(ا) شہد کی مکھی (ب) پرندہ

(ج) چیونٹی (د) میز

(۱۹) "الزُمَر" کے معنی کیا ہیں؟

(ا) جتھا، گروہ (ب) سونا

(ج) چاندی (د) پیتل

(۲۰) رسول اکرم ﷺ پر درود بھیجنے کا حکم قرآن کی کس سورت میں دیا گیا ہے؟

(ا) سورۂ مائدہ (ب) سورۂ ابراہیم

(ج) سورۂ کہف (د) سورۂ احزاب

(۲۱) وہ حدیث جو خود گھڑ کر آپ ﷺ کی طرف منسوب کردی جائے اسے کہتے ہیں:

(ا) موضوع (ب) ضعیف

(ج) منکر (د) شاذ

(۲۲) جس حدیث کو صحابی کی بجائے تابعی براہ راست رسول اکرم ﷺ سے روایت کرے وہ حدیث ہے:

(ا) مرفوع (ب) مقطوع

(ج) مرسل (د) متصل

(۲۳) مستدرکات میں سب سے زیادہ مشہور کتاب کون سی ہے؟

(ا) مستدرک علی الصحیحین (ب) مستدرک علی الترمذی

(ج) مستدرک علی النسائی (د) کوئی جواب درست نہیں

(۲۴) امام مالک کو کس حاکم کے حکم پر کوڑے لگائے گئے تھے؟

(ا) جعفر والی مدینہ (ب) عبداللہ والی مدینہ

(ج) نصر والی مدینہ (د) زید بن علی والی مدینہ

(۲۵) علم حدیث میں "مصنف" کس نے تحریر کی؟

(ا) امام ابوداؤد (ب) عبدالرزاق بن ہمام

(ج) امام ترمذی (د) امام نسائی

(۲۶) "مومن کی فراست سے بچو، یہ اس لیے کہ وہ دیکھتا ہے۔"

(ا) اپنی دو آنکھوں سے (ب) اچھی نظر سے

(ج) پیار سے (د) اللہ کے نور سے

(۲۷) حدیث کے مطابق اعمال کا دارومدار

(ا) نیتوں پر ہوتا ہے (ب) ذہانت پر ہوتا ہے

(ج) قابلیت پر ہوتا ہے (د) کوئی جواب درست نہیں

(۲۸) "استصحاب" ایک اصطلاح ہے:

(ا) فقہی (ب) علم تفسیر

(ج) علم حدیث (د) علم کلام

(۲۹) "المبسوط" کس فن کی کتاب ہے؟

(ا) فن تفسیر (ب) فن فقہ

(ج) فن حدیث (د) فن تصوف

(۳۰) کن امام نے مصالح مرسلہ کے استعمال میں زیادہ وسعت سے کام لیا ہے؟

(ا) امام شافعی (ب) امام احمد بن حنبل

(ج) امام جعفر صادق (د) امام مالک

(۳۱) قیاس کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے:

(ا) فقہ مالکی میں (ب) فقہ حنبلی میں

(ج) فقہ حنفی میں (د) فقہ جعفریہ میں

(۳۲) اہل مدینہ کے تعامل کو سب سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں:

(ا) امام ابوحنیفہ (ب) امام ابن حزم

(ج) امام شافعی (د) امام مالک

(۳۳) ''ایام العرب'' سے مراد ہے:

(ا) عربوں کی کہانیاں (ب) عربوں کے میلے

(ج) عربوں کی داستانیں (د) قبل از اسلام عربوں کی جنگیں

(۳۴) حضرت ثویبہ ؓ کن کی لونڈی تھیں؟

(ا) حضرت ابوطالب (ب) ابولہب

(ج) ابوجہل (د) عتبہ بن ربیعہ

(۳۵) ''حلف الفضول'' کس کے گھر میں منعقد ہوا؟

(ا) عبداللہ بن ارقم (ب) عبداللہ بن جدعان

(ج) عاص بن وائل (د) عباس بن عبدالمطلب

(۳۶) قریش مکہ نے کن دو افراد کو نجاشی کے پاس سفیر بنا کر بھیجا تھا تاکہ مسلمانوں کو حبشہ سے نکالا جائے؟

(ا) عتبہ اور شیبہ (ب) عمرو بن العاص اور عبداللہ بن ربیعہ

(ج) عقبہ بن ابی معیط اور عتبہ (د) ابولہب اور عتبہ

(۳۷) حضرت جعفر طیار ؓ نے نجاشی کے دربار میں قرآن کی کس سورت کی تلاوت کی تھی؟

(ا) سورۂ فاتحہ (ب) سورۂ رحمٰن

(ج) سورۂ مریم (د) سورۂ یوسف

(۳۸) مسلمان مکہ مکرمہ میں شعب ابی طالب میں کتنے سال محصور رہے تھے؟

(ا) دو سال (ب) تین سال

(ج) چار سال (د) پانچ سال

(۳۹) کس غزوہ کے موقع پر ام المؤمنین حضرت عائشہ ؓ کا ہار گم ہوا تھا؟

(ا) غزوہ بدر (ب) غزوہ اُحد

(ج) غزوۂ بنی مصطلق (د) غزوہ خیبر

(۴۰) رسول اکرم ﷺ کا مدنی دورِ دعوت کتنے سال پر محیط ہے؟

(ا) نو برس (ب) دس برس

(ج) گیارہ برس (د) بارہ برس

(۴۱) صدیق و عتیق کن صحابی کے دو القاب ہیں؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق ؓ (ب) حضرت عمر ؓ

(ج) حضرت عثمان غنی ؓ (د) حضرت علی ؓ

(۴۲) حضرت عمر ؓ نے حضرت خالد بن ولید ؓ کو کس سال سپہ سالاری سے ہٹایا؟

(ا) ۱۵ ہجری (ب) ۱۷ ہجری

(ج) ۱۸ ہجری (د) ۱۹ ہجری

(۴۳) پہلی ہجرت حبشہ میں شامل کون سے صحابی بعد میں خلیفہ منتخب ہوئے؟

(ا) حضرت ابوبکر ؓ (ب) حضرت علی ؓ

(ج) حضرت عثمان غنی ؓ (د) حضرت عمر ؓ

(۴۴) جنگ صفین کے موقع پر تحکیم کے لیے حضرت امیر معاویہ ؓ کی جانب سے نمائندہ مقرر ہوئے:

(ا) حضرت ابوموسیٰ اشعری ؓ (ب) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ؓ

(ج) حضرت طلحہ ؓ (د) حضرت عمرو بن العاص ؓ

(۴۵) ہندو مذہب میں سب سے زیادہ عبادت کس دیوتا کی کی جاتی ہے؟

(ا) برہما (ب) شیو

(ج) رام (د) وشنو

(۴۶) ''ہولی کا تہوار'' کس مذہب میں منایا جاتا ہے؟

(ا) بدھ مت (ب) جین مت

(ج) زرتشتیت (د) ہندو مت

(۴۷) گوتم بدھ کی تعلیمات میں سب سے زیادہ اہمیت کس عقیدہ کو حاصل ہے؟

(ا) عقیدہ تناسخ　(ب) عقیدہ توحید

(ج) عقیدہ رسالت　(د) عقیدہ نروان

(۴۸) ''گاتھا'' کس مذہب کی مقدس کتاب ہے:

(ا) یہودیت　(ب) زرتشتیت

(ج) بدھ مت　(د) ہندومت

(۴۹) ''اسفارِ خمسہ'' کس مقدس کتاب کو کہا جاتا ہے؟

(ا) زبور　(ب) انجیل

(ج) عہد نامہ جدید　(د) تورات

(۵۰) ''ایسٹر'' کا تہوار کس مذہب میں منایا جاتا ہے؟

(ا) ہندومت　(ب) جین مت

(ج) عیسائیت　(د) یہودیت

(۵۱) زکوٰۃ کے مصارف میں "فی الرقاب" سے مراد ہے:

(ا) غلاموں کی آزادی　(ب) راگیر

(ج) مقروض　(د) کارکن

(۵۲) ''تسعیر'' سے کیا مراد ہے؟

(ا) قیمتوں کا تعین　(ب) بازار کی نگرانی

(ج) احتساب کرنا　(د) دیکھ بھال کرنا

(۵۳) ''احیائے موات'' سے مراد ہے:

(ا) بنجر زمینوں کی آبادکاری　(ب) مُردوں کو زندہ کرنا

(ج) زمین کاشت کرنا　(د) جاگیر دینا

(۵۴) ''معیشت ضنکا'' سے کیا مراد ہے:

(ا) روزی کا کشادہ ہو جانا　(ب) روزی کا تنگ ہو جانا

(ج) کمزور معیشت　(د) مضبوط معیشت

(۵۵) سرمایہ کو عربی زبان میں کیا کہتے ہیں؟

(ا) راس المال　(ب) دولت

(ج) مال زائد　(د) اُجرت

(۵۶) قرع انبیق کس مسلم سائنس دان کی ایجاد ہے؟

(ا) جابر بن حیان　(ب) ابن الہیثم

(ج) محمد بن موسیٰ خوارزمی　(د) ابوالقاسم الزہراوی

(۵۷) ''التصریف لمن عجز عن التالیف'' کس کی کتاب ہے؟

(ا) ابوالقاسم الزہراوی　(ب) جابر بن حیان

(ج) ابن بیطار　(د) محمد بن موسیٰ خوارزمی

(۵۸) کس مسلم سائنس دان نے یہ نظریہ پیش کیا کہ سورج کی کرنوں میں روشنی اور حرارت کے اثرات ساتھ ساتھ پائے جاتے ہیں؟

(ا) ابن الہیثم　(ب) ابوالقاسم الزہراوی

(ج) ابوالریحان البیرونی　(د) ابن سینا

(۵۹) یورپ میں کس کتاب کو طب کی انجیل کہا جاتا ہے؟

(ا) القانون فی الطب　(ب) الشفا

(ج) کتاب المناظر　(د) التصریف

(۶۰) کس مسلم سائنس دان نے اپنی زندگی کا ایک بڑا حصہ سرزمین ہندوستان میں گزارا؟

(ا) ابن سینا　(ب) ابن الہیثم

(ج) محمد بن موسیٰ خوارزمی　(د) ابوالریحان البیرونی

(۶۱) حضرت عمر بن عبدالعزیز کی والدہ ام عاصم کن خلیفہ راشد کی پوتی تھیں؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق ؓ　(ب) حضرت عمر بن خطاب ؓ

(ج) حضرت عثمان غنی ؓ　(د) حضرت علی ؓ

(۶۲) حضرت عبداللہ بن زبیر ؓ کس اموی حکمران کے لشکر کے ہاتھوں شہید ہوئے؟

(ا) مروان　(ب) عبدالملک بن مروان

(ج) ولید بن عبدالملک　(د) سلیمان بن عبدالملک

(۶۳) محمد بن قاسم کا حجاج بن یوسف سے کیا رشتہ تھا؟

(ا) حقیقی بھائی — (ب) حقیقی بھتیجا

(ج) بیٹا — (د) ✓ چچا زاد بھائی اور داماد

(۶۴) توابین کے قائد کا نام کیا تھا؟

(ا) ✓ سلیمان بن صرد — (ب) عبداللہ بن زید

(ج) مختار ثقفی — (د) زید بن عمر

(۶۵) رسول اللہ ﷺ نے اپنے کن صحابی کے بارے میں فرمایا تھا: "یہ صحابہ میں حلال وحرام کے سب سے بڑے عالم ہیں۔"

(ا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ — (ب) ✓ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ — (د) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ

(۶۶) امام ابوحنیفہ کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(ا) مکہ مکرمہ — (ب) مدینہ منورہ

(ج) دمشق — (د) ✓ کوفہ

(۶۷) "خلفاء کا باپ" کس اموی خلیفہ کو کہا جاتا ہے؟

(ا) ✓ عبدالملک بن مروان — (ب) ولید بن عبدالملک

(ج) سلیمان بن عبدالملک — (د) مروان

(۶۸) "جدال احسن" سے کیا مراد ہے؟

(ا) جھگڑا کرنا — (ب) فریق مخالف کو خاموش کرا دینا

(ج) فریق مخالف پر فتح پانا — (د) ✓ اچھے طریقے سے بحث ومناظرہ کرنا

(۶۹) اسماعیلیہ کس مکتب فکر کے ایک فرقہ کا نام ہے:

(ا) خوارج — (ب) ✓ شیعہ

(ج) اشاعرہ — (د) قدریہ

(۷۰) اشاعرہ کے بانی کا نام ہے:

(ا) ✓ ابوالحسن علی بن اسماعیل الاشعری — (ب) واصل بن عطا

(ج) حسن بصری — (د) امام ابوحنیفہ

(۷۱) خوارج کا نعرہ کیا تھا؟

(ا) اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ — (ب) اللہ اکبر

(ج) اللہ اعظم — (د) سبحان اللہ

(۷۲) برامکہ کو کس عباسی حکمران کے دور میں زوال آیا تھا؟

(ا) ابوجعفر منصور — (ب) ہادی

(ج) ✓ ہارون الرشید — (د) مامون الرشید

(۷۳) "دعوت دین اور اس کا طریق کار" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابوالاعلیٰ مودودی — (ب) ✓ مولانا امین احسن اصلاحی

(ج) عبدالوحید خان — (د) سیّد مناظر احسن گیلانی

(۷۴) امام مالک کو کس کے حکم پر کوڑے مارے گئے؟

(ا) والی مکہ زید بن عمر — (ب) والی بصرہ سلیمان بن احمد

(ج) ✓ والی مدینہ جعفر بن سلیمان — (د) کوڑے نہیں مارے گئے تھے

(۷۵) لیبیا کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) ایشیا — (ب) ✓ افریقہ

(ج) آسٹریلیا — (د) یورپ

(۷۶) بنگلہ دیش کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) ✓ ڈھاکا — (ب) کلکتہ

(ج) خرطوم — (د) چٹاگانگ

(۷۷) یہ کس مسلم حکمران کا قول ہے: "شیر کی ایک دن کی زندگی گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے بہتر ہے۔"

(ا) صلاح الدین ایوبی — (ب) سلطان محمود غزنوی

(ج) نورالدین زنگی — (د) ✓ ٹیپو سلطان

(۷۸) "ندوۃ العلماء" کے تحت کون سا دینی رسالہ شائع ہوتا تھا؟

(ا) ✓ الندوہ — (ب) جدوہ

(ج) سطوہ — (د) کوئی جواب درست نہیں

(۷۹) "الحسبۃ فی الاسلام" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) امام غزالی (ب) ابن حزم

(ج) ابن خلدون (د) ابن تیمیہ

(۸۰) ضربِ کلیم کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(ا) مرزا اسداللہ خاں (ب) علامہ محمد اقبال

(ج) میر تقی میر (د) الطاف حسین حالی

(۸۱) وہابی تحریک کے بانی کا نام کیا ہے؟

(ا) احمد بن عبدالوہاب (ب) محمد بن عبدالوہاب

(ج) زید بن عمر (د) محمد بن علی

(۸۲) "مقدمہ" کس مسلم ماہر معاشیات کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن تیمیہ (ب) ابن حزم

(ج) ابن خلدون (د) امام ابوعبید

(۸۳) فرقہ خوارج کا پہلا قائد کون تھا؟

(ا) عبداللہ بن وہب راسبی (ب) نافع بن ازرق

(ج) نجدہ بن عویمر (د) عبداللہ بن اباض

(۸۴) "بابک خرمی" کی بغاوت کس حکمران کے دور میں ہوئی؟

(ا) ہشام بن عبدالملک (ب) ولید بن عبدالملک

(ج) ابوجعفر منصور (د) مامون الرشید

(۸۵) "اُسدُ الغابہ" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابن کثیر (ب) ابن اثیر

(ج) ابن قیم (د) ابن جوزی

(۸۶) یمن کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) بیروت (ب) صنعاء

(ج) خرطوم (د) بصرہ

(۸۷) سیرت طیبہ پر اُردو زبان میں پہلی غیر منقوط کتاب کس نے لکھی ہے؟

(ا) مفتی محمد شفیع (ب) محمد ولی رازی

(ج) احمد ولی رازی (د) مفتی محمد تقی عثمانی

(۸۸) اسلامی ملک بحرین کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم ایشیا (ب) براعظم یورپ

(ج) براعظم افریقہ (د) براعظم آسٹریلیا

(۸۹) تاریخ یعقوبی کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) محمد بن سعد (ب) احمد بن ابی یعقوب

(ج) احمد بن داؤد (د) اسماعیل بن کثیر

(۹۰) قائداعظم کا ایک خطاب "ہندو مسلم اتحاد کا سفیر" تھا۔ آپ کو یہ خطاب کس نے دیا تھا؟

(ا) گاندھی (ب) نہرو

(ج) سر سیّد احمد خاں (د) سروجنی نائیڈو

(۹۱) نائیجیریا کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم ایشیا (ب) براعظم افریقہ

(ج) براعظم یورپ (د) براعظم آسٹریلیا

(۹۲) کس عباسی حکمران کو سفّاح ثانی کا لقب دیا گیا ہے؟

(ا) ابوجعفر منصور (ب) متوکل علی اللہ

(ج) معتضد باللہ (د) معتصم باللہ

(۹۳) ابوالفضل اور فیضی کس مغل حکمران کے دربار سے وابستہ تھے؟

(ا) جلال الدین محمد اکبر (ب) شاہجہان

(ج) جہانگیر (د) اورنگ زیب عالمگیر

(۹۴) یوگنڈا کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم افریقہ (ب) براعظم ایشیا

(ج) براعظم یورپ (د) براعظم آسٹریلیا

(۹۵) آلات جراحی کی صنعت پاکستان کے کس شہر میں ہے؟

(ا) سیالکوٹ ✓ (ب) فیصل آباد

(ج) کوئٹہ (د) پشاور

(۹۶) سلاطین دہلی کی بنیاد کب رکھی گئی؟

(ا) ۱۲۰۶ء ✓ (ب) ۱۲۰۸ء

(ج) ۱۲۰۹ء (د) ۱۲۱۲ء

(۹۷) معتزلہ کے بانی کا نام تھا:

(ا) نظام معتزلی (ب) واصل بن عطاء ✓

(ج) ابوالعلاف (د) زید بن عمر

(۹۸) "عہد نبوی ﷺ میں نظام حکمرانی" کس کی تصنیف ہے؟

(ا) سر سیّد احمد خاں (ب) ڈاکٹر محمد حمید اللہ ✓

(ج) سیّد قطب (د) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر

(۹۹) "الرحیق المختوم" کے مصنف کا نام ہے:

(ا) مولانا حامد الانصاری (ب) مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری ✓

(ج) مناظر احسن گیلانی (د) ڈاکٹر محمد حمید اللہ

(۱۰۰) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے کس بیماری میں مبتلا ہو کر انتقال کیا تھا؟

(ا) طاعون ✓ (ب) دل کی بیماری

(ج) ہیضہ (د) اسہال

(۱۰۱) صلاح الدین ایوبی نے بیت المقدس کو فتح کیا:

(ا) ۵۸۰ ہجری (ب) ۵۸۳ ہجری ✓

(ج) ۵۸۶ ہجری (د) ۵۹۰ ہجری

(۱۰۲) شاعر مشرق علامہ اقبال کہاں دفن ہیں؟

(ا) سیالکوٹ (ب) لاہور ✓

(ج) دہلی (د) پشاور

(۱۰۳) دار المصنفین کا مجلّہ "معارف" ہندوستان کے کس شہر سے شائع ہوتا ہے؟

(ا) دہلی (ب) اعظم گڑھ ✓

(ج) کلکتہ (د) مدراس

(۱۰۴) "پاکستان ناگزیر تھا" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) سیّد حسن ریاض ✓ (ب) احمد بلگرامی

(ج) اشتیاق حسین قریشی (د) مولانا ابوالکلام آزاد

(۱۰۵) تحریک خلافت کا آغاز کس سال ہوا؟

(ا) ۱۹۱۵ء (ب) ۱۹۱۷ء

(ج) ۱۹۱۹ء ✓ (د) ۱۹۲۱ء

(۱۰۶) قراردادِ مقاصد کب منظور ہوئی؟

(ا) ۱۲ مارچ ۱۹۴۵ء (ب) ۱۲ مارچ ۱۹۴۶ء

(ج) ۱۲ مارچ ۱۹۴۹ء ✓ (د) ۱۲ مارچ ۱۹۵۰ء

(۱۰۷) لاہور کی بادشاہی مسجد کی تعمیر کس مغل حکمران نے کرائی تھی؟

(ا) شاہجہان (ب) اورنگ زیب عالمگیر ✓

(ج) ظہیر الدین محمد بابر (د) جہانگیر

(۱۰۸) معاشیات پر امام ابو یوسف کی کتاب کا نام ہے:

(ا) کتاب الاموال (ب) کتاب الحث علی التجارۃ

(ج) الاحکام السلطانیۃ (د) کتاب الخراج ✓

(۱۰۹) "ختم نبوت" کن کی تصنیف ہے؟

(ا) معین الدین ندوی (ب) سیّد سلیمان ندوی

(ج) مفتی محمد شفیع ✓ (د) مولانا ابوالکلام آزاد

(۱۱۰) اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام "اَلْفَاطِرُ" کا معنی ہے:

(ا) پیدا کرنے والا ✓ (ب) سب پر غالب

(ج) بہت وسیع علم والا (د) سب سے زیادہ وبرتر

مثالی سیٹ (۸)

(۱) شاہ ولی اللہ کے نزدیک منسوخ آیات کی تعداد کتنی ہے؟

(ا) پانچ (ب) چھ

(ج) آٹھ (د) بارہ

(۲) الفوز الکبیر کے پانچویں باب کا موضوع ہے:

(ا) علوم پنجگانہ (ب) غریب القرآن کی شرح

(ج) اسلوب قرآن (د) ناسخ ومنسوخ

(۳) انوار التنزیل واسرار التاویل کس کی تصنیف ہے؟

(ا) امام بیضاوی (ب) امام ابن کثیر

(ج) امام طبری (د) امام بغوی

(۴) ''بحر العلم'' کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

(ا) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ (د) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

(۵) جنت سے نکالے جانے کے بعد حضرت آدم اور حضرت حوا کی پہلی ملاقات کہاں ہوئی تھی؟

(ا) جدہ (ب) میدانِ عرفات

(ج) بیت المقدس (د) طائف

(۶) حضرت نوح علیہ السلام کی قوم نے جب آپ کی دعوت کا انکار کیا تو اس قوم پر کون سا عذاب نازل ہوا تھا؟

(ا) بیماریاں (ب) سیلاب اور طوفان

(ج) زلزلہ (د) کوئی بھی نہیں

(۷) حضرت نوح کی کشتی کس پہاڑ پر آ کر رُکی؟

(ا) جودی پہاڑ (ب) کوہِ اُحد

(ج) ارمنی پہاڑ (د) کوہِ طور

(۸) قوم ثمود کے کتنے سرداروں نے حضرت صالح علیہ السلام کے قتل کی سازش تیار کی؟

(ا) پانچ (ب) سات

(ج) نو (د) دس

(۹) حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کس اخلاقی برائی میں ملوث تھی؟

(ا) جھوٹ (ب) غیبت

(ج) منافقت (د) کم تولتے تھے اور کم ناپتے تھے

(۱۰) حضرت ابراہیم علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟

(ا) صنعاء (ب) اُر

(ج) دمشق (د) بابل

(۱۱) بچھڑے کی پرستش کس قوم نے کی تھی؟

(ا) قوم عاد (ب) قوم ثمود

(ج) اصحاب مدین (د) بنی اسرائیل

(۱۲) حضرت یوسف علیہ السلام کے سگے بھائی کا نام کیا تھا؟

(ا) یہوداہ (ب) بنیامین

(ج) شرجیل (د) ہابیل

(۱۳) حضرت سلیمان علیہ السلام نے ملکہ سبا کی طرف کس کو دعوتی خط دے کر بھیجا؟

(ا) آصف بن برخیاہ (ب) ہابیل

(ج) پرندہ ہُد ہُد (د) کوئی بھی درست نہیں

(۱۴) حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کتاب تورات کہاں دی گئی؟

(ا) وادی سینا میں (ب) کوہ طور پر

(ج) وادی فاران میں (د) کوئی بھی جواب درست نہیں

(۱۵) احیاء موتی اور کوڑھ کے مریضوں کو تندرست کرنا کس نبی کے معجزات ہیں؟

(۹۵) "السیاسة الشرعیة" کے مصنف کون ہیں؟

(ا) ابن قیم (ب) ✓ ابن تیمیہ

(ج) ابن کثیر (د) ابن خلدون

(۹۶) شام کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم افریقہ (ب) براعظم ایشیا
(ج) براعظم یورپ (د) براعظم آسٹریلیا

(۹۷) ترکی کی سب سے بڑی اسلام پسند پارٹی کا نام ہے:

(ا) تحریک اخوان (ب) رفاہ پارٹی
(ج) مہدی تحریک
(د) Justice and Development Party

(۹۸) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے کل کتنی احادیث روایت کی ہیں؟

(ا) ۲۷۹ (ب) ۲۸۱
(ج) ۲۸۳ (د) ۲۸۵

(۹۹) معدنی نمک کی سب سے بڑی کان کس اسلامی ملک میں ہے؟

(ا) ترکی (ب) یمن
(ج) ملائیشیا (د) پاکستان

(۱۰۰) ''خطبات بہاولپور'' کے نام سے جو کتاب شائع ہوئی ہے اس میں کن عالم دین کے خطبات ہیں؟

(ا) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر (ب) ڈاکٹر محمد حمید اللہ
(ج) ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم (د) سیّد سلیمان ندوی

(۱۰۱) ''عوارف المعارف'' کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) شہاب الدین سہروردی (ب) شیخ احمد سرہندی
(ج) نظام الدین اولیاء (د) سیّد علی ہجویری

(۱۰۲) حضرت خواجہ معین الدین چشتی کا مزار کہاں واقع ہے؟

(ا) دہلی (ب) اجمیر
(ج) کلکتہ (د) حیدرآباد دکن

مثالی سیٹ (۱۹)

(۱) شاہ ولی اللہ نے ''الفوز الکبیر فی اصول التفسیر'' کس زبان میں لکھی؟

(ا) عربی زبان (ب) فارسی زبان
(ج) اُردو زبان (د) ہندی زبان

(۲) مدارک التنزیل وحقائق التاویل کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) جلال الدین سیوطی (ب) عبداللہ بن احمد نسفی
(ج) قاضی بیضاوی (د) فخر الدین رازی

(۳) سورۂ کہف میں اصحاب کہف کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ ان اصحاب کے ساتھ کون سا جانور تھا؟

(ا) اونٹ (ب) کتا
(ج) گھوڑا (د) گائے

(۴) کن ام المومنین کی براءت ثابت کرنے کے لیے قرآن حکیم کی آیات نازل ہوئیں؟

(ا) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا (ب) حضرت زینب رضی اللہ عنہا
(ج) حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا (د) حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا

(۵) کنویں میں قید تنہائی کی آزمائش کن پیغمبر پر آئی؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام (ب) حضرت یونس علیہ السلام
(ج) حضرت یوسف علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۶) قرآن پاک کی آخری چھہتر سورتیں کہلاتی ہیں:

(ا) مئین (ب) مختصر سورتیں
(ج) سبع طوال (د) مفصل

(۷) "The Glorious Quran" کن کی تصنیف ہے؟

(ا) محمد مارماڈیوک پکتھال (ب) آرنلڈ
(ج) تھامس کارلائل (د) محمد اسد

(۸) ''مجھے امید ہے کہ میں دنیا کے تمام دانا اور باشعور لوگوں کو یکجا کر کے قرآنی تعلیمات روشنی میں ایک لاثانی نظام قائم کروں گا کیونکہ صرف یہی تعلیمات انسان کو مسرتوں سے کرا سکتی ہیں۔'' بتائیے یہ الفاظ کس غیر مسلم مشہور فاتح کے ہیں؟

(ا) رچرڈ — (ب) ہٹلر

(ج) مسولینی — (د) نپولین بوناپارٹ

(۹) قرآن مجید کی تلاوت سے قبل کیا پڑھنا ضروری ہے؟

(ا) درود شریف — (ب) تعوذ

(ج) نماز — (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۱۰) قرآن حکیم میں ''امام مبین'' کسے کہا گیا ہے؟

(ا) حضرت لقمان علیہ السلام کو — (ب) حضرت ذوالکفل علیہ السلام کو

(ج) حضرت خضر علیہ السلام کو — (د) عرب کی ایک بڑی تجارتی شاہراہ کو

(۱۱) قرآن حکیم نے کس معاہدہ کو میثاق غلیظ (پختہ معاہدہ) قرار دیا ہے؟

(ا) میثاق مدینہ — (ب) معاہدہ حدیبیہ

(ج) خرید و فروخت کا معاہدہ — (د) نکاح کا معاہدہ

(۱۲) ''لحماً طریا'' سے کیا مراد ہے؟

(ا) مچھلی کا گوشت — (ب) گائے کا گوشت

(ج) اونٹ کا گوشت — (د) بکرے کا گوشت

(۱۳) آیت الکرسی قرآن حکیم کے کس پارے میں ہے؟

(ا) دوسرا پارہ — (ب) تیسرا پارہ

(ج) پانچواں پارہ — (د) چھٹا پارہ

(۱۴) الفرقان کا معنی ہے:

(ا) حق و باطل کی کسوٹی — (ب) فرق کرنا

(ج) فیصلہ کرنا — (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۱۵) ابلیس کے معنی ہیں:

(ا) اللہ کی رحمت سے مایوس — (ب) تکبر کرنے والا

(ج) سازش کرنے والا — (د) حسد کرنے والا

(۱۶) شق قمر کے معجزہ کا تذکرہ قرآن کی کس سورت میں ہے؟

(ا) سورۂ نساء — (ب) سورۂ مائدہ

(ج) سورۂ علق — (د) سورۂ قمر

(۱۷) وہ کون سے پیغمبر تھے جنہوں نے اپنی نافرمان قوم کے لیے بددعا ان الفاظ میں کی تھی: ''اے اللہ زمین پر کافروں میں سے ایک بسنے والا بھی زندہ نہ چھوڑ۔''

(ا) حضرت ہود علیہ السلام — (ب) حضرت نوح علیہ السلام

(ج) حضرت صالح علیہ السلام — (د) حضرت شعیب علیہ السلام

(۱۸) قوم ثمود نے حضرت صالح علیہ السلام سے کون سا معجزہ مانگا تھا؟

(ا) چاند کے دو ٹکڑے کرنے کا — (ب) مردہ کو زندہ کرنے کا

(ج) لاٹھی سے سانپ بنانے کا — (د) چٹان سے اونٹنی نکالنے کا

(۱۹) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں ''شیخ مدین'' سے مراد کون سی شخصیت ہیں؟

(ا) حضرت یونس علیہ السلام — (ب) حضرت صالح علیہ السلام

(ج) حضرت شعیب علیہ السلام — (د) حضرت لوط علیہ السلام

(۲۰) بنی اسرائیل کس صندوق کو بڑا متبرک اور اپنے لیے فتح و نصرت کا نشان سمجھتے تھے؟

(ا) تابوت امن — (ب) تابوت

(ج) تابوت سکینہ — (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۲۱) قرآن کے مطابق کس قوم نے کہا تھا: ''اے موسیٰ تم اور تمہارا رب دونوں جا کر لڑو ہم تو یہاں بیٹھے ہیں۔''

(ا) قوم عاد — (ب) قوم ثمود

(ج) اصحاب مدین — (د) بنی اسرائیل

(۲۲) مشعر الحرام کہاں واقع ہے؟

(ا) مزدلفہ کی وادی میں جہاں حاجی کچھ دیر قیام کرتے ہیں

(ب) میدان عرفات میں

(ج) جبل اُحد کے قریب

(د) جبل ثور کے قریب

(۲۳) حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو رسول اللہ ﷺ کا کون سا نام بتایا تھا؟

(ا) محمد ﷺ　　(ب) احمد ﷺ

(ج) نذیر ﷺ　　(د) شاہد ﷺ

(۲۴) قرآن مجید کی کون سی آیت کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس کے پڑھنے سے حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے رہائی ملی؟

(ا) اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ　　(ب) سورۂ بقرہ کی آخری آیت

(ج) سورۂ آل عمران کی آخری آیت

(د) لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

(۲۵) حدیث کی وہ کتاب جو جملہ ابواب حدیث پر مشتمل ہو، کہلاتی ہے:

(ا) مسند　　(ب) جامع

(ج) سنن　　(د) اربعین

(۲۶) خبر واحد اس حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند میں:

(ا) صحابی کا نام ساقط نہ ہو　　(ب) متواتر کی شرائط نہ پائی جائیں

(ج) کوئی علت نہ ہو　　(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۲۷) امہات المومنین میں سب سے زیادہ احادیث کن نے روایت کی ہیں؟

(ا) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا　　(ب) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا　　(د) حضرت زینب رضی اللہ عنہا

(۲۸) موضوع احادیث پر ملا علی قاری کی کتاب کا نام ہے:

(ا) موضوعات کبیر　　(ب) تدوین حدیث

(ج) موضوع احادیث　　(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۲۹) قیامت کے دن عہد شکن کے لیے نصب کیا جائے گا:

(ا) درخت　　(ب) جھنڈا

(ج) خیمہ　　(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۳۰) بدکاری کی سزا نافذ ہونے کے لیے کتنے گواہوں کا ہونا ضروری ہے؟

(ا) دو　　(ب) تین

(ج) چار　　(د) پانچ

(۳۱) امام سرخسی کی کتاب المبسوط کس کتاب کی شرح ہے؟

(ا) المغنی　　(ب) کتاب الکافی

(ج) ہدایہ　　(د) اصول الشاشی

(۳۲) طلاق احسن سے مراد ہے:

(ا) شوہر اپنی زوجہ مدخولہ کو ایسے طہر میں جس میں اس سے صحبت نہ کی ہو، ایک رجعی طلاق دے

(ب) دو طلاقیں اکٹھی دے　　(ج) بائن طلاق دے

(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۳۳) حد رجم ثابت ہے:

(ا) قرآن سے　　(ب) سنت سے

(ج) اجماع سے　　(د) اہل مدینہ کے عمل سے

(۳۴) "خِطبہ علی خِطبہ" سے کیا مراد ہے؟

(ا) خطبہ دینا　　(ب) سودے پر سودا کرنا

(ج) دھوکا دینا

(د) کہیں نکاح کی بات چلی رہی ہو اور دوسرا شخص اس پر پیغام نکاح بھیج دے

(۳۵) امام ابوحنیفہ کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

(ا) زراعت　　(ب) تجارت

(ج) دستکاری　　(د) ملازمت

(۳۶) "من لا یحضرہ الفقیہ" کے مؤلف کا نام ہے:

(ا) امام سرخسی (ب) امام زُفر

(ج) امام ابو یوسف (د) ✓ ابو جعفر محمد بن علی قمی

(۳۷) "صلح نامہ حدیبیہ" اور "غزوۂ خیبر" کے موقع پر صرف ایک زوجہ محترمہ آپ کے ساتھ تھیں۔ ان کا نام بتائیں؟

(ا) حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا (ب) ✓ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا (د) حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا

(۳۸) فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے کعبہ کی کنجی کن کو عطا کی تھی؟

(ا) حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ (ب) ✓ عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

(۳۹) غزوۂ اُحد میں جب ایک مشرک کی تلوار کے وار سے رسول رحمت ﷺ کی زرہ کی دو کڑیاں آپ کے رُخسار مبارک میں دھنس گئی تھیں تو کن صحابی نے ان کڑیوں کو اپنے دانتوں سے کھینچ کر نکالا تھا اور اس وجہ سے ان کے اپنے دو دانت گر گئے تھے؟

(ا) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(ج) ✓ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ (د) حضرت ابودجانہ انصاری رضی اللہ عنہ

(۴۰) ان صحابی کا نام بتائیں جنہیں شرجیل بن عمر حاکم بصرہ نے قتل کرا دیا تھا جبکہ وہ رسول اکرم ﷺ کے قاصد کی حیثیت سے آپ کا دعوتی خط لے کر گئے تھے؟

(ا) ✓ حضرت حارث بن عمیر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ (د) حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ

(۴۱) حضرت علی رضی اللہ عنہ، ہجرت مدینہ کے سفر میں کس مقام پر آ کر رسول اکرم ﷺ کو ملے تھے؟

(ا) جبل ثور پر (ب) ✓ قبا کے مقام پر

(ج) مقام قدید (د) مدینہ

(۴۲) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اپنے کس سپہ سالار کی شہادت کی خبر سن کر سر پر ہاتھ رکھ کر بہت دیر تک روتے رہے؟

(ا) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (د) ✓ حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ

(۴۳) "نقیب اسلام"، کن خلیفہ راشد کو کہا جاتا ہے؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (د) ✓ حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۴) "ذوالقرنین"، کن خلیفہ راشد کو کہا جاتا ہے؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (د) ✓ حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۵) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کن نے پڑھائی؟

(ا) حضرت بلال رضی اللہ عنہ (ب) ✓ حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ (د) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

(۴۶) خلافت راشدہ میں سب سے طویل دور کن کا تھا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) ✓ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۷) اُم البنین (بیٹوں کی ماں) کن کا لقب ہے؟

(ا) ✓ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زوجہ حضرت فاطمہ کلابیہ

(ب) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی زوجہ حضرت نائلہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زوجہ حضرت ام رومان زینب رضی اللہ عنہا

(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۴۸) حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو آپ کے مالک سے خرید کر کس نے آزاد کیا؟

(ا) ✓ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۹) حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے قاتل کا نام لکھیں؟

(ا) ✓ مروان بن حکم (ب) عمرو بن جرموز

(ج) عبداللہ بن وہب راسبی (د) عبدالرحمٰن بن ملجم

(۵۰) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے نانا کا نام تھا:

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۵۱) ازواجِ مطہرات میں وہ کون سی زوجہ محترمہ تھیں جنہیں مقوقس شاہ مصر نے آپ ﷺ کی خدمت میں بھیجا تھا؟

(ا) حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا　(ب) حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت زینب رضی اللہ عنہا　(د) حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا

(۵۲) ام المومنین کا لقب پہلی بار کن زوجہ محترمہ کے ولیمہ نکاح کے موقع پر استعمال ہوا؟

(ا) حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا　(ب) حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا　(د) حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا

(۵۳) ازواج مطہرات میں ان زوجہ محترمہ کا نام بتائیں جو اسلام قبول کرنے سے قبل یہودی مذہب کی پیروکار تھیں؟

(ا) حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا　(ب) حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا　(د) حضرت سودہ رضی اللہ عنہا

(۵۴) اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی قبر اطہر کہاں ہے؟

(ا) مکہ مکرمہ　(ب) جنت البقیع

(ج) مقام ابواء　(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۵۵) رسول اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے، جنتی عورتوں میں سب سے افضل ہیں:

(ا) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا　(ب) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا　(د) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا

(۵۶) کن لوگوں نے اپنی طرف سے رہبانیت شروع کی؟

(ا) عیسائی　(ب) یہودی

(ج) ہندو　(د) جینی

(۵۷) ہندومت میں "بھگتی مارگ" کا معنی ہے:

(ا) طریقہ ریاضت　(ب) طریقہ علم و معرفت

(ج) طریقہ عمل و قربانی　(د) طریقہ محبت

(۵۸) غیر سامی مذاہب میں بڑا مذہب ہے:

(ا) بدھ مت　(ب) ہندومت

(ج) جین مت　(د) سکھ مت

(۵۹) عیسائیت کے باطل عقائد کو کس نے ایجاد کیا؟

(ا) مرقس　(ب) یوحنا

(ج) پیلاطس　(د) پولوس (سینٹ پال)

(۶۰) ذات پات کا نظام کس مذہب میں ہے؟

(ا) عیسائیت　(ب) بدھ مت

(ج) جین مت　(د) ہندومت

(۶۱) "تاؤمت" کے بانی کا نام تھا:

(ا) لاؤزے　(ب) مہاویر

(ج) گوتم　(د) مانی

(۶۲) کس مذہب میں گداگری کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے؟

(ا) یہودیت　(ب) عیسائیت

(ج) سکھ مت　(د) بدھ مت

(۶۳) فرانس میں عیسائیت کے بعد دوسرا بڑا مذہب کون سا ہے؟

(ا) اسلام　(ب) یہودیت

(ج) زرتشتیت　(د) سکھ مت

(۶۴) "الجہاد فی الاسلام" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) مناظر احسن گیلانی　(ب) ابوالاعلیٰ مودودی

(ج) مولانا محمد ادریس کاندھلوی　(د) سیّد قطب

(۶۵) ''جبل الطارق'' کس ملک میں واقع ہے؟

(ا) شام (ب) اندلس (سپین)

(ج) مصر (د) یمن

(۶۶) خاندان غلاماں کی حکومت کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟

(ا) قطب الدین ایبک (ب) التمش

(ج) بہرام شاہ (د) غیاث الدین بلبن

(۶۷) "History of Muslim Philosophy" کے مصنف کا نام ہے:

(A) V.Ferm (B) M.M.Sharif

(C) E Wing (D) Frost

(۶۸) وحدۃ الشہود کا نظریہ کن نے پیش کیا؟

(ا) شاہ ولی اللہ (ب) حضرت مجدد الف ثانی

(ج) ابن عربی (د) حضرت خواجہ باقی باللہ

(۶۹) وحدۃ الوجود کے قائل تھے:

(ا) شاہ ولی اللہ (ب) شیخ احمد سرہندی

(ج) ابن عربی (د) فرید الدین عطار

(۷۰) دارالعلوم دیوبند قائم ہوا:

(ا) ۱۸۵۸ء (ب) ۱۸۵۹ء

(ج) ۱۸۶۰ء (د) ۱۸۶۶ء

(۷۱) ''اسلام اور معاشی تحفظ'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ڈاکٹر یوسف قرضاوی (ب) سید اسعد گیلانی

(ج) نور محمد غفاری (د) سیّد مناظر احسن گیلانی

(۷۲) "Basic Teachings of Great Philosophers" کے مصنف کا نام ہے:

(A) Eving (B) Frost.S.E

(C) M.M.Sharif (D) V.Ferm

(۷۳) وہ کون سا اموی حکمران تھا جس کو شادیاں کرنے کا بہت شوق تھا؟

(ا) عبدالملک بن مروان (ب) سلیمان بن عبدالملک

(ج) ولید بن عبدالملک (د) مروان ثانی

(۷۴) بال جبریل کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(ا) میر درد (ب) مرزا غالب

(ج) علامہ محمد اقبال (د) میر تقی میر

(۷۵) الوجیز فی اصول الفقہ کے مؤلف کا نام کیا ہے؟

(ا) الشوکانی (ب) عبدالکریم زیدان

(ج) السید سابق (د) عبدالوہاب خلاف

(۷۶) اسپین (اندلس) میں اسلامی حکومت (اُموی حکومت) کی بنیاد کس سال پڑی؟

(ا) ۹۰ھ (ب) ۹۱ھ

(ج) ۹۲ھ (د) ۹۳ھ

(۷۷) سیّد جمال الدین افغانی کا سال پیدائش ہے؟

(ا) ۱۸۳۲ء (ب) ۱۸۳۴ء

(ج) ۱۸۳۸ء (د) ۱۸۴۰ء

(۷۸) ''فرقہ پرست کبھی بھی حق پرست نہیں ہوسکتا'' یہ کس کا قول ہے؟

(ا) ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم (ب) واصف علی واصف

(ج) استاد دامن (د) حبیب جالب

(۷۹) صوفی کسے کہتے ہیں؟

(ا) جس نے دنیا کو ترک کردیا (ب) جس نے اپنے جسم کو تکالیف دیں

(ج) جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے دل کو صاف کیا

(د) جس نے دنیا سے نفرت کی

(۸۰) "Muslim conduct of State" کن کی کتاب ہے؟

(ا) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر (ب) ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم

(ج) ڈاکٹر محمد حمید اللہ (د) ڈاکٹر نور محمد غفاری

(۸۱) اعتکاف کے لفظی معنی ہیں:

(ا) خوبصورتی (ب) پاکیزگی

(ج) ✓ ٹھہرنا، بند ہونا (د) مسجد میں ٹھہرنا

(۸۲) چاشت کی نماز پڑھی جاتی ہے، جب

(ا) سحری کا وقت ہو (ب) سورج غروب ہو جائے

(ج) نصف رات کو (د) ✓ سورج طلوع ہو کر کچھ بلند ہو جائے

(۸۳) اِفراد اس طریقہ حج کو کہتے ہیں جس میں

(ا) حج اور عمرہ دونوں کی نیت سے احرام باندھا جاتا ہے

(ب) ✓ صرف حج کا احرام باندھا جاتا ہے

(ج) صرف عمرہ کا احرام باندھا جاتا ہے

(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۸۴) "Muslims the first Sociologist" کس کی تصنیف ہے؟

(A) M.H.Sharif (B) ✓ Dr M.Basharat Ali

(C) H.J.Laski (D) Dr Hamid Ullah

(۸۵) جابر بن حیان کہاں پیدا ہوئے؟

(ا) بغداد (ب) سمرقند

(ج) قاہرہ (د) ✓ طوس

(۸۶) "النبات" کس عالم دین کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن عبدالحکم (ب) ✓ ابوحنیفہ دینوری

(ج) ابن رُشد (د) ابن بیطار

(۸۷) قرآن کی رُو سے زندگی کا آغاز کس چیز سے ہوا؟

(ا) ہوا (ب) روشنی

(ج) آگ (د) ✓ پانی

(۸۸) کس مسلم سائنس دان نے یہ بتایا کہ کسی شخص کو زندگی میں دوبارہ چیچک کی بیماری نہیں ہو سکتی؟

(ا) ابن الہیثم (ب) ✓ ابن رُشد

(ج) ابوالقاسم الزہراوی (د) محمد بن موسیٰ خوارزمی

(۸۹) "اسلام کا نظام تکافل اجتماعی" کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ابوالاعلیٰ مودودی (ب) ✓ ڈاکٹر نور محمد غفاری

(ج) مناظر احسن گیلانی (د) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر

(۹۰) جابر بن حیان یورپ میں کس نام سے معروف ہیں؟

(ا) ✓ Geber (ب) Gabar

(ج) Geeler (د) Gabes

(۹۱) "اہل عرب کا ہیروڈٹس"، کس مسلم مؤرخ کا خطاب ہے؟

(ا) ✓ علی المسعودی (ب) احمد بن یحییٰ بلاذری

(ج) محمد بن جریر طبری (د) ابن مسکویہ

(۹۲) محمد بن زکریا رازی نے کس سال انتقال کیا؟

(ا) ۹۳۰ء (ب) ✓ ۹۳۲ء

(ج) ۹۳۴ء (د) ۹۳۶ء

(۹۳) مسلم سائنس دان عمر خیام کا سال پیدائش کون سا ہے؟

(ا) ۱۰۳۷ء (ب) ✓ ۱۰۳۹ء

(ج) ۱۰۴۱ء (د) ۱۰۴۳ء

(۹۴) "قرع انبیق" کے موجد کا نام ہے:

(ا) ابن رُشد (ب) بوعلی سینا

(ج) ✓ جابر بن حیان (د) فارابی

(۹۵) ابن حوقل کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(ا) ✓ جغرافیہ دان (ب) مفسر

(ج) محدث (د) فقیہہ

(۹۶) ''فردوس الحکمت'' کس مسلم سائنس دان کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن الہیثم (ب) ابوالقاسم الزہراوی
(ج) ابن بیطار (د) علی بن ربن طبری

(۹۷) کس مسلم فلسفی کو ارسطو کا شارح کہا جاتا ہے؟

(ا) فارابی (ب) ابن مسکویہ
(ج) ابن طفیل (د) ابن باجہ

(۹۸) پہلی مسلم سربراہ کانفرنس کس ملک میں ہوئی تھی؟

(ا) پاکستان (ب) سعودی عرب
(ج) ترکی (د) مراکش

(۹۹) ۲۰۱۱ء میں کس اسلامی ملک کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا؟

(ا) ملائیشیا (ب) ترکی
(ج) بوسنیا (د) سوڈان

(۱۰۰) کس اسلامی ملک میں بھاری مشینری تیار ہوتی ہے؟

(ا) یمن (ب) پاکستان
(ج) عراق (د) شام

(۱۰۱) ''المعجم المفہرس'' کا موضوع کیا ہے؟

(ا) فقہ (ب) تصوف
(ج) علم اطراف الحدیث (د) تفسیر

(۱۰۲) دنیا میں کل کتنے ایٹمی ممالک ہیں؟

(ا) پانچ (ب) چھ
(ج) سات (د) نو

(۱۰۳) اسلامی ملک کیمرون کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) یاؤنڈی (ب) ریاض
(ج) مسقط (د) صنعاء

(۱۰۴) ''آسیان'' میں کتنے مسلم ممالک شامل ہیں؟

(ا) تین (ب) پانچ
(ج) سات (د) نو

(۱۰۵) مالدیپ کے دارالحکومت کا نام ہے:

(ا) مالے (ب) پاؤنڈی
(ج) سمرقند (د) تاشقند

(۱۰۶) البانیہ کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) براعظم افریقہ (ب) براعظم یورپ
(ج) براعظم ایشیا (د) براعظم آسٹریلیا

(۱۰۷) بوسنیا نے یوگوسلاویہ سے کب آزادی حاصل کی تھی؟

(ا) ۲۹ فروری ۱۹۸۹ء (ب) ۲۹ فروری ۱۹۹۶ء
(ج) ۲۹ فروری ۱۹۹۱ء (د) ۲۹ فروری ۱۹۹۲ء

(۱۰۸) سلسلہ قادریہ کے بانی کا نام ہے:

(ا) شیخ سیّد عبدالقادر جیلانی (ب) شہاب الدین سہروردی
(ج) حضرت جنید بغدادی (د) حضرت خواجہ باقی باللہ

(۱۰۹) موساد کس ملک کی خفیہ ایجنسی کا نام ہے؟

(ا) بھارت (ب) شام
(ج) اسرائیل (د) ہندوستان

(۱۱۰) ''تالمود'' کس مذہب کی مقدس کتاب ہے؟

(ا) عیسائیت (ب) ہندومت
(ج) زرتشتیت (د) یہودیت

(۱۱۱) تاشقند کس اسلامی ملک کا دارالحکومت ہے؟

(ا) یمن (ب) ازبکستان
(ج) مراکش (د) ملائیشیاء

مثالی سیٹ (۲۰)

(۱) شاہ ولی اللہ کے نزدیک یہودی تورات میں کس قسم کی تحریف کرتے تھے؟

(ا) اصل تورات میں (ب) تورات کے ترجمہ میں

(ج) تورات میں کمی کر کے (د) تورات میں اضافہ کر کے

(۲) قرآن حکیم میں حنیفاً مُسْلِمًا کن پیغمبر کو کہا گیا ہے؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت ہود علیہ السلام

(ج) حضرت صالح علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۳) قرآن مجید کا مکی حصہ کون سا ہے؟

(ا) جو مکہ مکرمہ میں نازل ہوا (ب) جو طائف میں نازل ہوا

(ج) جو ہجرت سے پہلے نازل ہوا (د) جو ہجرت کے بعد نازل ہوا

(۴) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دینی تربیت کن پیغمبر نے کی تھی؟

(ا) حضرت صالح علیہ السلام (ب) حضرت شعیب علیہ السلام

(ج) حضرت یحییٰ علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۵) اصحاب سبت سے مراد ہیں:

(ا) عیسائی (ب) ہندو

(ج) پارسی (د) یہودی

(۶) "کتاب الملل والنحل" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) محمد بن ابی القاسم الشہرستانی (ب) ابوالحسن اشعری

(ج) امام قشیری (د) امام غزالی

(۷) تعمیر کعبہ کے وقت دعا کر رہے تھے:

(ا) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۸) "اصحاب الایکہ" کی طرف کن پیغمبر کو بھیجا گیا تھا؟

(ا) حضرت شعیب علیہ السلام (ب) حضرت لوط علیہ السلام

(ج) حضرت صالح علیہ السلام (د) حضرت ایوب علیہ السلام

(۹) مشرکین و کفار نے جب رسول اکرم ﷺ سے قیامت کے بارے میں سوالات کیے تو اللہ تعالیٰ نے قیامت کی نشانیاں کس سورت میں نازل فرمائیں؟

(ا) الکافرون (ب) الزلزال

(ج) العصر (د) قریش

(۱۰) ابلیس کس چیز سے بنا تھا؟

(ا) مٹی (ب) پانی

(ج) ہوا (د) آگ

(۱۱) قرآن حکیم کی رو سے اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو کتنے ایام میں تخلیق کیا؟

(ا) چار دن (ب) پانچ دن

(ج) چھ دن (د) سات دن

(۱۲) اصحاب کہف کتنے سال تک سوئے رہے؟

(ا) تین سو نو سال تک (ب) تین سو بارہ سال تک

(ج) تین سو پندرہ سال تک (د) تین سو اٹھارہ سال تک

(۱۳) آیت کے لغوی معنی ہیں:

(ا) نشانی (ب) خبر

(ج) ترتیب (د) چاہت

(۱۴) الکہف کے معنی ہیں:

(ا) پہاڑ (ب) غار

(ج) وادی (د) کھیت

(۱۵) تینوں سامی ادیان میں سب سے محترم نبی ہیں:

(ا) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت ہود علیہ السلام

(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۱۶) فرعون کی بیوی حضرت آسیہ کو قرآن نے کیا نام دیا ہے؟

(ا) امرأت فرعون ✓ — (ب) آسیہ

(ج) عاتکہ — (د) برہ

(۱۷) النّٰزِعٰتِ کے معنی ہیں:

(ا) بلانے والے — (ب) بھیجنے والے

(ج) کھینچ نکالنے والے ✓ — (د) پکارنے والے

(۱۸) قرآن مجید میں صرف ایک خاتون کا ذاتی نام آیا ہے وہ کون ہیں؟

(ا) حضرت مریم علیہا السلام ✓ — (ب) حضرت سارہ علیہا السلام

(ج) حضرت ہاجرہ علیہا السلام — (د) حضرت آسیہ علیہا السلام

(۱۹) آیت قرآنی ﴿وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ﴾ کس سورت میں ہے؟

(ا) سورۂ علق — (ب) سورۂ عنکبوت

(ج) سورۂ قلم ✓ — (د) سورۂ نحل

(۲۰) حدیث کے مطابق تول معتبر ہے:

(ا) اہل مدینہ کا — (ب) اہل مکہ کا ✓

(ج) اہل یمن کا — (د) اہل عراق کا

(۲۱) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے انتقال کیا:

(ا) ۶۸ھ — (ب) ۷۰ھ

(ج) ۷۲ھ — (د) ۷۴ھ ✓

(۲۲) تصریہ کے معنی ہیں:

(ا) نیلامی — (ب) جانوروں کے تھنوں میں دودھ روکنا ✓

(ج) پابندی لگانا — (د) جانوروں کا دودھ نکالنا

(۲۳) جس حدیث کو تابعی، صحابی کی بجائے براہ راست رسول اللہ ﷺ سے روایت کرے وہ حدیث ہے:

(ا) مرسل ✓ — (ب) موقوف

(ج) منکر — (د) موضوع

(۲۴) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے کتنی احادیث روایت کی گئی ہیں؟

(ا) ۱۶۵۰ — (ب) ۱۶۵۵

(ج) ۱۶۶۰ ✓ — (د) ۱۶۶۵

(۲۵) "فتح الملهم" کس موضوع کی کتاب ہے؟

(ا) علم فقہ — (ب) علم حدیث ✓

(ج) علم تصوف — (د) علم کلام

(۲۶) حدیث قدسی کے مطابق کون شخص اللہ کے ساتھ اعلان جنگ کرتا ہے؟

(ا) جو شخص سود کھاتا ہے — (ب) جو اپنے والدین کا نافرمان ہے

(ج) جو لوگوں کو قتل کرتا ہے

(د) جو اللہ کے ولی کے ساتھ عداوت رکھتا ہے ✓

(۲۷) شریعت کے لغوی معنی ہیں:

(ا) روشن، صاف راستہ ✓ — (ب) قانون

(ج) نئی چیز — (د) پرانی چیز

(۲۸) ظہار کے ضمن میں کن صحابیہ نے رسول اللہ ﷺ سے بحث کی تھی؟

(ا) حضرت عاتکہ رضی اللہ عنہا — (ب) حضرت خولہ بنت ثعلبہ رضی اللہ عنہا ✓

(ج) حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا — (د) حضرت سودہ رضی اللہ عنہا

(۲۹) طلاق سنت سے کیا مراد ہے؟

(ا) رسول اکرم ﷺ کی دی ہوئی تعلیمات کے مطابق طلاق دینا ✓

(ب) دو طلاقیں اکٹھی دینا — (ج) طلاق بائن

(د) ان میں سے کوئی بھی جواب درست نہیں

(۳۰) امام مالک بن انس کا سال پیدائش ہے:

(ا) ۹۲ھ — (ب) ۹۳ھ ✓

(ج) ۹۴ھ — (د) ۹۵ھ

(۳۱) قرآن حکیم کے مطابق دنیا کی انتہائی قد آور اور زور آور قوم کون سی تھی؟

(ا) قوم ثمود
(ب) قوم عاد ✓
(ج) اَصحاب الحجر
(د) اَصحاب الایکہ

(۳۲) اجماع کا اصطلاحی معنی ہے:

(ا) کسی بات پر علمائے امت کا متفق ہو جانا ✓
(ب) اجتہاد کرنا
(ج) لوگوں کا ملنا جلنا
(د) ان میں سے کوئی بھی جواب درست نہیں

(۳۳) خاندان قریش کے مورث اعلیٰ کا نام تھا؟

(ا) فہر ✓
(ب) ہاشم
(ج) عبدمناف
(د) عبدالمطلب

(۳۴) کوہِ صفا کا دوسرا نام ہے:

(ا) جبل فاران ✓
(ب) جبل اُحد
(ج) جبل ثور
(د) جبل طور

(۳۵) کتاب الامثال کن کی تصنیف ہے؟

(ا) الحریری
(ب) المیدانی ✓
(ج) الزرکلی
(د) الرازی

(۳۶) المیدانی نے اپنی تصنیف "کتاب الامثال" میں عربوں کی کتنی جنگوں کے حالات لکھے ہیں؟

(ا) ۱۲۷
(ب) ۱۲۸
(ج) ۱۳۰
(د) ۱۳۲ ✓

(۳۷) عہدِ رسالت میں حبشہ کے حکمران نجاشی کا اصل نام کیا تھا؟

(ا) مرقس
(ب) اصحمہ بن ابجر ✓
(ج) یوحنا
(د) جوزف

(۳۸) غزوہ اُحد میں کس مشرک کی تلوار کے وار سے رسول اکرم ﷺ کی زرہ کی دو کڑیاں آپ کے رُخسار مبارک میں دھنس گئی تھیں؟

(ا) ابوسفیان
(ب) عبداللہ بن قمیہ ✓
(ج) عقبہ بن ابی معیط
(د) عاص بن وائل

(۳۹) رسول اکرم ﷺ نے سفر طائف کی سختیوں کے بعد جو دعا فرمائی تھی اسے دینی ادب میں کہا جاتا ہے:

(ا) دعائے مستضعفین ✓
(ب) دعائے حاجت
(ج) دعائے استخارہ
(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۴۰) طائف میں انگوروں کے باغ میں کس شخص نے آپ ﷺ کو انگور پیش کیے تھے؟

(ا) عتبہ
(ب) عداس ✓
(ج) شیبہ
(د) مطعم بن عدی

(۴۱) ورقہ بن نوفل اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

(ا) ماموں زاد
(ب) چچا زاد ✓
(ج) خالہ زاد
(د) بہن بھائی

(۴۲) صلح نامہ حدیبیہ تحریر ہونے سے پہلے رسول اکرم ﷺ کے سفیر کی حیثیت سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اپنے کس رشتہ دار کی پناہ میں مکہ معظمہ گئے تھے؟

(ا) حکم بن ابی العاص
(ب) ابان بن سعید ✓
(ج) مروان بن حکم
(د) ابوسفیان

(۴۳) وہ لڑائی جو عہد رسالت میں ہوئی اور اس میں رسول اللہ ﷺ نے اپنی جگہ کسی اور کو سپہ سالار بنا کر بھیجا، اسے کہتے ہیں:

(ا) سریہ ✓
(ب) غزوہ
(ج) جنگ
(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۴۴) روم و ایران کی فتح کی بشارت کس غزوہ میں دی گئی تھی؟

(ا) غزوۂ بدر
(ب) غزوۂ اُحد
(ج) غزوۂ خیبر
(د) غزوۂ خندق ✓

(۴۵) غزوۂ خندق کے موقع پر قریش مکہ اور یہود مدینہ کے مابین پھوٹ ڈلوانے کے لیے کن صحابی نے اہم کردار ادا کیا تھا؟

(ا) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت نعیم بن مسعود رضی اللہ عنہ ✓
(د) حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ

(۴۶) غزوۂ تبوک کے لیے جاتے ہوئے رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کس قوم کے تباہ شدہ گھروں کے پاس سے گزرے تھے؟

(ا) قومِ عاد
(ب) قومِ ثمود ✓
(ج) اصحابِ مدین
(د) اصحاب الحجر

(۴۷) کاتب الواقدی (واقدی کے سیکرٹری) کن عالم دین کو کہا جاتا ہے؟

(ا) محمد بن سعد ✓
(ب) ابن جریر طبری
(ج) ابن ہشام
(د) ابوحنیفہ دینوری

(۴۸) جمعہ میں اذان اوّل کا اضافہ کن خلیفہ راشد نے کیا تھا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ✓
(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۹) خلیفہ کے چناؤ کے لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تشکیل کردہ کمیٹی میں شامل کن صحابی نے اپنا نام خود واپس لے لیا اور ثالث کا کردار ادا کیا تھا؟

(ا) حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت زبیر رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ
(د) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ✓

(۵۰) علامہ اقبال نے تاریخ اسلام کا اہم ترین واقعہ کسے قرار دیا ہے؟

(ا) فتح شام
(ب) فتح ایران ✓
(ج) فتح مصر
(د) فتح یمن

(۵۱) مسلمانوں نے ایک جنگ میں ایرانی فوج کی آنکھوں کو نشانہ بنا کر تیر چلائے۔ یوں ان کی ایک ہزار آنکھیں بیکار ہوئیں۔ اس وجہ سے یہ جنگ تاریخ میں کس نام سے مشہور ہے؟

(ا) جنگ واقوصہ
(ب) جنگ جسر
(ج) جنگ بویب
(د) جنگ ذات العیون ✓

(۵۲) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بعد خلیفہ کے چناؤ کے لیے جو کمیٹی بنائی تھی اس میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کن کے حق میں دستبردار ہوئے تھے؟

(ا) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ
(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ ✓

(۵۳) حضرت اُم ہانی رضی اللہ عنہا کن کی بہن تھیں؟

(ا) حضرت علی رضی اللہ عنہ ✓
(ب) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
(د) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

(۵۴) "ذات النطاقین" کن کا لقب ہے؟

(ا) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا
(ب) حضرت اسماء رضی اللہ عنہا ✓
(ج) حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا
(د) حضرت زینب رضی اللہ عنہا

(۵۵) تاریخ دعوت وعزیمت کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابوالاعلیٰ مودودی
(ب) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر
(ج) مولانا حامد الانصاری
(د) سیّد ابوالحسن علی ندوی ✓

(۵۶) مدینہ میں "بیر حاباغ" کن صحابی کی ملکیت تھا؟

(ا) حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ ✓
(ب) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ
(د) حضرت ابودجانہ انصاری رضی اللہ عنہ

(۵۷) ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

(ا) بنو نضیر
(ب) بنو قینقاع
(ج) بنو قریظہ
(د) بنو مصطلق ✓

(۵۸) "اسلام کا نظریہ ملکیت" کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر
(ب) ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی ✓
(ج) مناظر احسن گیلانی
(د) ڈاکٹر محمد حمید اللہ

(۵۹) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟

(ا) خولہ
(ب) زینب
(ج) ہند ✓
(د) عاتکہ

(۶۰) "ذوالفقار" کن صحابی کی تلوار کا نام ہے؟

(ا) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت عمر رضی اللہ عنہ
(ج) ابودجانہ انصاری رضی اللہ عنہ
(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ ✓

(۶۱) ویدک ادب کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(ا) دو (ب) تین

(ج) چار (د) پانچ

(۶۲) اپنشد کس مذہب کی مقدس کتاب ہے؟

(ا) جین مت (ب) ہندومت

(ج) سکھ مت (د) یہودیت

(۶۳) ''بودھی ستوا'' کا تصور کس مذہب میں پایا جاتا ہے؟

(ا) یہودیت (ب) عیسائیت

(ج) سکھ مت (د) بدھ مت

(۶۴) ''نام سمرن'' کس مذہب کی عبادت ہے؟

(ا) سکھ مت (ب) جین مت

(ج) ہندومت (د) بدھ مت

(۶۵) ''اشٹانگ مارگ'' کس مذہب کے اعلیٰ اصول ہیں؟

(ا) یہودیت (ب) بدھ مت

(ج) ہندومت (د) جین مت

(۶۶) تریمورتی سے کیا مراد ہے؟

(ا) تین بڑے دیوتا (ب) صورت گری

(ج) تین بڑے پجاری (د) تین بڑے جادوگر

(۶۷) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق کتنے اوقیہ سے کم چاندی پر زکوۃ نہیں ہے؟

(ا) پانچ اوقیہ (ب) سات اوقیہ

(ج) نو اوقیہ (د) بارہ اوقیہ

(۶۸) اصل پر وہ زیادتی جو ایک ہی جنس کے، بغیر کسی مہلت یا تاخیر کے دست بدست تبادلے کی صورت میں کی جائے اُسے کہتے ہیں؟

(ا) ربا الفضل (ب) ربا النسیۃ

(ج) دوگنا سود (د) چارگنا سود

(۶۹) ''العدالۃ الاجتماعیۃ فی الاسلام'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) سیّد قطب (ب) حسن البنا

(ج) خلیل جبران (د) یعقوب شاہ

(۷۰) عشر اور زکوۃ آرڈیننس جاری ہوا:

(ا) ۱۹۷۰ء (ب) ۱۹۸۰ء

(ج) ۱۹۸۵ء (د) ۱۹۹۰ء

(۷۱) ''خالصہ زمین'' سے مراد ہے؟

(ا) وہ زمین جو قابل کاشت ہو

(ب) جو کاشت کے قابل نہ ہو

(ج) زرخیز زمین

(د) وہ زمین جو حکومت نے کسی اجتماعی مقصد کے لیے خاص کر لی ہو

(۷۲) ''الحسبۃ فی الاسلام'' کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن خلدون (ب) ابن تیمیہ

(ج) امام غزالی (د) جلال الدین سیوطی

(۷۳) سقراط کی تمام تر شہرت کی بنیادی وجہ ان کا کون سا ہونہار شاگرد بنا؟

(ا) زینوفن (ب) افلاطون

(ج) ارسطو (د) پروٹا گوراس

(۷۴) فسطائیت کا آغاز کس ملک سے ہوا؟

(ا) جرمنی (ب) فرانس

(ج) روس (د) اٹلی

(۷۵) اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام ''اَلْفَتَّاحُ'' کا معنی ہے:

(ا) بے مثال موجد (ب) بہت بڑا مشکل کشا

(ج) باخبر (د) بڑا بردبار

(۷۶) یاجوج ماجوج کو پس دیوار کس نے بند کیا؟

(ا) سلیمان ✓ (ب) ذوالقرنین

(ج) سکندر (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۷۷) "سید بادشاہ کا قافلہ" یہ کتاب کس نے تحریر کی ہے؟

(ا) معین الدین ندوی ✓ (ب) آباد شاہ پوری

(ج) ریاست علی ندوی (د) اسعد گیلانی

(۷۸) کون سے صحابی رسول ﷺ ربذہ کی سرزمین میں دفن ہوئے؟

(ا) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ✓ (ب) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ (د) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ

(۷۹) "الشیخ الاکبر" کے نام سے مشہور ہیں؟

✓ (ا) ابن عربی (ب) ابن مسکویہ

(ج) ابن خلدون (د) امام غزالی

(۸۰) لفظ "صوفی" کس سے مشتق ہے؟

✓ (ا) صفا سے (ب) صف سے

(ج) صوف سے (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۸۱) اسلامی ملک برونائی کے دارالحکومت کا نام کیا ہے؟

(ا) قاہرہ (ب) خرطوم

✓ (ج) بندرسری بھگوان (د) دمشق

(۸۲) حج کا سب سے اہم رکن کون سا ہے؟

✓ (ا) میدان عرفات میں وقوف (ب) طواف

(ج) حجر اسود کو چومنا (د) احرام

(۸۳) حج کے ضمن میں "شوط" سے کیا مراد ہے؟

(ا) حاجیوں کو پانی پلانا (ب) حاجیوں کو کھانا کھلانا

(ج) منیٰ میں ٹھہرنا

✓ (د) کعبہ کے گرد یا صفا و مروہ کے درمیان ایک چکر لگانا

(۸۴) نماز استسقاء پڑھی جاتی ہے:

✓ (ا) بارش کی طلب کے لیے (ب) رزق کی فراوانی کے لیے

(ج) چاند گرہن کے موقع پر (د) سورج گرہن کے موقع پر

(۸۵) اشراق کی نماز پڑھی جاتی ہے:

(ا) سحری کے وقت (ب) نصف رات کے وقت

✓ (ج) سورج طلوع ہونے کے کچھ دیر بعد (د) سورج طلوع ہونے سے کچھ دیر پہلے

(۸۶) "طبقات الاطبا" کے مصنف کا نام ہے:

✓ (ا) ابن ابی اصیبعہ (ب) ابوالقاسم الزہراوی

(ج) ابن بیطار (د) ابن سینا

(۸۷) ابن الہیثم کا سال پیدائش ہے:

(ا) ۹۶۲ء ✓ (ب) ۹۶۵ء

(ج) ۹۶۷ء (د) ۹۷۰ء

(۸۸) "دنیا کا پہلا کیمیادان" ہونے کا شرف کس مسلم سائنس دان کو حاصل ہے؟

(ا) ابن الہیثم ✓ (ب) جابر بن حیان

(ج) محمد بن موسیٰ خوارزمی (د) علی بن ربن طبری

(۸۹) شورے کا تیزاب کس مسلم سائنس دان کی دریافت ہے؟

(ا) ابن الہیثم ✓ (ب) جابر بن حیان

(ج) ابن سینا (د) ابن بیطار

(۹۰) عمر خیام کو سائنس کے کس شعبے میں دسترس حاصل تھی؟

(ا) علم زراعت ✓ (ب) علم ہیئت

(ج) علم طب (د) علم کیمیا

(۹۱) ابوالقاسم الزہراوی کو یورپ میں کیا نام دیا گیا ہے؟

(ا) Alzahravee ✓ (ب) Alzaharawius

(ج) Zahrees (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۹۲) یعقوب الکندی نے اپنی زندگی کس مقصد کے لیے وقف کردی تھی؟

(ا) خدمت خلق (ب) سونا بنانے کے لیے

(ج) دینی تعلیم کا حصول (د) فلسفہ یونان کی تشریح

(۹۳) ''کتاب الوحوش'' کا موضوع سائنس کی کون سی شاخ ہے؟

(ا) طب (ب) کیمیا

(ج) زراعت (د) علم الحیوانات

(۹۴) ''اسلام اور جدید مادی افکار'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) سیّد قطب (ب) محمد قطب

(ج) عبدالسلام ندوی (د) شبلی نعمانی

(۹۵) پاکستان کے کس آئین میں قادیانیوں کو کافر قرار دیا گیا ہے؟

(ا) ۱۹۵۶ء کا آئین (ب) ۱۹۷۱ء کا آئین

(ج) ۱۹۷۳ء کا آئین (د) ۱۹۷۸ء کا آئین

(۹۶) پاکستان کی جامعات میں سب سے قدیم جامعہ کون سی ہے؟

(ا) جامعہ پشاور (ب) جامعہ کراچی

(ج) جامعہ سندھ (د) جامعہ پنجاب

(۹۷) دنیا کا سب سے بڑا ہوائی اڈہ کس اسلامی ملک کا ہے؟

(ا) ترکی (ب) سعودی عرب

(ج) پاکستان (د) انڈونیشیا

(۹۸) ''اسلامی معیشت کے چند نمایاں پہلو'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) فہیم عثمانی (ب) خورشید احمد

(ج) عبدالحمید صدیقی (د) اسعد گیلانی

(۹۹) مسلم ملک بوسنیا کس براعظم میں واقع ہے؟

(ا) افریقہ (ب) ایشیا

(ج) امریکہ (د) یورپ

(۱۰۰) ''سوشلزم یا اسلام'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ڈاکٹر نور محمد غفاری (ب) مجیب اللہ ندوی

(ج) پروفیسر خورشید احمد (د) ڈاکٹر انور اقبال قریشی

(۱۰۱) جامعہ الازہر کہاں واقع ہے؟

(ا) فلسطین (ب) شام

(ج) ترکی (د) مصر

(۱۰۲) قائداعظم کا مقبرہ کس شہر میں ہے؟

(ا) کراچی (ب) لاہور

(ج) پشاور (د) کوئٹہ

(۱۰۳) ''اسلام کا معاشرتی نظام'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ڈاکٹر خالد علوی (ب) ڈاکٹر محمود احمد غازی

(ج) ڈاکٹر محمد حمید اللہ (د) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر

(۱۰۴) بیسویں صدی عیسوی کے آغاز تک خلافت اسلامیہ کا تعلق کس اسلامی ملک سے رہا؟

(ا) مصر (ب) ترکی

(ج) انڈونیشیا (د) عراق

(۱۰۵) ''شبہات حول الاسلام'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) سیّد رشید رضا (ب) محمد قطب

(ج) مفتی محمد عبدہ (د) احمد مصطفیٰ المراغی

(۱۰۶) اسلام قبول کرنے سے قبل کن صحابی کا ذریعہ معاش ڈاکہ اور لوٹ مار تھا؟

(ا) حضرت ابودجانہ انصاری رضی اللہ عنہ (ب) حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ (د) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

(۱۰۷) صحیح مسلم کی ایک حدیث کے مطابق حضرت آدم علیہ السلام کے بعد پہلے نبی کون سے ہیں جن کو رسالت سے نوازا گیا؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت ہود علیہ السلام

(ج) حضرت صالح علیہ السلام (د) حضرت شعیب علیہ السلام

مثالی سیٹ (۲۱)

(۱) ''علم احکام'' سے مراد ہے:

(ا) واجب، مستحب، مکروہ اور حرام امور کا علم

(ب) سابقہ قوموں کے احوال کا علم (ج) جنت و دوزخ کے بارے میں علم

(د) مستقبل کا علم

(۲) ''فتح الخبیر'' کس کی تصنیف ہے؟

(ا) شاہ ولی اللہ (ب) شاہ عبدالغنی

(ج) شاہ عبدالعزیز (د) شاہ عبدالقادر

(۳) قرآن حکیم کی کس سورت میں مسجد قبا کا ذکر کیا گیا ہے؟

(ا) سورۂ توبہ (ب) سورۂ آل عمران

(ج) سورۂ نساء (د) سورۂ مائدہ

(۴) قرآن حکیم کی وہ سورتیں جن کے آغاز میں حروف مقطعات استعمال ہوئے ہیں، ان کی تعداد کتنی ہے؟

(ا) ۲۵ (ب) ۲۷

(ج) ۲۹ (د) ۳۱

(۵) ''غض بصر'' کا مفہوم کیا ہے؟

(ا) آواز کو پست کرنا (ب) آواز کو بلند کرنا

(ج) ذائقہ چکھنا

(د) صنف مخالف کو دیکھ کر آنکھوں کو پست کرنا

(۶) قرآن نے کس کے گھروندے کو سب سے کمزور کہا ہے؟

(ا) العنکبوت (ب) النحل

(ج) النمل (د) الذباب

(۷) اللہ تعالیٰ نے کس پیغمبر کو انسانوں کا امام بنایا؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت ہود علیہ السلام

(ج) حضرت یونس علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۸) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دور میں عراق کا بادشاہ تھا:

(ا) فرعون (ب) ہامان

(ج) شداد (د) نمرود

(۹) النحل کے معنی ہیں:

(ا) چیونٹی (ب) مکڑی

(ج) شہد کی مکھی (د) دھواں

(۱۰) مقام ابراہیم کہاں موجود ہے؟

(ا) مدینہ (ب) مکہ

(ج) بغداد (د) دمشق

(۱۱) اعراف کے معنی ہیں:

(ا) اونچی جگہیں (ب) جان پہچان

(ج) ملنا جلنا (د) پناہ لینا

(۱۲) حضرت بنیامین کن کے بیٹے تھے؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام (ب) حضرت نوح علیہ السلام

(ج) حضرت صالح علیہ السلام (د) حضرت یعقوب علیہ السلام

(۱۳) قرآن حکیم کے مطابق انسان کے لیے وہی کچھ ہے:

(ا) جس کی اس نے سعی کی (ب) جو اس کے مقدر میں لکھا ہے

(ج) جس کا وہ حق دار ہے (د) جو اس کو چاہیے

(۱۴) اسماء الحسنیٰ سے مراد ہیں؟

(ا) اللہ تعالیٰ کے صفاتی نظام (ب) اللہ تعالیٰ کے ذاتی نام

(ج) اچھی عادات (د) اچھے اعمال

(۱۵) ''سبع طوال'' سے مراد ہے؟

(ا) ✓ قرآن حکیم کی سات طویل سورتیں (ب) قرآن حکیم کی چھ طویل سورتیں

(ج) قرآن حکیم کی پانچ طویل سورتیں (د) قرآن حکیم کی چار طویل سورتیں

(۱۶) حضرت آدم علیہ السلام کو جب زمین پر اتارا گیا تو انہوں نے کون سا پیشہ اختیار کیا تھا؟

(ا) تجارت (ب) صنعت وحرفت

(ج) ✓ زراعت (د) کوئی بھی نہیں

(۱۷) ''دابۃ الارض'' سے مراد ہے؟

(ا) ✓ ایک جانور جو قیامت کے قریب ظاہر ہوگا

(ب) زمین کی مخلوق (ج) پہاڑ

(د) زلزلہ

(۱۸) ''المعارج'' کے معنی ہیں:

(ا) برتن (ب) ✓ سیڑھیاں

(ج) آسمان (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۱۹) حضرت اسحاق علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا ہے؟

(ا) ✓ حضرت سارہ (ب) حضرت ہاجرہ

(ج) حضرت عائشہ (د) حضرت قطورہ

(۲۰) حضرت یوسف علیہ السلام کے پردادا کا نام کیا تھا؟

(ا) حضرت یعقوب علیہ السلام (ب) ✓ حضرت ابراہیم علیہ السلام

(ج) حضرت لوط علیہ السلام (د) حضرت ہود علیہ السلام

(۲۱) ''التغابن'' کے معنی ہیں:

(ا) ✓ گھاٹا (ب) سیڑھی

(ج) عروج (د) دھوکا

(۲۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیوی کا نام کیا تھا؟

(ا) ✓ حضرت صفورہ (ب) حضرت آسیہ

(ج) حضرت سارہ (د) حضرت عائشہ

(۲۳) ''عفت وعصمت کو خطرہ'' کی آزمائش کن پیغمبر پر آئی؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام (ب) حضرت شعیب علیہ السلام

(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام (د) ✓ حضرت یوسف علیہ السلام

(۲۴) قرآن حکیم کی کس سورت میں پانچ نمازوں کا حکم اکٹھا دیا گیا ہے؟

(ا) ✓ سورۂ بقرہ (ب) سورۂ نساء

(ج) سورۂ مائدہ (د) سورۂ آل عمران

(۲۵) ابن حجر عسقلانی کی تصنیف "نخبۃ الفکر" کس کتاب کی تلخیص ہے؟

(ا) ✓ مقدمہ ابن الصلاح (ب) الموافقات

(ج) علوم الحدیث (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۲۶) فن اسماء الرجال پر سب سے پہلی کتاب لکھنے کا شرف کن کو حاصل ہے؟

(ا) ابن حجر عسقلانی (ب) امام نووی

(ج) ✓ ابوسعید یحییٰ بن سعید (د) جلال الدین سیوطی

(۲۷) حضرت جبریل علیہ السلام کن صحابی کی شکل میں رسول اکرم ﷺ کے پاس تشریف لاتے تھے؟

(ا) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

(ج) ✓ حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ (د) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(۲۸) حدیث کے مطابق ایک مومن کے دوسرے مومن پر کتنے حقوق ہیں؟

(ا) تین (ب) چار

(ج) پانچ (د) ✓ چھ

(۲۹) وہ حدیث جس کی سند سے کوئی راوی ساقط ہو یا اس میں کوئی مبہم راوی ذکر کیا گیا ہو کہلاتی ہے۔

(ا) ✓ منقطع (ب) موقوف

(ج) موضوع (د) شاذ

(۳۰) رسول اکرم ﷺ کے مختصر ترین ارشادات جو اپنے اندر معانی کا ایک سمندر رکھتے ہیں، ان کے لیے دینی ادب میں کون سی اصطلاح استعمال ہوتی ہے؟

(ا) [illegible] (ب) ملفوظات

(ج) ✓ جوامع الکلم (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۳۱) "المصفٰی" کس مشہور کتاب کی شرح ہے؟

(ا) صحیح بخاری (ب) صحیح مسلم

(ج) سنن ابی داؤد (د) مؤطا امام مالک

(۳۲) وہ حدیث جس کے راوی پر حدیث میں دروغ گوئی یا کسی قول وفعل کی وجہ سے فسق کا الزام عائد کیا گیا ہو، وہ کہلاتی ہے؟

(ا) متروک (ب) منکر

(ج) شاذ (د) منقطع

(۳۳) وہ حدیث جس میں صحیح وحسن کی صفات نہ پائی جاتی ہوں کہلاتی ہے:

(ا) حدیث ضعیف (ب) شاذ

(ج) موقوف (د) عزیز

(۳۴) احناف کے نزدیک ایک مجلس کی تین طلاقیں ہیں؟

(ا) بائن صغریٰ (ب) طلاق رجعی

(ج) بائن کبریٰ (د) طلاق بدعت

(۳۵) کیا ناشزہ (نافرمان بیوی) نفقہ کی حق دار ہے؟

(ا) ہاں (ب) نہیں

(ج) کم نفقہ (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۳۶) یمین لغو سے مراد ہے:

(ا) درست قسمیں (ب) فضول قسمیں

(ج) سچی قسمیں (د) کوئی بھی جواب درست نہیں ہے

(۳۷) امام احمد بن حنبل کس سال پیدا ہوئے؟

(ا) ۱۶۰ھ (ب) ۱۶۴ھ

(ج) ۱۶۶ھ (د) ۱۷۰ھ

(۳۸) فن مغازی پر سب سے پہلی کتاب کن نے تحریر کی؟

(ا) محمد بن مسلم (ب) حضرت عروہ بن زبیر

(ج) وہب بن منبہ (د) عبدالملک بن ہشام

(۳۹) "السّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ" سے کون لوگ مراد ہیں؟

(ا) جن لوگوں نے اسلام کی خاطر مار کھائی

(ب) جن لوگوں نے ہجرت مدینہ سے پہلے اسلام قبول کیا

(ج) جن لوگوں نے اسلام قبول کرنے میں سبقت حاصل کی

(د) جن لوگوں نے ہجرت مدینہ میں حصہ لیا

(۴۰) وہ کون سے صحابی رسول ہیں جن کے پاس قبل از اسلام شہری مملکت مکہ میں سقایہ (حاجیوں کو پانی پلانا) کا عہدہ تھا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (د) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

(۴۱) قریش مکہ نے رسول اکرم ﷺ سے نمٹنے کے لیے دارالندوہ میں جو اجلاس منعقد کیا تھا اس کو تاریخ اسلام میں کیا نام دیا گیا ہے؟

(ا) یوم الزحمہ (ب) یوم ارماث

(ج) یوم منعقدہ (د) یوم بعاث

(۴۲) جب حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ، رسول اکرم ﷺ کے سفیر بن کر مدینہ آئے تھے تو آپ کن صحابی کے گھر ٹھہرے تھے؟

(ا) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ (ب) حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ (د) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(۴۳) صحابی رسول حضرت ابوفکیہہ رضی اللہ عنہ کو ان کا مالک سخت اذیتیں پہنچاتا تھا۔ اس کا نام کیا تھا؟

(ا) ابوجہل (ب) صفوان بن اُمیہ

(ج) عاص بن وائل (د) عقبہ بن ابی معیط

(۴۴) سریہ موتہ میں اسلامی لشکر کے پہلے سپہ سالار کون تھے؟

(ا) حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ (ب) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۵) اللہ تعالیٰ نے معلّم کتاب حکمت کن پیغمبر کو کہا ہے؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام　(ب) حضرت ہود علیہ السلام

(ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام　(د) رسول اکرم ﷺ

(۴۶) نجران کے عیسائیوں کا وفد آپ کی خدمت میں کس سال حاضر ہوا؟

(ا) ۶ ہجری　(ب) ۷ ہجری

(ج) ۸ ہجری　(د) ۹ ہجری

(۴۷) رسول اکرم ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ کیا ہے؟

(ا) شق قمر　(ب) واقعہ معراج

(ج) عظیم انقلاب　(د) قرآن حکیم

(۴۸) رسول اکرم ﷺ کے نانا کا نام کیا تھا؟

(ا) وہب بن عبد مناف　(ب) عبداللہ بن عبد مناف

(ج) عبدالرحمٰن بن عبد مناف　(د) یسار بن عبد مناف

(۴۹) شق صدر کا واقعہ رسول اکرم ﷺ کو اپنی عمر مبارک میں کتنی بار پیش آیا؟

(ا) دو بار　(ب) تین بار

(ج) چار بار　(د) پانچ بار

(۵۰) ''ابواء'' کے مقام پر جب حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا تو ان کی کون سی کنیز آپ ﷺ کو لے کر مکہ مکرمہ آئی تھیں؟

(ا) برکہ　(ب) اُم ایمن رضی اللہ عنہا

(ج) ثویبہ　(د) عاتکہ

(۵۱) سریہ موتہ میں اسلامی لشکر کے چوتھے سربراہ کون منتخب ہوئے تھے؟

(ا) حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ　(د) حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ

(۵۲) پہلی ہجرت حبشہ میں خواتین کی تعداد تھی:

(ا) دو　(ب) تین

(ج) چار　(د) پانچ

(۵۳) کس لڑائی میں پہلی مرتبہ خمس (مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ) نکالا گیا؟

(ا) غزوۂ بدر　(ب) غزوہ احزاب

(ج) غزوہ خیبر　(د) غزوہ بنو قریظہ

(۵۴) وہ کون سے خلیفہ راشد ہیں جن کے پاس قبل از اسلام شہری مملکت مکہ میں دیت، جرمانے اور مالی تاوان کے معاملات نمٹانے کا عہدہ تھا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۵۵) ''یوم ارماث'' سے کیا مراد ہے؟

(ا) جنگ قادسیہ کا پہلا معرکہ　(ب) جنگ نہاوند کا پہلا معرکہ

(ج) جنگ بویب کا پہلا معرکہ　(د) جنگ یرموک کا پہلا معرکہ

(۵۶) یمن میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر کس قبیلہ نے اسلام قبول کیا؟

(ا) قبیلہ بنو سہم　(ب) قبیلہ ہمدان

(ج) قبیلہ بنو غطفان　(د) قبیلہ بنو طے

(۵۷) ہجری کیلنڈر کی بنیاد کن خلیفہ راشد نے رکھی؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۵۸) منکرین زکوٰۃ کے خلاف کن خلیفہ راشد نے باقاعدہ جہاد کیا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۵۹) جنگ یمامہ کا دوسرا نام کیا ہے؟

(ا) جنگ عقرباء　(ب) جنگ نہاوند

(ج) جنگ یرموک　(د) جنگ بویب

(۶۰) حضرت زنیرہ رضی اللہ عنہا کن خلیفہ راشد کے گھرانے کی کنیز تھیں؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۶۱) ''اسلام اور نظام جاگیرداری و زمینداری'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) مجیب اللہ ندوی ‏ (ب) سیّد مناظر احسن گیلانی ✓

(ج) ڈاکٹر انور اقبال قریشی ‏ (د) ڈاکٹر نور محمد غفاری

(۶۲) کس مذہب کی مقدس کتاب میں قرآن حکیم کا ذکر بار بار آیا ہے؟

(ا) بدھ مت ‏ (ب) زرتشتیت

(ج) ہندومت ‏ (د) سکھ مت ✓

(۶۳) ''کرم مارگ'' کس مذہب کی اصطلاح ہے؟

(ا) یہودیت ‏ (ب) عیسائیت

(ج) زرتشتیت ‏ (د) ہندومت ✓

(۶۴) Preaching of Islam کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ٹی ڈبلیو آرنلڈ ✓ ‏ (ب) باسورتھ سمتھ

(ج) لیوپولڈ ‏ (د) تھامس کارلائل

(۶۵) ابن صوریا کس مذہب کا بڑا عالم تھا؟

(ا) ہندومت ‏ (ب) بدھ مت

(ج) یہودیت ✓ ‏ (د) عیسائیت

(۶۶) ''فلسفہ سانکھیہ'' کا تعلق کس مذہب سے ہے؟

(ا) ہندومت ✓ ‏ (ب) جین مت

(ج) یہودیت ‏ (د) عیسائیت

(۶۷) تورات میں شامل کتب یا اسفار کی تعداد ہے:

(ا) تین ‏ (ب) پانچ ✓

(ج) چھ ‏ (د) سات

(۶۸) "Economic Dectrines of Islam" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) افضل الرحمن ✓ ‏ (ب) ابوالاعلیٰ مودودی

(ج) پروفیسر خورشید احمد ‏ (د) ڈاکٹر نور محمد غفاری

(۶۹) بھگوت گیتا کے لفظی معنی کیا ہیں؟

(ا) بھگوان کا وجود ‏ (ب) بھگوان کا گیت ✓

(ج) بھگوان کی قدرت ‏ (د) بھگوان کی چاہت

(۷۰) بائبل میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام لکھا ہے:

(ا) آزر ‏ (ب) تارح ✓

(ج) عمران ‏ (د) لوقا

(۷۱) ''تجدید و احیائے دین'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابوالحسن علی ندوی ‏ (ب) سیّد مناظر احسن گیلانی

(ج) ابوالاعلیٰ مودودی ✓ ‏ (د) امین احسن اصلاحی

(۷۲) ''رکاز'' کا معنی ہے:

(ا) گھریلو استعمال کے برتن ‏ (ب) ظاہری خزانہ

(ج) جہاد کے گھوڑے

(د) وہ چیز جو اللہ نے زمین کے نیچے پیدا کی ہو ✓

(۷۳) مغربی معاشیات کے کلاسیکی مکتب فکر کے بانی کا نام کیا ہے؟

(ا) ایڈم سمتھ ✓ ‏ (ب) ڈاکٹر مارشل

(ج) ریکارڈو ‏ (د) لارڈ کینز

(۷۴) کسٹم ڈیوٹی کو اسلامی اصطلاح میں کہا جاتا ہے:

(ا) عشر ‏ (ب) خراج

(ج) عشور ✓ ‏ (د) مال فئے

(۷۵) ''تناجش'' کا معنی کیا ہے؟

(ا) کسی کو دھوکا دینا ✓ ‏ (ب) کسی پر ظلم کرنا

(ج) ملاوٹ کرنا ‏ (د) کسی کا ساتھ چھوڑ دینا

(۷۶) ''بیع سلم'' کسے کہتے ہیں؟

(ا) نقد قیمت پیشگی دے کر فروخت کردہ چیز بعد میں لی جائے ✓

(ب) دھوکے والی بیع ‏ (ج) سلامتی والی بیع

(د) نفع والی بیع

(۷۷) علم معاشیات میں کلاسیکی مکتب فکر کا بانی ہے:

(ا) رابنز (ب) مارشل

(ج) مالتھس (د) ایڈم سمتھ

(۷۸) ربا الفضل کا دوسرا نام کیا ہے؟

(ا) ربا البیوع (ب) ربا النسیۃ

(ج) ربا الدیون (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۷۹) مضاربت سے مراد ہے:

(ا) ایک فریق کا سرمایہ اور دوسرے کی محنت

(ب) دونوں فریقوں کا سرمایہ اور محنت (ج) سفر پر جانا

(د) قرض کی ادائیگی

(۸۰) شرعی لحاظ سے زرعی پیداوار کا نصاب کتنے وسق ہے؟

(ا) تین وسق (ب) پانچ وسق

(ج) سات وسق (د) نو وسق

(۸۱) ''بیع مرابحہ'' سے کیا مراد ہے؟

(ا) دھوکے والی بیع (ب) زیادہ قیمت والی بیع

(ج) خسارے والی بیع (د) وہ بیع جس میں نفع شامل ہو

(۸۲) وہ کون سا اموی حکمران تھا جس کو عالی شان عمارتیں بنانے کا بہت شوق تھا؟

(ا) مروان بن حکم (ب) سلیمان بن عبدالملک

(ج) ولید بن عبدالملک (د) ہشام بن عبدالملک

(۸۳) "الاخبار الطوال" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابن ہشام (ب) ابن شہاب زہری

(ج) ابوحنیفہ دینوری (د) عروہ بن زبیر

(۸۴) کس مسلم فلسفی کو ارسطو کا شارح کہا جاتا ہے؟

(ا) ابن طفیل (ب) ابن باجہ

(ج) امام غزالی (د) ابن رُشد

(۸۵) ''شرکت و مضاربت کے شرعی اصول'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی (ب) مناظر احسن گیلانی

(ج) مفتی محمد شفیع (د) ڈاکٹر نور محمد غفاری

(۸۶) نظام الملک طوسی نے مقتدر اعلیٰ کس کو قرار دیا ہے؟

(ا) خلیفہ (ب) سلطان

(ج) حاکم (د) قاضی

(۸۷) ''صلوٰۃ اللیل'' سے مراد ہے:

(ا) چاشت کی نماز (ب) اشراق کی نماز

(ج) تہجد کی نماز (د) عشاء کی نماز

(۸۸) استخلاف کے معنی ہیں؟

(ا) راحت حاصل کرنا (ب) اس نے ان کو نگران بنایا

(ج) دوپہر کو سونا (د) خلیفہ بنانا

(۸۹) عشرہ مبشرہ میں سب سے آخر میں کن نے انتقال فرمایا تھا؟

(ا) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (ب) حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (د) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

(۹۰) میقات سے مراد وہ مقام ہے:

(ا) جہاں حاجی نماز پڑھتے ہیں

(ب) جہاں حاجی کے لیے احرام باندھنا ضروری ہوتا ہے

(ج) جہاں حاجی چند دن قیام کرتے ہیں (د) جہاں حاجی رات گزارتے ہیں

(۹۱) ابن سینا کی کتاب "القانون فی الطب" کل کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

(ا) پانچ (ب) سات

(ج) نو (د) گیارہ

(۹۲) ''علم الکلام اور الکلام'' کن کی تصنیف ہے؟

(ا) سید سلیمان ندوی (ب) شبلی نعمانی

(ج) مناظر احسن گیلانی (د) ڈاکٹر محمد حمید اللہ

(۹۳) فاطمی دورِ خلافت کا سب سے بڑا مسلم سائنس دان ہونے کا شرف کسے حاصل ہے؟

(ا) ابن سینا ✓(ب) ابن الہیثم
(ج) ابن بیطار (د) محمد بن زکریا رازی

(۹۴) "علوم الحدیث" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) سیّد قطب ✓(ب) ڈاکٹر صبحی صالح
(ج) احمد المراغی (د) سیّد رشید رضا

(۹۵) کس مسلم سائنس دان کی کتاب "التصریف لمن عجز عن التالیف" صدیوں تک یورپ کی یونیورسٹیوں میں سرجری کی واحد معیاری کتاب کے طور پر سلیبس میں شامل رہی؟

(ا) ابن الہیثم ✓(ب) ابوالقاسم الزہراوی
(ج) محمد بن زکریا رازی (د) محمد بن موسیٰ خوارزمی

(۹۶) مسلم فلسفی فارابی کس یونانی فلسفی کی کتابوں کا گرویدہ تھا؟

(ا) افلاطون (ب) سقراط
(ج) فیثا غورث ✓(د) ارسطو

(۹۷) قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری کی کتاب رحمۃ اللعالمین کتنی جلدوں میں ہے؟

(ا) دو ✓(ب) تین
(ج) چار (د) پانچ

(۹۸) موتمر عالم اسلامی کا صدر دفتر کہاں ہے؟

(ا) جدہ ✓(ب) مکہ
(ج) دمشق (د) بغداد

(۹۹) دنیا میں سب سے زیادہ ربڑ کس اسلامی ملک میں پایا جاتا ہے؟

(ا) ترکی ✓(ب) ملائیشیا
(ج) انڈونیشیا (د) مراکش

(۱۰۰) سرسیّد احمد خاں نے علی گڑھ میں ایم۔اے۔او کالج کی بنیاد کب رکھی؟

✓(ا) ۱۸۷۷ء (ب) ۱۸۸۰ء
(ج) ۱۸۸۲ء (د) ۱۸۸۴ء

مثالی سیٹ (۲۲)

(۱) شاہ ولی اللہ کے نزدیک آیات احکام کے نزول کا سبب ہے:

✓(ا) لوگوں کے فاسد اعمال اور مظالم کا رواج عام
(ب) مشرکین کی سرکشی
(ج) منافقین کے اعمال
(د) یہودیوں کی سازشیں

(۲) رسول اللہ ﷺ نے قرآن کی کس سورت کے بارے میں فرمایا تھا کہ اس نے مجھے بوڑھا کر دیا ہے؟

(ا) سورۂ نساء (ب) سورۂ مائدہ
✓(ج) سورۂ ہود (د) سورۂ علق

(۳) غض بصر (صنف مخالف کو دیکھ کر آنکھوں کو پست کرنا) کا حکم قرآن کی کس سورت میں دیا گیا ہے؟

(ا) سورۂ نساء (ب) سورۂ مائدہ
✓(ج) سورۂ نور (د) سورۂ قمر

(۴) قرآن حکیم میں "الصلوۃ الوسطیٰ" سے کون سی نماز مراد ہے؟

(ا) نمازِ ظہر ✓(ب) نمازِ عصر
(ج) نمازِ مغرب (د) نمازِ عشاء

(۵) رسول رحمت ﷺ کا اسم گرامی احمد ﷺ، قرآن حکیم کی کس سورت میں آیا ہے؟

(ا) سورۂ فرقان ✓(ب) سورۂ صف
(ج) سورۂ دہر (د) سورۂ بروج

(۶) قرآن حکیم کی سورۂ عنکبوت میں کافروں کے عقیدہ کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟

(ا) چیونٹی سے (ب) مکھی سے
(ج) مچھر سے ✓(د) مکڑی کے جالے سے

(۷) قرآن حکیم کی ایک سورت غیر نبی کے نام پر ہے وہ کون سی ہے؟

(ا) سورۂ ہود　(ب) سورۂ لقمان

(ج) سورۂ یونس　(د) سورۂ ابراہیم

(۸) قرآن حکیم سورۂ روم میں کس قوم کی فتح کی پیشین گوئی کی گئی ہے؟

(ا) ایرانی قوم　(ب) رومی قوم

(ج) ہندو قوم　(د) زرتشت کے پیروکار

(۹) قرآن حکیم میں کس نماز کی تاکید خصوصی انداز سے کی گئی ہے؟

(ا) نمازِ فجر　(ب) نمازِ عصر

(ج) نمازِ مغرب　(د) نماز عشاء

(۱۰) قرآن مجید کی پہلی سات سورتوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

(ا) بڑی سورتیں　(ب) مئین

(ج) سبع الطوال　(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۱۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو کس شہر کے لوگوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا تھا؟

(ا) دمشق　(ب) قاہرہ

(ج) بیروت　(د) بیت المقدس

(۱۲) وہ کون سے پیغمبر ہیں جن کو قرآن میں امت قرار دیا گیا ہے؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام　(ب) حضرت ہود علیہ السلام

(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام　(د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۱۳) حضرت یوسف علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا تھا؟

(ا) راحیل بنت لابن　(ب) عاتکہ بنت لابن

(ج) برّہ بنت لابن　(د) آسیہ بنت لابن

(۱۴) فاتحہ کے معنی ہیں:

(ا) فتح پانے والی　(ب) عروج پانے والی

(ج) کھولنے والی　(د) چھا جانے والی

(۱۵) امام سیوطی کی کتاب ''الاتقان'' کے مطابق ایک مفسر کے لیے کتنے علوم میں مہارت حاصل کرنا ضروری ہے؟

(ا) دس　(ب) بارہ

(ج) پندرہ　(د) بیس

(۱۶) کون سی دو سورتیں ایک ساتھ نازل ہوئیں؟

(ا) سورۂ فاتحہ اور سورۂ قمر　(ب) سورۂ فلق اور سورۃ الناس

(ج) سورۂ نور اور سورۂ علق　(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۱۷) المُدَّثِّر کے معنی ہیں:

(ا) چادر اوڑھنے والا　(ب) پاکیزگی حاصل کرنے والا

(ج) محبت کرنے والا　(د) سہارا دینے والا

(۱۸) جرمن زبان میں قرآن حکیم کا ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا تھا؟

(ا) مارٹن لوتھر　(ب) باسورتھ سمتھ

(ج) آرنلڈ　(د) تھامس کارلائل

(۱۹) کلامی تفسیر کسے کہتے ہیں؟

(ا) جس میں روایات زیادہ ہوں

(ب) جس میں فلسفیانہ اسلوب اور مناظرانہ رنگ ہو

(ج) جس میں احکام ہوں　(د) جس میں مشرکین کا رد ہو

(۲۰) تفسیر ''تفہیم القرآن'' کی جلدوں کی تعداد کتنی ہے؟

(ا) چار　(ب) پانچ

(ج) چھ　(د) سات

(۲۱) حدیث حسن کی قسمیں کتنی ہیں؟

(ا) دو　(ب) تین

(ج) چار　(د) پانچ

(۲۲) وہ حدیث جس میں ایک ثقہ راوی، دوسرے ثقہ راوی کی مخالفت کرتا ہوا سے کہتے ہیں:

(ا) شاذ (ب) موقوف

(ج) مرفوع (د) عزیز

(۲۳) وہ حدیث جس میں دو یا دو سے زیادہ راوی پے در پے ساقط ہو گئے ہوں اسے کہتے ہیں؟

(ا) معضل (ب) موقوف

(ج) منکر (د) مرفوع

(۲۴) جو ضعیف روایت متعدد طرق سے منقول ہو کہلاتی ہے:

(ا) عزیز (ب) حسن لذاتہ

(ج) متواتر (د) مرفوع

(۲۵) "معرفة علوم الحديث" کن کی تصنیف ہے؟

(ا) خطیب بغدادی (ب) ابن الصلاح

(ج) ابن حجر عسقلانی (د) حاکم نیشاپوری

(۲۶) طلاق سنت کی اقسام ہیں:

(ا) دو (ب) تین

(ج) چار (د) پانچ

(۲۷) کس قسم پر کوئی مواخذہ نہیں ہے؟

(ا) منعقدہ (ب) غموس

(ج) لغو (د) حلف

(۲۸) فقہ کے اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

(ا) سمجھ بوجھ (ب) اخلاق

(ج) قانون (د) قیاس

(۲۹) فقہ میں "الامر عندنا" کس مکتب فکر کی اصطلاح ہے؟

(ا) فقہ حنفی (ب) فقہ حنبلی

(ج) فقہ شافعی (د) فقہ مالکی

(۳۰) غار ثور کس پہاڑ میں واقع ہے؟

(ا) جبلِ اُحد (ب) جبلِ ثور

(ج) جبلِ فاران (د) جبلِ طور

(ج) مقدس حج (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۷۳) ''بیت العتیق'' کس شہر کا نام ہے؟

(ا) مدینہ منورہ (ب) بیت المقدس

(ج) مکہ مکرمہ ✓ (د) طائف

(۷۴) حالت احرام میں ممنوع ہے:

(ا) شکار کرنا ✓ (ب) کھانا کھانا

(ج) گوشت کھانا (د) سامان سر پر اُٹھانا

(۷۵) سوپیا قوم کے مسلمان کس ملک میں آباد ہیں؟

(ا) شام (ب) مصر

(ج) فلسطین (د) ہندوستان ✓

(۷۶) رسالہ الہلال کس عالم دین نے جاری کیا تھا؟

(ا) مولانا ابوالکلام آزاد ✓ (ب) مولانا ظفر علی خاں

(ج) مولانا محمد علی جوہر (د) سر سید احمد خان

(۷۷) اندلس میں موحدین کے دور حکمرانی کی بنیاد کس حکمران نے رکھی تھی؟

(ا) محمد بن عبداللہ بن تومرت ✓ (ب) عبدالرحمٰن الداخل

(ج) عثمان اول (د) عبدالرحمٰن الناصر

(۷۸) سقوط غرناطہ کب ہوا تھا؟

(ا) ۳ جنوری ۱۴۸۶ء (ب) ۳ جنوری ۱۴۸۸ء

(ج) ۳ جنوری ۱۴۹۰ء (د) ۳ جنوری ۱۴۹۲ء ✓

(۷۹) طارق بن زیاد نے کس علاقہ کو فتح کیا تھا؟

(ا) سندھ (ب) مکران

(ج) عراق (د) اندلس ✓

(۸۰) عالم اسلام پر بنواُمیہ کی حکومت کے خاتمہ کے بعد اندلس میں بنواُمیہ کی خودمختار ریاست کی بنیاد کس نے رکھی؟

(ا) عبدالرحمٰن الداخل ✓ (ب) عبدالرحمٰن الناصر

(ج) محمد بن عبداللہ بن تومرت (د) الحکم الثانی

(۸۱) مقام ابراہیم کہاں واقع ہے؟

(ا) خانہ کعبہ کے پاس ✓ (ب) بیت المقدس کے قریب

(ج) ہیکل کے قریب (د) مدینہ میں

(۸۲) تلبیہ سے کیا مراد ہے؟

(ا) سبحان اللہ کہنا (ب) اللہ اکبر کہنا

(ج) الحمدللہ کہنا (د) لبیك اللّٰھم لبیك کہنا ✓

(۸۳) ''اسلام اور مسیحیت'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) مولانا ثناء اللہ امرتسری ✓ (ب) سر سیّد احمد خاں

(ج) مناظر احسن گیلانی (د) محمد قطب

(۸۴) ''حمیٰ'' سے مراد کون سی زمین ہے؟

(ا) وہ زمین جو چراگاہ کے طور پر استعمال ہوتی ہو ✓

(ب) وہ زمین جو کاشت کے قابل نہ ہو

(ج) زرخیز زمین (د) وہ زمین جو کاشت کے قابل ہو

(۸۵) مشہور مسلم سائنس دان جابر بن حیان کن کا شاگرد تھا؟

(ا) امام ابوحنیفہ (ب) امام مالک

(ج) امام شافعی (د) امام جعفر صادق ✓

(۸۶) روشنی کے انعکاس کا قانون کہ شعاع واقع (Incidenty Ray)، عمودی خط (Normal) اور شعاع منعکس (Reflected Ray) تینوں ایک سطح میں پائے جاتے ہیں، اس کو دریافت کرنے کا سہرا کس مسلم سائنس دان کے سر ہے؟

(ا) ابن سینا (ب) ابن بیطار

(ج) ابن الہیثم ✓ (د) ابن النفیس

(۸۷) میزان طبیعی، یعنی ماسکونی ترازو (Hydrostatic Balance) کس مسلم سائنس دان کی ایجاد ہے؟

(ا) ابن سینا (ب) محمد بن موسیٰ خوارزمی

(ج) محمد بن زکریا رازی ✓ (د) ابن رُشد

(۸۸) کون سا مسلم سائنس دان فارسی زبان کا ایک عظیم شاعر بھی تھا؟

(ا) ابن النفیس (ب) ابوالقاسم الزہراوی

(ج) عمر خیام ✓ (د) ابن بیطار

(۸۹) کس مسلم سائنس دان نے سب سے پہلے یہ نظریہ پیش کیا کہ کم قیمت دھاتوں کو سونے میں تبدیل کرنے کی کوشش ایک سعی لا حاصل ہے۔ کسی کیمیائی تبدیلی سے پارے یا تانبے وغیرہ کو سونے میں تبدیل نہیں کیا جاسکتا؟

(ا) جابر بن حیان — (ب) ✓ یعقوب بن اسحاق کندی

(ج) محمد بن زکریا رازی — (د) ابن الہیثم

(۹۰) مسلم سائنس دان نصیر الدین طوسی نے کب انتقال کیا؟

(ا) ۱۲۷۲ء — (ب) ✓ ۱۲۷۵ء

(ج) ۱۲۷۶ء — (د) ۱۲۷۷ء

(۹۱) "ارسطو کی کتب کا سب سے بڑا شارح" کس مسلم فلسفی کو کہا جاتا ہے؟

(ا) یعقوب کندی — (ب) ابن طفیل

(ج) ✓ محمد بن محمد فارابی — (د) ابن باجہ

(۹۲) اسطرلاب کس مسلم سائنس دان کی ایجاد ہے؟

(ا) ✓ محمد بن الصفار — (ب) ابن الہیثم

(ج) ابن حوقل — (د) ابن بیطار

(۹۳) عمر خیام کے مطابق شمسی سال کی مقدار کیا ہے؟

(ا) ✓ ۳۶۵ دن، ۵ گھنٹے، ۴۹ منٹ — (ب) ۳۶۴ دن، ۵ گھنٹے، ۴۹ منٹ

(ج) ۳۶۳ دن، ۵ گھنٹے، ۴۹ منٹ — (د) ۳۶۲ دن، ۵ گھنٹے، ۴۹ منٹ

(۹۴) "فیلسوف عرب" کس مسلم سائنس دان کو کہتے ہیں؟

(ا) ✓ یعقوب بن اسحاق کندی — (ب) فارابی

(ج) ابن سینا — (د) ابن رُشد

(۹۵) "نامور مسلم سائنس دان" کے مؤلف کا نام کیا ہے؟

(ا) جارج سارٹن — (ب) ✓ حمید عسکری

(ج) سید حسین نصر — (د) ڈاکٹر عمر حمید

(۹۶) بیت الحکمت میں جو علماء یونانی کتب کے تراجم کرتے تھے ان میں سب سے مشہور کون تھا؟

(ا) ابن مسکویہ — (ب) ✓ حنین بن اسحاق

(ج) حمید بن مخلد — (د) عبداللہ بن احمد

(۹۷) ابن رُشد کا پورا نام کیا تھا؟

(ا) ✓ محمد بن احمد — (ب) احمد بن عبداللہ

(ج) عبداللہ بن علی — (د) رشید بن عباس

(۹۸) گندھک کا تیزاب کس مسلم سائنس دان کی دریافت ہے؟

(ا) ابن الہیثم — (ب) ابن النفیس

(ج) ✓ جابر بن حیان — (د) ابن حوقل

(۹۹) مسلم سائنس دان نصیر الدین طوسی کس حکمران کا وزیر تھا؟

(ا) نور الدین زنگی — (ب) ✓ ہلاکو خان

(ج) صلاح الدین ایوبی — (د) معتصم باللہ

(۱۰۰) سب سے قدیم سائنس دان جس کا تذکرہ تاریخ نے محفوظ رکھا ہے، اس کا نام ہے؟

(ا) فیثا غورث — (ب) ارسطو

(ج) ✓ ثالیس — (د) رعمیس

(۱۰۱) ارسطو کس کا شاگرد تھا؟

(ا) فیثا غورث — (ب) سقراط

(ج) بقراط — (د) ✓ افلاطون

(۱۰۲) ابوالریحان البیرونی نے ضلع جہلم کے ٹیلے نندنا پر بیٹھ کر زمین کے محیط کی جو پیمائش کی تھی عصر حاضر کی سائنسی تحقیق سے کتنے میل کم ہے؟

(ا) ۷۰ میل — (ب) ✓ ۷۹ میل

(ج) ۸۲ میل — (د) ۸۵ میل

☆......☆......☆

مثالی سیٹ (۲۶)

(۱) قرآن حکیم کا وہ کون سا پارہ ہے جس کی تمام سورتیں مدنی ہیں؟

(ا) بیسواں (ب) اِکیسواں

(ج) چوبیسواں (د) اٹھائیسواں ✓

(۲) شیخ کبیر کن پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام (ب) حضرت شعیب علیہ السلام ✓

(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۳) ملکہ بلقیس اور اس کی قوم کس کی عبادت کرتی تھی؟

(ا) سورج ✓ (ب) چاند

(ج) ستارے (د) آگ

(۴) حضرت مریم کے والد کا نام کیا تھا؟

(ا) یعقوب (ب) عمران ✓

(ج) یوسف (د) الیاس

(۵) قرآن مجید نے کن پیغمبر کے بارے میں کہا ہے کہ وہ "خُلقِ عظیم" کے حامل ہیں؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت محمد ﷺ ✓

(۶) وہ کون سی مسجد ہے جس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس کی بنیاد نفاق پر رکھی گئی ہے؟

(ا) مسجد بنوسہم (ب) مسجد ضرار ✓

(ج) مسجد بنو غطفان (د) مسجد بنو زہرہ

(۷) قرآن حکیم سورۂ فتح کی آیت "وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا" سے کون سی فتح مراد ہے؟

(ا) فتح خیبر ✓ (ب) فتح بیت المقدس

(ج) فتح حنین (د) فتح تبوک

(۸) "البلد الامین" کس شہر کو کہا گیا ہے؟

(ا) مکہ مکرمہ ✓ (ب) بیت المقدس

(ج) مدینہ منورہ (د) طائف

(۹) "مؤلفۃ القلوب" سے کیا مراد ہے؟

(ا) لوگوں سے محبت کرنا (ب) دِلوں کی اصلاح کرنا

(ج) لوگوں پر رحم کرنا

(د) غیر مسلموں کی تالیف قلب کے لیے انہیں زکوٰۃ دینا ✓

(۱۰) بغی کا معنی ہے:

(ا) بغاوت ✓ (ب) فتح

(ج) اندھیرا (د) کوشش

(۱۱) قرآن حکیم میں جہنم کے نگران کا نام کیا آیا ہے؟

(ا) نوفل (ب) مالک ✓

(ج) رقیم (د) داعس

(۱۲) وہ بات جو کوئی شخص خود گھڑ کر رسول اکرم ﷺ یا صحابی کی طرف منسوب کر دے اسے کہتے ہیں؟

(ا) موقوف (ب) موضوع ✓

(ج) شاذ (د) ضعیف

(۱۳) وہ حدیث جس کے راوی پر حدیث میں دروغ گوئی یا کسی قول و فعل کی وجہ سے فسق کا الزام عائد کیا گیا ہو کہلاتی ہے؟

(ا) منکر (ب) متروک ✓

(ج) موقوف (د) شاذ

(۱۴) جب صرف ایک ہی ثقہ راوی کوئی روایت بیان کرے تو اس کی روایت کردہ حدیث کو کہتے ہیں؟

(ا) عزیز (ب) منقطع

(ج) غریب ✓ (د) موقوف

(۱۵) کسی تابعی کے قول فعل یا تقریر کو کہا جاتا ہے؟

(ا) عزیز (ب) مقطوع ✓

(ج) خبر واحد (د) متروک

(۱۶) ہدایہ کس فن کی کتاب ہے؟

(ا) فقہ ✓ (ب) حدیث

(ج) تفسیر (د) علم الکلام

(۱۷) ائمہ اربعہ میں وہ کون سے امام ہیں جنہوں نے اپنی تمام عمر مدینہ ہی میں گزاری؟

(ا) امام ابوحنیفہ (ب) امام شافعی

(ج) امام مالک ✓ (د) امام احمد بن حنبل

(۱۸) ''حرابہ'' سے کیا مراد ہے؟

(ا) رہزنی ✓ (ب) چوری

(ج) بغاوت (د) قتل

(۱۹) ''الردّ علی الاستحسان'' رسالہ کن امام نے تحریر کیا؟

(ا) امام شافعی ✓ (ب) امام احمد بن حنبل

(ج) امام ابن تیمیہ (د) امام مالک

(۲۰) نکاح کے بنیادی ارکان ہیں؟

(ا) دو (ب) تین ✓

(ج) چار (د) پانچ

(۲۱) ''کفو'' کس شخص کو کہتے ہیں؟

(ا) جو مذہب، نسب، آزادی وغیرہ میں ہمسر ہو ✓

(ب) جو دھوکا دینے والا ہو

(ج) جو مال لوٹنے والا ہو (د) جانی دشمن

(۲۲) اہل ظاہر کے نزدیک نکاح ہے:

(ا) نیکی (ب) واجب ✓

(ج) مستحب (د) مباح

(۲۳) بیوی کے کون سے دو حقوق پر فقہاء کا اتفاق ہے؟

(ا) حسن سلوک اور خلع (ب) عزت اور عفو و درگزر

(ج) حق مہر اور نان ونفقہ ✓ (د) کوئی بھی جواب درست نہیں

(۲۴) ''ناشزہ'' سے کیا مراد ہے؟

(ا) نافرمان بیوی ✓ (ب) فرمانبردار

(ج) مخلص (د) ملنسار

(۲۵) غزوۂ حنین میں اچانک حملے سے بہت سے مسلمانوں نے میدان کو چھوڑ دیا تو کن صحابی نے بلند آواز سے مسلمانوں کو واپس آنے کے لیے کہا تھا؟

(ا) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ✓ (د) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

(۲۶) غزوۂ خیبر میں یہود کا قلعہ ''قموص'' کن کے ہاتھوں فتح ہوا؟

(ا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ ✓

(ج) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ (د) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

(۲۷) غزوۂ تبوک میں لڑائی کتنے دن جاری رہی؟

(ا) دس دن (ب) بارہ دن

(ج) چودہ دن (د) لڑائی نہیں ہوئی تھی ✓

(۲۸) رسول اکرم ﷺ نے کس مقام پر خطبہ دیتے ہوئے یہ الفاظ ادا فرمائے تھے: ''میں جس کا دوست ہوں۔ علی رضی اللہ عنہ اس کے دوست ہیں۔''؟

(ا) طائف (ب) وادی حنین

(ج) غدیر خم ✓ (د) قباء

(۲۹) رسول اللہ ﷺ نے سفر ہجرت میں سراقہ بن جعشم کو کسریٰ کے کنگن پہنانے کی جو خوشخبری سنائی تھی وہ کب پوری ہوئی؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد میں (ب) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں ✓

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہد میں (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عہد میں

(۳۰) بیعت رضوان کے موقع پر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف سے بیعت کن نے کی تھی؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(د) خود رسول اکرم ﷺ نے اپنا دایاں دست مبارک اپنے بائیں دست مبارک پر رکھ کر

(۳۱) "الصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ" کے الفاظ سب سے پہلے کن صحابی نے اذان دیتے ہوئے کہے؟

(ا) حضرت عبداللہ بن اُمّ مکتوم رضی اللہ عنہ (ب) حضرت بلال رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (د) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

(۳۲) جنگ قادسیہ کا آخری معرکہ جو رات بھر جاری رہا، اُسے تاریخ اسلام میں کیا نام دیا گیا ہے؟

(ا) لیلۃ الہریر (تھرتھراہٹ کی رات) (ب) یوم ارماث

(ج) یوم الجماعۃ (د) یوم بعاث

(۳۳) گنبدِ خضریٰ کی جگہ کن ام المومنین کا گھر تھا؟

(ا) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا (ب) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا (د) حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا

(۳۴) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کن صحابی نے پڑھائی؟

(ا) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ (د) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ

(۳۵) وہ زمین جو کسریٰ، اس کے خاندان والوں، جنگ میں مارے جانے والوں یا بھاگ جانے والوں کی ملکیت تھیں، انہیں شرعی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(ا) اراضی موقوفہ (ب) صوافی

(ج) اراضی الحوز (د) اراضی متروکہ

(۳۶) بتول کن کا لقب ہے؟

(ا) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا (ب) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا (د) حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا

(۳۷) کن صحابی کے جنازے پر رسول اکرم ﷺ نے نو تکبیریں کہی تھیں؟

(ا) حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابودجانہ انصاری رضی اللہ عنہ (د) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

(۳۸) رسول اللہ ﷺ نے غزوہ بدر کے قیدیوں کے بارے میں کن صحابی کی رائے پر عمل کیا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۳۹) حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر قاتلانہ حملہ کس مسجد میں ہوا تھا؟

(ا) مسجد بنی سلمہ (ب) مسجد نبوی

(ج) مسجد قباء (د) مسجد حرام

(۴۰) وہ کون سے صحابی رسول ﷺ ہیں جو اسلام قبول کرنے سے قبل تین دن تک مسجد نبوی کے ستون کے ساتھ بندھے رہے؟

(ا) حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ثمامہ بن آثال رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ (د) حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ

(۴۱) رسول اکرم ﷺ نے سب سے بہترین قاری کن صحابی کو قرار دیا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ (د) حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ

(۴۲) مواخات مدینہ میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو کن کا بھائی بنایا گیا تھا؟

(ا) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ (ب) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ (د) حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ

(۴۳) اسلام کے پہلے شہید مرد کا نام کیا ہے؟

(ا) حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت یاسر رضی اللہ عنہ (د) حضرت حارث بن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ

(۴۴) ''حواری رسول ﷺ'' کن کا لقب ہے؟

(ا) حضرت زبیر بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (د) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

(۴۵) عہد رسالت میں کلید بردار خانہ کعبہ کون تھے؟

(ا) حضرت بلال رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ
(ج) ✓ حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ
(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۶) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کون سے بہنوئی عشرہ مبشرہ میں شامل ہیں؟

(ا) حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ
(ب) ✓ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت زبیر رضی اللہ عنہ
(د) حضرت سعد رضی اللہ عنہ

(۴۷) عشرہ مبشرہ میں شامل کن دو صحابیوں کو رسول رحمت ﷺ نے غزوۂ بدر میں قافلہ قریش کے حالات معلوم کرنے کے لیے بھیجا تھا؟

(ا) حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما
(ب) حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ عنہما
(ج) حضرت عمر اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہما
(د) ✓ حضرت طلحہ بن عبیداللہ اور حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہما

(۴۸) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عشرہ مبشرہ میں شامل کن صحابی کی شہادت پر فرمایا تھا کہ کاش میں اس واقعہ سے بیس روز قبل انتقال کر چکا ہوتا''

(ا) حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت زبیر رضی اللہ عنہ
(د) ✓ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ

(۴۹) رسول اللہ ﷺ نے کن صحابی کی آواز کو ایک جماعت کی آواز قرار دیا تھا؟

(ا) ✓ حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت ابودجانہ انصاری رضی اللہ عنہ
(د) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

(۵۰) حضرت کعب الاحبار رضی اللہ عنہ اسلام قبول کرنے سے قبل کس مذہب سے تعلق رکھتے تھے؟

(ا) ✓ یہودیت
(ب) عیسائیت
(ج) زرتشتیت
(د) دین حنیف

(۵۱) حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ آزاد ہونے سے قبل کس کے غلام تھے؟

(ا) ابوجہل
(ب) ✓ اُمیہ بن خلف
(ج) عتبہ بن ربیعہ
(د) ابولہب

(۵۲) ''صاحب النعل'' (نعلین مبارک والے)، ''صاحب الوسادۃ'' (تکیہ والے) اور ''صاحب المطہرۃ'' (وضو کے پانی والے) یہ سب کن ایک صحابی کے القاب ہیں؟

(ا) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ
(د) ✓ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

(۵۳) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟

(ا) ✓ عامر بن عبداللہ
(ب) عمر بن عبداللہ
(ج) ابوبکر بن عبداللہ
(د) سعد بن عبداللہ

(۵۴) ''سلطان الخیر'' کن صحابی کا لقب تھا؟

(ا) ✓ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ
(ب) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ
(ج) حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ
(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۵۵) ''یوم الاعشار'' (دھائیوں کی جنگ) کس لڑائی کو نام دیا گیا؟

(ا) جنگ نہاوند
(ب) ✓ جنگ بویب
(ج) جنگ قادسیہ
(د) جنگ یرموک

(۵۶) بیت المقدس پہلی بار کب فتح ہوا؟

(ا) ۱۲ ہجری
(ب) ۱۴ ہجری
(ج) ۱۵ ہجری
(د) ✓ ۱۶ ہجری

(۵۷) پانچ کنگ (Five Kings) کا تعلق کس مذہب سے ہے؟

(ا) یہودیت
(ب) ہندومت
(ج) جین مت
(د) ✓ کنفیوشس مذہب

(۵۸) معراج کی رات چھٹے آسمان پر آپ ﷺ کی ملاقات کن پیغمبر سے ہوئی تھی؟

(ا) ✓ حضرت موسیٰ علیہ السلام
(ب) حضرت نوح علیہ السلام
(ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام
(د) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(۵۹) خلیل اللہ کن پیغمبر کا لقب ہے؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام
(ب) حضرت ہود علیہ السلام
(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام
(د) ✓ حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۶۰) عہد نامہ عتیق کس مذہب کی بنیادی کتاب ہے؟

(ا) یہودیت ✓ (ب) عیسائیت
(ج) بدھ مت (د) زرتشتیت

(۶۱) "دس سیلا" کی اصطلاح کس مذہب میں پائی جاتی ہے؟

(ا) یہودیت (ب) عیسائیت
(ج) سکھ مت (د) بدھ مت ✓

(۶۲) "فلسفہ ویدانت" کا تعلق کس مذہب سے ہے؟

(ا) یہودی مذہب (ب) عیسائی مذہب
(ج) ہندو مذہب ✓ (د) جین مذہب

(۶۳) "ٹیفیلاہ" کس مذہب کی عبادت ہے؟

(ا) یہودیت ✓ (ب) عیسائیت
(ج) بدھ مت (د) جین مت

(۶۴) ہندو مذہب میں "مکتی" کا معنی ہے:

(ا) نجات ✓ (ب) عمل
(ج) کام (د) رحم

(۶۵) خرید و فروخت کا معاملہ کرتے وقت خریدار نے اگر یہ شرط لگا دی کہ میں دو یا تین روز میں بتادوں گا کہ اس چیز کو لینا ہے یا نہیں۔ شریعت میں اس کو کیا کہتے ہیں؟

(ا) بیع سلم (ب) بیع منعقدہ
(ج) خیار بلوغ (د) خیار شرط ✓

(۶۶) ابن خلدون کہاں پیدا ہوئے؟

(ا) قاہرہ (ب) بغداد
(ج) دمشق (د) تیونس ✓

(۶۷) "اسلام کا قانون وقف" کے مصنف کا نام ہے:

(ا) ڈاکٹر محمود الحسن عارف ✓ (ب) ڈاکٹر انور اقبال قریشی
(ج) سیّد قطب (د) ڈاکٹر نور محمد غفاری

(۶۸) علامہ اقبال نے پی ایچ، ڈی کی ڈگری کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟

(ا) آکسفورڈ یونیورسٹی (ب) میونخ یونیورسٹی ✓
(ج) کیمبرج یونیورسٹی (د) پنجاب یونیورسٹی

(۶۹) امام ابن تیمیہ کا سال وفات کون سا ہے؟

(ا) ۷۲۵ ہجری (ب) ۷۲۶ ہجری
(ج) ۷۲۷ ہجری (د) ۷۲۸ ہجری ✓

(۷۰) "صفۃ الصفوۃ" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابن جوزی ✓ (ب) ابن قیم
(ج) ابن تیمیہ (د) ابن کثیر

(۷۱) امام ابوحنیفہ نے کس سال انتقال کیا؟

(ا) ۱۴۶ھ (ب) ۱۴۸ھ
(ج) ۱۵۰ھ ✓ (د) ۱۵۲ھ

(۷۲) میزبانِ رسول ﷺ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی قبر اطہر کہاں ہے؟

(ا) دمشق (ب) قسطنطنیہ ✓
(ج) قاہرہ (د) بصرہ

(۷۳) "شرکت و مضاربت کے شرعی اصول" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ڈاکٹر محمود احمد غازی (ب) ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی ✓
(ج) ڈاکٹر محمود الحسن عارف (د) ڈاکٹر انور اقبال قریشی

(۷۴) تھیاکریسی (Theocracy) سے کیا مراد ہے؟

(ا) پاپائیت ✓ (ب) اسلامی حکومت
(ج) جمہوری حکومت (د) بادشاہت

(۷۵) منطق کا بانی تسلیم کیا گیا ہے؟

(ا) افلاطون (ب) ارسطو ✓
(ج) بوعلی سینا (د) ابن باجہ

(۷۶) عقیدہ ثنویت کے قائلین برائی کا ماخذ کسے مانتے ہیں؟

(ا) یزدان (ب) اہرمن

(ج) شیطان (د) کسی کو بھی نہیں

(۷۷) علامہ اقبال کے فلسفے میں کون سا پرندہ بلندی کی علامت کے طور پر استعمال ہوا ہے؟

(ا) کبوتر (ب) فاختہ

(ج) طوطا (د) شاہین

(۷۸) ''التفہیمات الٰہیہ'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) شاہ ولی اللہ (ب) حضرت مجدد الف ثانی

(ج) حضرت خواجہ باقی باللہ (د) حضرت نظام الدین اولیاء

(۷۹) کسی عالم دین کو تعبیر رؤیا (خوابوں کی تعبیر) میں حجت مانا جاتا تھا؟

(ا) امام سیوطی (ب) ابن حجر عسقلانی

(ج) ابن کثیر (د) ابن سیرین

(۸۰) اصحاب الایکہ کا معنی ہے:

(ا) جھنڈ والے (ب) بادل والے

(ج) چمک والے (د) مال و دولت والے

(۸۱) نظریہ ارتقاء کس سائنس دان نے پیش کیا ہے؟

(ا) نیوٹن (ب) ڈارون

(ج) زینوفن (د) جارج سارٹن

(۸۲) مخابرہ سے کیا مراد ہے؟

(ا) مزارعت (ب) اُگی ہوئی کھیتی

(ج) بیج کسان کا (د) بیج زمین کے مالک کا

(۸۳) ''وفیات الاعیان'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابن خلکان (ب) ابن مسکویہ

(ج) امام غزالی (د) ابن اثیر

(۸۴) جو مال کہیں پڑا ہوا ملے اور تلاش کے باوجود مالک نہ ملے اُسے کیا کہتے ہیں؟

(ا) جزیہ (ب) لقطہ

(ج) مال مفت (د) فئے

(۸۵) ارض حوزہ سے مراد وہ زمین ہے جو

(ا) غیر آباد پڑی ہو (ب) جو غیر مسلموں سے لی گئی ہو

(ج) جو بہت زرخیز ہو (د) اسلامی ریاست کی ملکیت ہو

(۸۶) تمتّع اس طریقہ حج کو کہتے ہیں جس میں حج کے زمانے میں

(ا) طواف کعبہ کثرت سے کیا جائے (ب) نوافل کثرت سے پڑھے جائیں

(ج) عمرہ کی ادائیگی نہ کی جائے

(د) احرام باندھ کر عمرہ کر لیا جائے۔ پھر کچھ دنوں کے لیے احرام کھول دیا جائے

(۸۷) ''تاریخ بغداد'' کے مصنف کا نام ہے:

(ا) خطیب بغدادی (ب) احمد بن داؤد

(ج) ابن اثیر علی بن محمد (د) احمد بن حنبل

(۸۸) اسلامی ریاست کے فرائض میں سے دو ایسے فرائض کون سے ہیں جن کا ذکر قرآن نے کیا ہے؟

(ا) ریاست کا پھیلاؤ (ب) دشمن کے علاقوں پر قبضہ کرنا

(ج) جنگ کرنا (د) دفاع اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر

(۸۹) دوسرے شخص کو کسی چیز کی منفعت کا بغیر عوض مالک بنانا کہلاتا ہے؟

(ا) عاریت (ب) وقف

(ج) وراثت (د) ہبہ

(۹۰) الجہاد فی الاسلام کی تصنیف کے وقت سیّد ابوالاعلیٰ مودودی کی عمر کتنی تھی؟

(ا) ۱۷ سال (ب) ۲۰ سال

(ج) ۲۴ سال (د) ۲۵ سال

(۹۱) نماز کسوف کب پڑھی جاتی ہے؟

(ا) چاند گرہن کے وقت (ب) سورج طلوع ہونے کے بعد

(ج) سورج گرہن کے وقت (د) سحری کے وقت

(۹۲) حجر اسود خانہ کعبہ کی کس سمت میں ہے؟

(ا) مغرب کی جانب (ب) شمال کی جانب

(ج) مشرق کی جانب (د) جنوب مشرقی سمت میں ✓

(۹۳) جابر بن حیان کے علاوہ دوسرا بڑا مسلم سائنس دان کون تھا جس نے اپنی عمر کا کثیر حصہ دھاتوں کو سونے میں تبدیل کرنے کی کوشش میں صَرف کیا؟

(ا) ابن الہیثم (ب) محمد بن زکریا رازی ✓

(ج) ابن بیطار (د) ابن سینا

(۹۴) روشنی کے انعکاس کا قانون کہ زاویہ وقوع (Angle of Incidence) اور زاویہ انعکاس (Angle of Reflection) آپس میں برابر ہوتے ہیں، اس کو دریافت کرنے کا سہرا کس مسلم سائنس دان کے سَر ہے؟

(ا) ابن سینا (ب) ابن الہیثم ✓

(ج) ابن بیطار (د) ابن النفیس

(۹۵) کس عظیم مسلم سائنس دان نے اہل یورپ کو سرجری کے فن سے روشناس کرایا؟

(ا) ابن الہیثم (ب) ابوالقاسم الزہراوی ✓

(ج) جابر بن حیان (د) ابن النفیس

(۹۶) ''مفاتیح العلوم'' کو دنیا کا پہلا علمی انسائیکلوپیڈیا ہونے کا شرف حاصل ہے۔ یہ عظیم علمی کتاب کس مسلم سائنس دان نے تحریر کی؟

(ا) ابن سینا (ب) علی بن ربن طبری

(ج) محمد بن احمد بن یوسف خوارزمی ✓ (د) ابن النفیس

(۹۷) مسلم سائنس دان علی بن ربن طبری کی کتاب حفظ الصحت کا قلمی نسخہ کس یونیورسٹی کے کتب خانے میں موجود ہے؟

(ا) کیمبرج یونیورسٹی (ب) آکسفورڈ یونیورسٹی ✓

(ج) میونخ یونیورسٹی (د) پنجاب یونیورسٹی

(۹۸) عربی زبان میں جغرافیہ کے موضوع پر سب سے پہلی کتاب کون سی لکھی گئی؟

(ا) فتوح البلدان (ب) صورۃ الارض ✓

(ج) تجارب الامم (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۹۹) ''حساب'' اور ''جبر و مقابلہ'' (الجبرا) کس مسلم ریاضی دان کی کتابیں ہیں؟

(ا) محمد بن موسیٰ خوارزمی ✓ (ب) ابن خیام

(ج) ابن حوقل (د) ابن الہیثم

(۱۰۰) کس مسلم سائنس دان کو معدنی مرکبات میں سے آرسینک آکسائیڈ (Arsenic Oxide) کاپر آکسائیڈ (Copper Oxide) سلیسک ایسڈ (Silicic acid) اور اینٹی مونی (Antimony) کے خواص کے بارے میں مکمل دسترس حاصل تھی؟

(ا) ابن الہیثم (ب) ابن سینا

(ج) علی بن ربن طبری (د) ابو منصور موفق بن علی ہروی ✓

(۱۰۱) مسلم سائنس دان علی بن ربن طبری کی کتاب ''فردوس الحکمت'' سائنس کے کس شعبہ کے بارے میں ہے؟

(ا) علم کیمیا (ب) علم طب ✓

(ج) علم ریاضی (د) علم فلکیات

(۱۰۲) دسویں صدی عیسوی میں ایک مسلم سائنس دان نے جو علم ہیئت پر دسترس رکھتے تھے۔ اپنے مشاہدات فلکی سے جو نتائج استخراج کیے وہ حیرت انگیز طور پر موجودہ زمانے کی تحقیقات سے مطابقت رکھتے ہیں، اس سائنس دان کا نام بتایئے؟

(ا) ابوالریحان البیرونی (ب) ابن حوقل

(ج) ابن یونس ✓ (د) ابن واقد

(۱۰۳) جابر بن حیان نے اپنی تجربہ گاہ کس شہر میں بنائی تھی؟

(ا) بغداد (ب) بصرہ

(ج) کوفہ ✓ (د) دمشق

مثالی سیٹ (۲۷)

(۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام کہاں اعتکاف بیٹھے تھے؟

(ا) ہیکل میں ✓(ب) کوہ طور پر

(ج) وادی سینا میں (د) اپنے گھر

(۲) ”اُم العرب“ کن کا لقب ہے؟

(ا) حضرت سارہ (ب) حضرت صفورہ

✓(ج) حضرت ہاجرہ (د) حضرت آسیہ

(۳) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کتنی بیویاں تھیں؟

✓(ا) تین (ب) چار

(ج) پانچ (د) چھ

(۴) فرعون کی لاش کہاں محفوظ ہے؟

(ا) بغداد کے عجائب گھر میں ✓(ب) قاہرہ کے عجائب گھر میں

(ج) دمشق کے عجائب گھر میں (د) استنبول کے عجائب گھر میں

(۵) ”العٰدیٰت“ کے معنی کیا ہیں؟

✓(ا) دوڑنے والے (ب) ڈرنے والے

(ج) بہادر (د) گنتی کرنے والے

(۶) ان دو خواتین کے نام بتائیں جن کے پاس حضرت جبرائیل تشریف لائے؟

(ا) حضرت سارہ اور حضرت آسیہ

(ب) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت زینب رضی اللہ عنہا اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا

✓(د) حضرت مریم اور حضرت ہاجرہ

(۷) تفسیر ”تدبر قرآن“ کی جلدوں کی تعداد کتنی ہے؟

(ا) پانچ (ب) چھ

(ج) سات ✓(د) نو

(۸) مائدہ کا معنی کیا ہے؟

(ا) کرسی ✓(ب) دسترخوان

(ج) بستر (د) کمرہ

(۹) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نانا کا نام کیا تھا؟

(ا) ہاشم ✓(ب) عمران

(ج) یونس (د) ہارون

(۱۰) حضرت اسحاق علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا تھا؟

(ا) حضرت ہاجرہ ✓(ب) حضرت سارہ

(ج) حضرت صفورہ (د) حضرت آسیہ

(۱۱) قرآن نے کس پیغمبر کے اسوۂ حسنہ کو امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ قرار دیا ہے؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام (ب) حضرت نوح علیہ السلام

(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام ✓(د) ابراہیم علیہ السلام

(۱۲) سورۂ نحل میں حضرت ابراہیم کے کتنے امتیازات بیان کیے گئے ہیں؟

(ا) دو (ب) تین

✓(ج) چار (د) پانچ

(۱۳) خانہ کعبہ سے پہلے مسلمانوں کا قبلہ تھا؟

✓(ا) بیت المقدس (ب) بیت العتیق

(ج) ہیکل (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۱۴) ”تغابن“ کے معنی ہیں:

✓(ا) گھاٹا کھانا (ب) ملاقات کرنا

(ج) دھوکا دینا (د) پیچھا کرنا

(۱۵) ایلاء کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(ا) ✓ قسم کھانا (ب) بیوی کے قریب نہ جانا

(ج) دھوکا دینا (د) پیغام دینا

(۱۶) ترتیب توقیفی کے اعتبار سے سورۂ صف کا کون سا نمبر ہے؟

(ا) ✓ ۶۱ (ب) ۷۵

(ج) ۸۲ (د) ۹۲

(۱۷) وہ حدیث جس کو ایک ایسی جماعت روایت کرتی ہو جس کا جھوٹ پر متفق ہونا عقلاً و عادۃً محال ہو، کہلاتی ہے؟

(ا) ✓ متواتر (ب) مشہور

(ج) عزیز (د) غریب

(۱۸) وہ کون سے دو جملے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ اور میزان میں بھاری ہیں؟

(ا) ✓ سُبْحَانَ اللّٰہ اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ (ب) اَللّٰہُ اَکْبَرُ

(ج) بِسْمِ اللّٰہ (د) اَعُوْذُ بِاللّٰہ

(۱۹) کثیر الروایہ صحابہ میں شمار ہوتا ہے؟

(ا) ✓ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ (د) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

(۲۰) حدیث کے لغوی معنی ہیں:

(ا) نئی روایت (ب) ✓ نئی چیز

(ج) نیا طریقہ (د) نیا زمانہ

(۲۱) وہ مقام جہاں حاجی احرام باندھتے ہیں، اسے کیا کہتے ہیں؟

(ا) مقام ابراہیم (ب) ✓ میقات

(ج) مزدلفہ (د) منیٰ

(۲۲) احناف کے نزدیک طلاق سنت کی قسمیں ہیں؟

(ا) ایک (ب) ✓ دو

(ج) تین (د) چار

(۲۳) غسل کے فرائض ہیں؟

(ا) دو (ب) ✓ تین

(ج) چار (د) پانچ

(۲۴) امام شافعی کا اصل نام تھا؟

(ا) ✓ محمد بن ادریس (ب) احمد بن ادریس

(ج) عبداللہ بن ادریس (د) علی بن ادریس

(۲۵) تعامل اہل مدینہ کن فقیہ کا ماخذ ہے؟

(ا) امام ابوحنیفہ (ب) امام شافعی

(ج) امام احمد بن حنبل (د) ✓ امام مالک

(۲۶) ائمہ اربعہ میں سب سے بڑا جنازہ کن امام کا ہوا؟

(ا) امام ابوحنیفہ (ب) امام شافعی

(ج) امام مالک (د) ✓ امام احمد بن حنبل

(۲۷) جمہور فقہاء کے نزدیک نکاح ہے؟

(ا) فرض (ب) واجب

(ج) ✓ سنت (د) جائز

(۲۸) مقوقس والی مصر کے نام آپ کا خط مبارک لے کر گئے تھے؟

(ا) ✓ حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ (ب) حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۲۹) وفد نجران کے لوگ کس مذہب سے تعلق رکھتے تھے؟

(ا) یہودیت (ب) ✓ عیسائیت

(ج) پارسی مذہب (د) ہندومت

(۳۰) عیسائیوں سے مباہلہ کرنے کے لیے جب رسول اکرم ﷺ اپنے اہل بیت کو لے کر باہر تشریف لائے تو کون سے خلیفہ راشد آپ کے ساتھ تھے؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) ✓ حضرت علی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (د) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(۳۱) کن پیغمبر کے لیے مال غنیمت کو حلال کیا گیا؟

(ا) حضرت یعقوب علیہ السلام (ب) حضرت داؤد علیہ السلام

(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) ✓ حضرت محمد ﷺ

(۳۲) کن پیغمبر کے لیے تمام زمین کو عبادت کی جگہ قرار دیا گیا ہے؟

(ا) حضرت ہود علیہ السلام (ب) حضرت شعیب علیہ السلام

(ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د) ✓ حضرت محمد ﷺ

(۳۳) غزوۂ خیبر میں رسول اللہ ﷺ نے علم (جھنڈا) عطا کرنے سے قبل کن صحابی کے بارے میں یہ کلمات ارشاد فرمائے تھے؟: ''میں یہ علم (جھنڈا) اس شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے شدید محبت کرتا ہوگا اور وہ خود بھی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نگاہوں میں بہت محبوب ہوگا۔''

(ا) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (د) ✓ حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۳۴) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ غزوۂ اُحد کے دن کس کے ہاتھوں شہید ہوئے تھے؟

(ا) ✓ وحشی بن حرب (ب) ابوسفیان

(ج) عقبہ بن ابی معیط (د) عاص بن وائل

(۳۵) کس غزوہ کے بعد رسول اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ذوالفقار کا خطاب عطا فرمایا تھا؟

(ا) غزوۂ بدر (ب) ✓ غزوۂ اُحد

(ج) غزوۂ خندق (د) غزوۂ خیبر

(۳۶) مسجد نبوی ﷺ کی زمین کی قیمت کن صحابی نے ادا کی تھی؟

(ا) ✓ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۳۷) مواخات مدینہ کے موقع پر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو کن کا بھائی بنایا گیا؟

(ا) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ (ب) ✓ حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ (د) حضرت ابودجانہ انصاری رضی اللہ عنہ

(۳۸) غزوۂ خندق میں عمرو بن عبدود کو کس نے قتل کیا تھا؟

(ا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (د) ✓ حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۳۹) غزوۂ خندق کے فوراً بعد اسلامی فوج نے کون سا معرکہ سر کیا تھا؟

(ا) ✓ غزوۂ بنوقریظہ (ب) غزوۂ خیبر

(ج) غزوۂ حنین (د) غزوۂ طائف

(۴۰) اُمہات المومنین میں تفسیر کی سب سے بڑی عالمہ تھیں؟

(ا) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا (ب) ✓ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا (د) حضرت زینب رضی اللہ عنہا

(۴۱) ''جنگ واقوصہ'' کس لڑائی کو کہا گیا ہے؟

(ا) ✓ جنگ یرموک (ب) جنگ قادسیہ

(ج) جنگ نہاوند (د) جنگ بویب

(۴۲) کس جنگ میں حفاظ صحابہ کثرت سے شہید ہوئے؟

(ا) ✓ جنگ یمامہ (جنگ عقرباء) (ب) جنگ قادسیہ

(ج) جنگ یرموک (د) جنگ نہاوند

(۴۳) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انتقال سے قبل کن کے بارے میں فرمایا تھا کہ: ''اگر آج وہ زندہ ہوتے تو میں انہیں خلیفہ نامزد کر دیتا۔''

(ا) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ (ب) حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ (د) ✓ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

(۴۴) ''کنز العلماء'' کن صحابی کا لقب ہے؟

(ا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (د) ✓ حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۴۵) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا تعلق قریش کی کس شاخ سے تھا؟

(ا) بنوعدی (ب) بنومخزوم

(ج) بنواُمیہ (د) ✓ بنوتمیم

(۴۶) نبوت کی جھوٹی دعویدار سجاح نے کس سے شادی کی تھی؟

(ا) طلیحہ بن خویلد (ب) اسود عنسی

(ج) ہشام (د) ✓ مسیلمہ کذاب

(۴۷) جنگ قادسیہ میں اسلامی فوج کی قیادت کن کے پاس تھی؟

(ا) ✓ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ (د) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(۴۸) کعب بن اشرف کا تعلق کس مذہب سے تھا؟

(ا) عیسائیت (ب) ✓ یہودیت

(ج) زرتشتیت (د) صابی

(۴۹) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے خلافت کی ذمہ داری کب سنبھالی؟

(ا) ✓ ۲۴ھ (ب) ۲۵ھ

(ج) ۲۶ھ (د) ۲۷ھ

(۵۰) ''فاتح مصر'' کن کو کہا جاتا ہے؟

(ا) ✓ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ (ب) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ (د) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

(۵۱) کن صحابی نے حرم پاک میں سب سے پہلے مشرکین مکہ سے مار کھائی؟

(ا) حضرت بلال رضی اللہ عنہ (ب) ✓ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ (د) حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ

(۵۲) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(ا) شام (ب) مصر

(ج) یمن (د) ✓ ایران

(۵۳) ''حواری رسول ﷺ'' کن صحابی کا لقب ہے؟

(ا) حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ (د) ✓ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ

(۵۴) ''حبر الامہ'' کن صحابی کا لقب ہے؟

(ا) ✓ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ (ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ (د) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

(۵۵) رسول اللہ ﷺ اپنے کن صحابی کے بارے میں فرمایا کرتے تھے: ''یہ میرے ماموں ہیں کوئی مجھے ایسا ماموں دکھائے تو۔''

(ا) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ (ب) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ (د) ✓ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

(۵۶) رسول اکرم ﷺ نے اپنے کن صحابی کو "الطیّب المطیّب" کا نام دیا تھا؟

(ا) ✓ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ (د) حضرت ابودجانہ انصاری رضی اللہ عنہ

(۵۷) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کن صحابی کو ''سیدنا'' کہہ کر پکارتے تھے؟

(ا) حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ

(ج) ✓ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ (د) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ

(۵۸) ''ہشت پہلو راستہ'' کس مذہب کے اخلاقی اصول ہیں؟

(ا) یہودیت (ب) ✓ بدھ مت

(ج) عیسائیت (د) جین مت

(۵۹) غیر سامی مذاہب میں سب سے بڑا مذہب ہے؟

(ا) بدھ مت (ب) جین مت

(ج) زرتشتیت (د) ✓ ہندو مت

(۶۰) ''حطیم'' کسے کہتے ہیں؟

(ا) ✓ خانہ کعبہ کا وہ حصہ جو اب اس سے باہر ہے

(ب) مقام ابراہیم (ج) ریاض الجنہ

(د) حجر اسود

(۶۱) نجران کے عیسائیوں سے جزیہ وصول کرنے کے لیے رسول اکرم ﷺ نے اپنے کن صحابی کو بھیجا تھا؟

(ا) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ ✓ (ب) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (د) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ

(۶۲) "رسول اکرم ﷺ کی سیاسی زندگی" کے مصنف کا نام تحریر کریں؟

(ا) ابوالاعلیٰ مودودی (ب) مناظر احسن گیلانی

(ج) پیر محمد کرم شاہ (د) ڈاکٹر محمد حمید اللہ ✓

(۶۳) کن صحابی رسول ﷺ کی قبر مبارک قسطنطنیہ کی فصیل کے سامنے ہے؟

(ا) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ ✓ (ب) حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ (د) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(۶۴) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ اپنا نام کیا بتایا کرتے تھے؟

(ا) سلمان ابن سلمان (ب) سلیمان

(ج) سلمان ابن اسلام ✓ (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۶۵) حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ اسلام قبول کرنے سے قبل کس مذہب سے تعلق رکھتے تھے؟

(ا) عیسائیت (ب) یہودیت ✓

(ج) زرتشتیت (د) دین حنیف

(۶۶) "اسلام کے پہلے مؤذن" کن صحابی کو کہا جاتا ہے؟

(ا) حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عبداللہ ابن مکتوم رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ ✓ (د) ت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ

(۶۷) "شرکت" کے لغوی معنی ہیں:

(ا) حصہ دار ہونا ✓ (ب) تعاون کرنا

(ج) مال دینا (د) نفع حاصل کرنا

(۶۸) "جونی چکر" کس مذہب کا عقیدہ ہے؟

(ا) یہودیت (ب) عیسائیت

(ج) اسلام (د) بندومت ✓

(۶۹) "لسان العرب" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابن منظور ✓ (ب) ابن کثیر

(ج) ابن حجر عسقلانی (د) خیرالدین الزرکلی

(۷۰) بنوامیہ کے پہلے حکمران کون ہیں؟

(ا) مروان بن حکم (ب) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ✓

(ج) حضرت عمر بن عبدالعزیز (د) ولید بن عبدالملک

(۷۱) یہ کن صحابی کا قول ہے: "ہم اللہ تعالیٰ کی اس تقسیم پر راضی ہیں کہ ہمارے لیے تو علم ہے اور جاہلوں کے لیے دنیوی مال و دولت ہے۔"

(ا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ ✓ (د) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

(۷۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کوفہ کو دارالخلافہ کب بنایا؟

(ا) ۳۶ھ ✓ (ب) ۳۷ھ

(ج) ۳۸ھ (د) ۳۹ھ

(۷۳) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے کن گورنر کو مخاطب کرتے ہوئے یہ تاریخی جملہ کہا تھا: "تم نے کب سے لوگوں کو اپنا غلام بنالیا ہے حالانکہ ان کی ماؤں نے تو ان کو آزاد جنا تھا۔"

(ا) حضرت عیاض بن غنم (ب) یعلیٰ بن اُمیہ

(ج) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (د) حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ ✓

(۷۴) حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کس سال حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں دستبردار ہوئے تھے؟

(ا) ۳۸ ہجری (ب) ۳۹ ہجری

(ج) ہجری (د) ۴۱ ہجری ✓

(۷۵) "عہد نبوی ﷺ میں نظام حکمرانی" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ڈاکٹر انوار اقبال (ب) ڈاکٹر محمد حمید اللہ ✓

(ج) مناظر احسن گیلانی (د) ابوالحسن علی ندوی

(۷۶) حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

(ا) عبدالدار (ب) بنواُمیہ

(ج) بنوہاشم (د) بنوعدی

(۷۷) مضارع معروف کا آخری حرف

(ا) مضموم ہوتا ہے (ب) ساکن ہوتا ہے

(ج) مجرور ہوتا ہے (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۷۸) عربی زبان میں ''اضداد'' سے مراد ہے؟

(ا) ایسا لفظ جس کے دو متضاد معانی ہوں

(ب) حروف جار (ج) حروف مشبہ بالفعل

(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۷۹) جنگ حطین کب ہوئی؟

(ا) ۵۸۳ھ (ب) ۵۸۴ھ

(ج) ۵۸۵ھ (د) ۵۸۶ھ

(۸۰) ''مارٹن لوتھر'' کس مذہب کا مصلح ہے؟

(ا) یہودیت (ب) جین مت

(ج) ہندومت (د) عیسائیت

(۸۱) ابن قیم کن کے شاگرد تھے؟

(ا) ابن جوزی (ب) جلال الدین سیوطی

(ج) ابن حجر عسقلانی (د) ابن تیمیہ

(۸۲) ''ارمغان حجاز'' کن شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(ا) میر تقی میر (ب) اکبر الہ آبادی

(ج) مرزا اسداللہ خاں غالب (د) علامہ اقبال

(۸۳) کس رکن اسلام کے بارے میں خالق کائنات کا ارشاد ہے کہ وہ صرف میرے ہی لیے ہے، اس کی جزا خصوصی طور پر میں ہی دوں گا؟

(ا) نماز (ب) روزہ

(ج) زکوٰۃ (د) حج

(۸۴) کس سال کے حج کو ''حج اکبر'' کا نام دیا گیا ہے؟

(ا) ۹ ہجری کا حج (ب) ۱۰ ہجری کا حج

(ج) ۱۱ ہجری کا حج (د) ۱۲ ہجری کا حج

(۸۵) علم نباتات میں زیادہ خدمات کس مسلم سائنس دان کی ہیں؟

(ا) جابر بن حیان (ب) ابوالقاسم الزہراوی

(ج) محمد بن موسیٰ خوارزمی (د) ابن بیطار

(۸۶) ''بابائے جغرافیہ'' کس مسلم سائنس دان کا لقب ہے؟

(ا) ابن بیطار (ب) فارابی

(ج) ابن حوقل (د) ابن الہیثم

(۸۷) عہد بنواُمیہ میں کیمیا پر سب سے پہلے کس مسلم سائنس دان نے کام کیا؟

(ا) جابر بن حیان (ب) خالد بن یزید

(ج) ابن الہیثم (د) ابن بیطار

(۸۸) ''الجامع فی الادویۃ المفردۃ'' کس مسلم سائنس دان کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن حوقل (ب) ابن النفیس

(ج) ابن بیطار (د) محمد بن زکریا رازی

(۸۹) ''الکلیات فی الطب'' کس مسلم سائنس دان کی تصنیف ہے؟

(ا) ابن رُشد (ب) ابن الخطیب

(ج) ابن النفیس (د) ابن بیطار

(۹۰) فیثاغورث نے کائنات کی حقیقت کس کو قرار دیا ہے؟

(ا) آگ (ب) عدد

(ج) دن رات (د) پانی

(۹۱) علی بن ربن طبری کی کتاب ''فردوس الحکمت'' سائنس کے کس شعبہ کے بارے میں لکھی گئی ہے؟

(ا) علم کیمیا (ب) علم طب

(ج) علم ریاضی (د) علم فلکیات

(۹۲) عمر خیام کی تحقیق کے مطابق شمسی سال کی پیائش کا مجوزہ نام کیا ہے؟

(ا) اسطرلاب (ب) تقویم جلالی

(ج) ماء الملوک (د) ان میں سے کوئی جواب

(۹۳) وہ کون سا مسلم سائنس دان ہے جس نے سب سے پہلے موسیقی پر سائنسی نقطہ نظر سے بحث کی ہے؟

(ا) یعقوب بن اسحاق کندی (ب) ابن النفیس

(ج) ابن الہیثم (د) ابن بیطار

(۹۴) علم الحدائق یا باغبانی کے ماہر مسلم سائنس دان کا نام ہے؟

(ا) محمد بن موسیٰ خوارزمی (ب) ابن بیطار

(ج) ابن الہیثم (د) ابن النفیس

(۹۵) طب کے موضوع پر مشہور کتاب "تقویم الابدان" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابن جزلہ (ب) نصیرالدین طوسی

(ج) ابن حوقل (د) ابن النفیس

(۹۶) مسلم سائنس دان ابن یونس کو سائنس کے کس شعبہ میں مہارت حاصل تھی؟

(ا) علم طب (ب) علم ہیئت

(ج) علم ریاضی (د) علم کیمیا

(۹۷) سرجری کے آلات پر کس مسلم سائنس دان کی کتاب شہرہ آفاق اہمیت کی حامل ہے؟

(ا) ابن بیطار (ب) ابوالقاسم الزہراوی

(ج) ابن النفیس (د) جابر بن حیان

(۹۸) جابر بن حیان کو یورپ میں کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

(ا) Geber (ب) Gabeer

(ج) Jibar (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۹۹) ابن بطوطہ کی شہرت کا سبب کیا ہے؟

(ا) طبیب (ب) سیاح

(ج) ماہر نباتات (د) ماہر فلکیات

(۱۰۰) "دیوان المظالم" سے کیا مراد ہے؟

(ا) خط و کتابت کا ادارہ

(ب) وہ ادارہ جو ظالم کو جبراً عدالت میں پیش کر کے مظلوم کو انصاف فراہم کرے

(ج) احتساب کا ادارہ

(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۱۰۱) شاہ ولی اللہ کا سال وفات کون سا ہے؟

(ا) ۱۷۵۲ء (ب) ۱۷۵۸ء

(ج) ۱۷۶۰ء (د) ۱۷۶۳ء

(۱۰۲) "اسلام اور سود" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابوالاعلیٰ مودودی (ب) ڈاکٹر انور اقبال قریشی

(ج) مناظر احسن گیلانی (د) مفتی محمد شفیع

(۱۰۳) "الفخری فی الآداب السلطانیہ" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابن قیم (ب) ابن طباطبا

(ج) ابوالحسن الماوردی (د) ابن جوزی

(۱۰۴) "حتٰی یعطوا الجزیة عن ید وھم صٰغرون" آیت میں مذکور فعل "یعطوا" کا اعراب کیا ہے؟

(ا) مجزوم (ب) منصوب

(ج) مرفوع (د) مجرور

(۱۰۵) "اسلام کا معاشرتی نظام" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ڈاکٹر خالد علوی (ب) ڈاکٹر ابوبکر غزنوی

(ج) سید اسعد گیلانی (د) مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی

(۱۰۶) علامہ محمد اقبال کے فلسفے کا بنیادی نکتہ کیا ہے؟

(ا) قومیت (ب) خودی

(ج) جمہوریت (د) سوشلزم

(۱۰۷) پاکستان نے چھ ایٹمی دھماکے کس سال کیے؟

(ا) ۱۹۹۶ء　(ب) ۱۹۹۷ء

(ج) ✓ ۱۹۹۸ء　(د) ۱۹۹۹ء

(۱۰۸) "Dictionary of Scientists" میں تیرہ سو سے زائد سائنس دانوں کے نام آئے ہیں، بتایئے ان میں مسلمان سائنس دانوں کے نام کتنے ہیں؟

(ا) ✓ چھ　(ب) بارہ

(ج) بیس　(د) پچیس

(۱۰۹) طاعون کے متعدی بیماری ہونے کا نظریہ کس مسلم سائنس دان نے پیش کیا؟

(ا) ابن بیطار　(ب) ✓ ابن الخطیب

(ج) ابن سینا　(د) ابن النفیس

(۱۱۰) دنیا کے قدیم ترین مؤرخ ہیروڈوٹس (Herodotus) کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(ا) شام　(ب) ترکی

(ج) ✓ یونان　(د) مصر

(۱۱۱) ابوالریحان البیرونی نے اپنی سائنسی تحقیق سے زمین کا محیط کیا معلوم کیا تھا؟

(ا) ۲۲۷۸۰ میل　(ب) ✓ ۲۴۷۷۹ میل

(ج) ۲۵۸۲۵ میل　(د) ۲۷۵۳۵ میل

(۱۱۲) میڈیسن اور سرجری پر جامع ترین کتاب کون سی ہے؟

(ا) کتاب المناظر　(ب) کتاب الجدری والحصبہ

(ج) ✓ التصریف لمن عجز عن التالیف　(د) القانون فی الطب

(۱۱۳) سمرقند، بخارا، فرغانہ کس اسلامی ملک کے مشہور شہر ہیں؟

(ا) ✓ ازبکستان　(ب) تاجکستان

(ج) ترکی　(د) آذربائیجان

(۱۱۴) جنگ قادسیہ کے دوسرے معرکہ کو تاریخ میں کیا نام دیا گیا ہے؟

(ا) یوم الارماث　(ب) ✓ یوم الاغواث

(ج) یوم الاعماس　(د) لیلۃ الہریر

مثالی سیٹ (۲۸)

(۱) قرآن حکیم میں کس فرشتے کو ''روح القدس'' کہا گیا ہے؟

(ا) حضرت میکائیل　(ب) ✓ حضرت جبریل علیہ السلام

(ج) حضرت اسرافیل　(د) حضرت عزرائیل

(۲) قرآن حکیم کی کس سورت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی، رسول اکرم ﷺ کے آنے کی خبر دی گئی ہے؟

(ا) سورۂ سبا　(ب) سورۂ قمر

(ج) سورۂ علق　(د) ✓ سورۂ صف

(۳) رہبانیت کی مذمت قرآن حکیم کی کس سورت میں کی گئی ہے؟

(ا) سورۂ نساء　(ب) سورۂ مائدہ

(ج) سورۂ نحل　(د) ✓ سورۂ حدید

(۴) عروس القرآن کا معنی کیا ہے؟

(ا) قرآن کا تاج　(ب) ✓ قرآن کی دلہن

(ج) قرآن کا نور　(د) قرآن کی روح

(۵) سورۂ مائدہ کی آیات کی تعداد کتنی ہے؟

(ا) ۱۰۰　(ب) ۱۱۲

(ج) ✓ ۱۲۰　(د) ۱۳۲

(۶) المجادلہ کے معنی کیا ہیں؟

(ا) تعاون کرنا　(ب) چلانا

(ج) رونا　(د) ✓ کسی سے بحث میں ضد کرنا

(۷) ابلیس کا اصل نام کیا ہے؟

(ا) زرقیل　(ب) ✓ عزازیل

(ج) عطین　(د) میانمیر

(۸) تفسیر "تفہیم القرآن" کی جلدوں کی تعداد کتنی ہے؟

(ا) چار | (ب) چھ ✓

(ج) سات | (د) آٹھ

(۹) الہام کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(ا) نگلنا، جذب کردینا ✓ | (ب) اترنا

(ج) تعاون کرنا | (د) ملانا

(۱۰) کتمان حق سے کیا مراد ہے؟

(ا) حق کو ظاہر کرنا | (ب) حق کو چھپانا ✓

(ج) حق کو ملانا | (د) حق کو علیحدہ کرنا

(۱۱) یہود کس پیغمبر کو اللہ کا بیٹا کہتے ہیں؟

(ا) حضرت موسیٰ علیہ السلام | (ب) حضرت عزیر علیہ السلام ✓

(ج) حضرت داؤد علیہ السلام | (د) حضرت سلیمان علیہ السلام

(۱۲) جنت میں حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہا السلام کو کس نے بہکایا تھا؟ جس کی وجہ سے پھر انہیں جنت سے نکلنا پڑا؟

(ا) عزرائیل | (ب) شیطان ✓

(ج) اسرافیل | (د) میکائیل

(۱۳) الہام کے اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

(ا) کسی کے دل میں کوئی بات القا کرنا ✓ | (ب) کسی کو پلٹ دینا

(ج) کسی کو ملنا | (د) تعاون کرنا

(۱۴) حدیث کے مطابق ماپ معتبر ہے؟

(ا) اہل مکہ کا | (ب) اہل عراق کا

(ج) اہل یمن کا | (د) اہل مدینہ کا ✓

(۱۵) مقدمہ ابن الصلاح کس فن کی کتاب ہے؟

(ا) تفسیر | (ب) حدیث ✓

(ج) فقہ | (د) علم الکلام

(۱۶) جب رواۃ حدیث کی ایک جماعت ثقہ راوی سے روایت کرنے میں شریک ہو تو ان کی روایت کردہ حدیث کو کہتے ہیں؟

(ا) عزیز | (ب) مشہور ✓

(ج) غریب | (د) شاذ

(۱۷) وہ کون سے پیغمبر ہیں جن کے اوصاف تورات وانجیل میں بیان ہوئے ہیں؟

(ا) حضرت صالح علیہ السلام | (ب) حضرت شعیب علیہ السلام

(ج) حضرت یونس علیہ السلام | (د) حضرت محمد ﷺ ✓

(۱۸) غزوۂ بدر میں آپ ﷺ کے کون سے چچا گرفتار ہوئے تھے؟

(ا) حضرت عباس رضی اللہ عنہ ✓ | (ب) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابوطالب | (د) ابولہب

(۱۹) سریہ نخلہ میں کفار مکہ کا جو سردار مارا گیا تھا اس کا نام کیا ہے؟

(ا) عمرو بن حضرمی ✓ | (ب) عقبہ بن ابی معیط

(ج) عاص بن وائل | (د) ابولہب

(۲۰) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کس سال اسلام قبول کیا تھا؟

(ا) چھ ہجری | (ب) سات ہجری ✓

(ج) آٹھ ہجری | (د) نو ہجری

(۲۱) سریہ موتہ میں اسلامی لشکر کی تعداد تھی؟

(ا) دو ہزار | (ب) تین ہزار ✓

(ج) چار ہزار | (د) پانچ ہزار

(۲۲) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تو آپ ﷺ کا کون سا چچا آپ کو سزا دیتا تھا؟

(ا) حکم بن ابی العاص ✓ | (ب) عتبہ

(ج) شیبہ | (د) ولید

(۲۳) سریہ موتہ میں اسلامی لشکر کے تیسرے سپہ سالار کون تھے؟

(ا) حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ ✓ | (ب) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ | (د) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

(۲۴) رسول اللہ ﷺ کی قبر مبارک کے لیے جگہ کھودنے کی سعادت کن صحابی کو حاصل ہوئی؟

(ا) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ　(ب) ✓ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۲۵) کن خلیفہ راشد کے دور میں طاعون کی وبا پھیلی جس میں بڑے بڑے صحابہ کرام نے انتقال کیا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　(ب) ✓ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۲۶) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا قاتل ابولؤلؤ فیروز کن کا غلام تھا؟

(ا) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ　(ب) ✓ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ　(د) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

(۲۷) حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر قاتلانہ حملہ کس نماز کے وقت ہوا تھا؟

(ا) ✓ نمازِ فجر　(ب) نمازِ ظہر

(ج) نمازِ عصر　(د) نمازِ مغرب

(۲۸) خلفاء راشدین میں فقہ وقضاء میں سب سے زیادہ مقام کن کو حاصل ہے؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ　(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ　(د) ✓ حضرت علی رضی اللہ عنہ

(۲۹) "عام الجماعۃ" (مسلمانوں کے مابین اتحاد کا سال) کس سال کو کہا جاتا ہے؟

(ا) ۳۷ہجری　(ب) ۳۸ہجری

(ج) ۳۹ہجری　(د) ✓ ۴۱ہجری

(۳۰) جنگ نہاوند میں ایرانی فوج کی قیادت کس کے پاس تھی؟

(ا) رستم　(ب) ✓ مردان شاہ

(ج) ہرمزان　(د) یزدگرد

(۳۱) جنگ نہروان میں خوارج کی فوج کا سپہ سالار کون تھا؟

(ا) عبدالرحمٰن بن ملجم　(ب) حبیب بن بجرہ

(ج) ✓ عبداللہ بن وہب راسبی　(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۳۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ کب خلافت کے منصب پر فائز ہوئے؟

(ا) ✓ ۳۵ہجری　(ب) ۳۶ہجری

(ج) ۳۷ہجری　(د) ۳۸ہجری

(۳۳) حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی کس بیوی نے آپ کو زہر دیا تھا؟

(ا) زنیرہ بنت سعد　(ب) ہادیہ بنت اُمیہ

(ج) ✓ جعدہ بنت اشعث　(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۳۴) ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کب انتقال کیا؟

(ا) ۴۸ھ　(ب) ۵۲ھ

(ج) ۵۶ھ　(د) ✓ ۵۸ھ

(۳۵) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا پہلا نکاح کن سے ہوا تھا؟

(ا) عثمان بن طلحہ　(ب) مطعم بن عدی

(ج) ✓ ابوسلمہ، عبداللہ بن عبدالاسد رضی اللہ عنہ　(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۳۶) امہات المومنین میں سب سے زیادہ عمر کن نے پائی؟

(ا) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا　(ب) ✓ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا

(ج) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا　(د) حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا

(۳۷) اللہ تعالیٰ نے شب معراج، رسول اللہ ﷺ کو کیا تحفہ دیا تھا؟

(ا) روزہ　(ب) ختم نبوت

(ج) حج　(د) ✓ نماز

(۳۸) رمضان المبارک کے دوسرے عشرہ کو کیا کہا جاتا ہے؟

(ا) ✓ عشرہ مغفرت　(ب) عشرہ رحمت

(ج) عشرہ نجات　(د) عشرہ محبت

(۳۹) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو کون سا لقب عطا کیا گیا؟

(ا) امین الامت　(ب) کنز العلماء

(ج) ✓ سیف اللہ　(د) حبر الامہ

(۴۰) جنگ یرموک میں رومی فوج کا سپہ سالار کون تھا؟

(ا) باہان (ب) رستم

(ج) یزدگرد (د) مردان شاہ

(۴۱) حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ابتدائی ایمان لانے والوں کو قرآن نے کہا ہے؟

(ا) صحابی (ب) حواری

(ج) تابعی (د) اہل ایمان

(۴۲) بدکاری کو ثابت کرنے کے لیے کتنے گواہوں کا ہونا ضروری ہے؟

(ا) ایک (ب) دو

(ج) تین (د) چار

(۴۳) تقابل ادیان کا آغاز سب سے پہلے کس آسمانی کتاب نے کیا؟

(ا) تورات (ب) زبور

(ج) انجیل (د) قرآن حکیم

(۴۴) ''برہما سماج'' کے بانی کا نام تھا؟

(ا) کرشن مہاراج (ب) سوامی دیانند سرسوتی

(ج) راجہ رام موہن رائے (د) کرم داس

(۴۵) جین مت کے بانی مہاویر کا اصل نام کیا تھا؟

(ا) گوتم (ب) وردھمان

(ج) سدھارتھ (د) کپلا

(۴۶) اوتار کے لفظی معنی کیا ہیں؟

(ا) گرنے والا (ب) اُترنے والا

(ج) بلندی پر چڑھنے والا (د) ملانے والا

(۴۷) بابا گرونانک کے جانشین کا نام کیا تھا؟

(ا) امرت (ب) لہنا

(ج) رنجیت سنگھ (د) گرورام داس

(۴۸) ''نوروز'' کس مذہب کا تہوار ہے؟

(ا) زرتشتیت (ب) عیسائیت

(ج) ہندومت (د) بدھ مت

(۴۹) سکھ مذہب کے بانی کا نام کیا ہے؟

(ا) گرورام داس (ب) گروارجن

(ج) گروگوبند سنگھ (د) گرونانک

(۵۰) ''جنان مارگ'' کس مذہب کی اصطلاح ہے؟

(ا) یہودیت (ب) ہندومت

(ج) عیسائیت (د) زرتشتیت

(۵۱) ''اشنان'' کس مذہب کی رسم ہے؟

(ا) بدھ مت (ب) سکھ مت

(ج) ہندومت (د) جین مت

(۵۲) طارق بن زیاد کس کا غلام تھا؟

(ا) موسیٰ بن نصیر (ب) عبدالرحمٰن الداخل

(ج) عیسیٰ بن موسیٰ (د) عبداللہ بن علی

(۵۳) کس یونانی فلسفی نے کہا تھا کہ ہر چیز کی اصل پانی ہے؟

(ا) ارسطو (ب) افلاطون

(ج) سقراط (د) بقراط

(۵۴) سارک تنظیم کے مسلمان رکن ممالک کی تعداد کتنی ہے؟

(ا) ۲ (ب) ۳

(ج) ۴ (د) ۸

(۵۵) حضرت نافع کن کے آزاد کردہ غلام تھے؟

(ا) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ (د) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

(۵۶) گائے کا احترام کس مذہب میں کیا جاتا ہے؟

(ا) عیسائیت — (ب) زرتشتیت

(ج) سکھ مت — (د) ہندومت ✓

(۵۷) عائلی قانون "Pakistan Family Law" کب منظور ہوا تھا؟

(ا) ۱۹۵۸ء — (ب) ۱۹۵۹ء

(ج) ۱۹۶۰ء — (د) ۱۹۶۱ء ✓

(۵۸) یروشلم کی بنیاد کس پیغمبر نے رکھی تھی؟

(ا) حضرت صالح علیہ السلام — (ب) حضرت داؤد علیہ السلام ✓

(ج) حضرت ایوب علیہ السلام — (د) حضرت یونس علیہ السلام

(۵۹) ابن قیم کا سال پیدائش کون سا ہے؟

(ا) ۶۹۱ھ ✓ — (ب) ۶۹۲ھ

(ج) ۶۹۳ھ — (د) ۶۹۴ھ

(۶۰) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہم عصر پیغمبر تھے؟

(ا) حضرت لوط علیہ السلام — (ب) حضرت یحییٰ علیہ السلام ✓

(ج) حضرت یونس علیہ السلام — (د) حضرت شعیب علیہ السلام

(۶۱) بائبل کے بیان کے مطابق حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کل کتنے برس عمر پائی؟

(ا) ۱۷۲سال — (ب) ۱۷۳سال

(ج) ۱۷۴سال — (د) ۱۷۵سال ✓

(۶۲) وید کے چوتھے حصے کو کہتے ہیں؟

(ا) سمہتا — (ب) برہمن

(ج) آرنیکا — (د) اُپنشد ✓

(۶۳) عیسائیوں کی کس انجیل میں کثرت سے رسول اکرم ﷺ کی آمد کی بشارات دی گئی ہیں؟

(ا) انجیل متی — (ب) انجیل برناباس ✓

(ج) انجیل لوقا — (د) انجیل مرقس

(۶۴) حواری کے لفظی معنی ہیں؟

(ا) محبت کرنے والا — (ب) رحم کرنے والا

(ج) حوریں — (د) کپڑا دھو کر اسے صاف کرنے والا ✓

(۶۵) عقیدہ تثلیث کن دو مذاہب میں پایا جاتا ہے؟

(ا) عیسائیت اور ہندومت ✓ — (ب) بدھ مت اور جین مت

(ج) یہودیت اور عیسائیت — (د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۶۶) حضرت مجدد الف ثانی کا تعلق کس سلسلہ تصوف سے تھا؟

(ا) نقشبندیہ ✓ — (ب) قادریہ

(ج) چشتیہ — (د) سہروردیہ

(۶۷) "فتوحات مکیہ" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابن عربی ✓ — (ب) امام قشیری

(ج) ابوطالب مکی — (د) شیخ عبدالحق محدث دہلوی

(۶۸) وہابی تحریک کے بانی کا نام کیا ہے؟

(ا) سعید نورسی — (ب) محمد بن عبدالوہاب ✓

(ج) محمد بن علی السنوسی — (د) حسن البناء

(۶۹) قرض کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(ا) قطع کرنا، کترنا ✓ — (ب) بوجھ

(ج) رقم — (د) تعاون

(۷۰) ابن بطوطہ کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(ا) مفسر — (ب) محدث

(ج) متکلم — (د) سیاح ✓

(۷۱) دین کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(ا) عطا کرنا — (ب) تعاون کرنا

(ج) خوشبو پھیلانا — (د) جھکنا، اطاعت کرنا ✓

(۷۲) سقوطِ ڈھاکا کب ہوا؟

(ا) دسمبر ۱۹۶۸ء　　(ب) دسمبر ۱۹۶۹ء

(ج) دسمبر ۱۹۷۰ء　　(د) ✓ دسمبر ۱۹۷۱ء

(۷۳) اصول الشاشی کے مصنف نظام الدین الشاشی کس فقہی مکتبِ فکر سے تعلق رکھتے تھے؟

(ا) مالکی　　(ب) ✓ حنفی

(ج) شافعی　　(د) حنبلی

(۷۴) تکبیر تحریمہ سے کیا مراد ہے؟

(ا) ✓ نماز کے آغاز میں اللہ اکبر کہنا　　(ب) سبحان اللہ کہنا

(ج) الحمد للہ کہنا　　(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

(۷۵) یوم عرفہ کس دن کو کہتے ہیں؟

(ا) ۷ ذی الحج　　(ب) ✓ ۹ ذی الحج

(ج) ۱۰ ذی الحج　　(د) ۱۱ ذی الحج

(۷۶) اسلامی فقہ میں لاحق سے کون سا نمازی مراد ہے؟

(ا) ✓ وضو ٹوٹ جانے کی وجہ سے جس کی کوئی رکعت جماعت سے چھوٹ گئی ہو

(ب) نماز قضا کرنے والا　　(ج) نماز وقت پر پڑھنے والا

(د) نماز میں سستی کرنے والا

(۷۷) ایلاء کی اصطلاحی تعریف کیا ہے؟

(ا) ✓ بیوی سے چار ماہ تک جدا رہنے کی قسم کھا لینا

(ب) قسم کھانا　　(ج) بیوی کا نفقہ

(د) بیوی کا نافرمان ہونا

(۷۸) مسجد ضرار کو کس غزوہ کے بعد گرانے کا حکم دیا گیا؟

(ا) غزوہ بدر　　(ب) غزوۂ اُحد

(ج) غزوۂ خندق　　(د) ✓ غزوۂ تبوک

(۷۹) امام ابوحنیفہ نے کس شہر میں انتقال کیا؟

(ا) کوفہ　　(ب) ✓ بغداد

(ج) مکہ　　(د) مدینہ

(۸۰) "اہل الرائے" کا لقب کس مکتبِ فکر کو دیا گیا ہے؟

(ا) شوافع　　(ب) حنبلی

(ج) مالکی　　(د) ✓ احناف

(۸۱) "امام اہل مدینہ" سے کون سی شخصیت مراد ہے؟

(ا) امام ابوحنیفہ　　(ب) ✓ امام مالک

(ج) امام احمد بن حنبل　　(د) امام شافعی

(۸۲) نابالغ لڑکی جس کا نکاح اس کے کسی سرپرست نے کیا ہو، بالغ ہونے کے بعد اسے حق حاصل ہے کہ وہ اسے قائم رکھے یا ختم کردے۔ شریعت میں اس حق کے لیے کیا اصطلاح استعمال ہوتی ہے؟

(ا) خیار شرط　　(ب) ✓ خیار بلوغ

(ج) خلع　　(د) طلاق

(۸۳) ائمہ اربعہ میں سے کون سے امام "ہاشمی النسب" ہیں؟

(ا) امام ابوحنیفہ　　(ب) امام مالک

(ج) ✓ امام شافعی　　(د) امام احمد بن حنبل

(۸۴) اُم المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کس سال رسول اللہ ﷺ کے عقد میں آئیں؟

(ا) ✓ سات ہجری　　(ب) آٹھ ہجری

(ج) نو ہجری　　(د) دس ہجری

(۸۵) وہ ملک جہاں مسلمانوں کو غلبہ اور تسلط حاصل ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(ا) دار الحرب　　(ب) ✓ دار الاسلام

(ج) اعلیٰ ملک　　(د) غالب ملک

(۸۶) ''مسلمانوں کے سائنسی کارنامے'' کن کی تصنیف ہے؟

(ا) ڈاکٹر غلام جیلانی برق　(ب) ڈاکٹر محمد طفیل ہاشمی

(ج) ڈاکٹر حسین نصر　(د) ڈاکٹر محمود احمد غازی

(۸۷) الکوحل کس مسلمان سائنس دان نے ایجاد کی؟

(ا) جابر بن حیان　(ب) ابن الہیثم

(ج) ابن بیطار　(د) ابن سینا

(۸۸) محمد بن زکریا رازی کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(ا) بغداد　(ب) بصرہ

(ج) رے　(د) کوفہ

(۸۹) ''طب العیون'' کے مؤلف کا نام کیا ہے؟

(ا) ابوبکر محمد بن عبدالملک　(ب) ابن النفیس

(ج) ابن سینا　(د) ابوالقاسم الزہراوی

(۹۰) ابن بیطار کا پورا نام کیا ہے؟

(ا) احمد بن عبداللہ　(ب) عبداللہ بن احمد

(ج) ابوبکر بن علی　(د) حسن بن احمد

(۹۱) ''الحاد مغرب اور ہم'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) ڈاکٹر عمر عبداللہ　(ب) ڈاکٹر غلام جیلانی برق

(ج) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر　(د) مناظر احسن گیلانی

(۹۲) ارسطو کس کا شاگرد تھا؟

